www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 10 جمادی الثانی 1447ھ 03 دسمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 149

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

عمران خان نے کہا سہیل آفریدی فرنٹ فٹ پر کھیلیں، بانی صحت مند، قید تنہائی میں رکھ کر تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، عظمیٰ خان

عمران خان بہت غصے میں تھے کہا یہ مجھے ذہنی ٹارچر کر رہے ہیں ان سب کا ذمہ دار ایک شخص ہے، وکٹ کی دونوں جانب کھیلنے والے میر جعفر و میر صادق ہیں ان کیلئے پارٹی میں کوئی جگہ نہیں ہے

محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کی عزت کرتا ہوں، پارٹی سپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کے سامنے احتجاج کرے اور کوشش کرے تاکہ ان کا بطور قائد حزب اختلاف نوٹیفکیشن جاری ہو، ہمشیرہ سے گفتگو

بانی پی ٹی آئی نے کچھ ہدایات دی ہیں، کچھ سوالات پارٹی کی جانب سے بھجوائے گئے تھے، سلمان اکرم راجہ اور حامد خان جسے کہیں گے پی ٹی آئی اسے سپورٹ کرے گی، اڈیالہ جیل کے باہر صحافیوں سے گفتگو

ان کو بڑی فکر ہے بھارتی میڈیا پر بات کیوں کی، ہم پوری دنیا کے میڈیا پر اپنی آواز اٹھائیں گے، یہ بانی پی ٹی آئی سے ان کی فیملی کی ملاقات کرانے سے خوفزدہ ہیں، علیمہ خان کی میڈیا سے بات چیت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن عظمیٰ خان نے کہا ہے کہ عمران خان کی صحت الحمدللہ ٹھیک ہے مگر وہ بہت غصے میں تھے، انہیں ذہنی ٹارچر کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے بہن عظمیٰ خان نے 29 روز بعد ملاقات کی وہ اکیلی گیٹ نمبر 5 سے اڈیالہ جیل روانہ ہوئیں۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے پیغام دیا کہ ون پرسن ون ملاقات کی اجازت ہے، ڈاکٹر عظمیٰ خان کو خصوصی گاڑی میں ناکے سے گاڑی پر جیل لے جایا گیا۔ عظمیٰ خان عمران خان سے 20 منٹ کی ملاقات کے بعد باہر آئیں اور اڈیالہ کے باہر ہی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تصدیق کی کہ عمران خان کی صحت الحمدللہ ٹھیک ہے اور وہ مکمل طور پر صحت یاب ہیں۔ عظمیٰ خان نے بتایا کہ عمران خان نے کہا ہے کہ یہ کسی سے بات کراتے ہیں نہ ہی ملاقات کی اجازت ہے، یہ مجھے ذہنی ٹارچر کر رہے ہیں فزیکل سے مینٹل ٹارچر ہوتا ہے، ان سب کا ذمہ دار ایک شخص ہے، اسی کے کہنے......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

2 لڑکیوں کی ہلاکت، جج کے بیٹے کا جسمانی ریمانڈ منظور

کم عمر ملزم نے تیز رفتار گاڑی سے سکوٹی پر سوار لڑکیوں کو ٹکر ماردی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائیکورٹ کے جج جسٹس محمد آصف کے کم عمر بیٹے کو تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے دو نوجوان لڑکیوں کے جاں بحق ہونے کے مقدمے میں جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں دے دیا گیا۔ عدالتی مجسٹریٹ شائستہ خان کنڈی نے پولیس کی درخواست پر جسمانی ریمانڈ کا حکم جاری کیا۔ سیکرٹریٹ پولیس اسٹیشن میں درج فرسٹ انفارمیشن......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

مضبوط اور مستحکم نظام دہشتگردی کے خاتمے کا ضامن ہے، سرفراز بگٹی

صحت کے شعبے میں اصلاحات سے 20 ماہ کے دوران 164 سے زائد غیر فعال بی ایچ یوز کو دوبارہ فعال کر دیا

سروس ڈیلیوری اور گورننس میں بہتری کے بغیر دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنا ممکن نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

صحت کے شعبے میں اصلاحات حکومتی ترجیحات کی عکاس ہیں، اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت کی صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نتیجے میں گزشتہ 20 ماہ کے دوران 164 سے زائد غیر فعال بی ایچ یوز کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے، جس سے بنیادی سطح پر صحت کی سہولیات میں......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی شریک ہیں

جسٹس کامران خان ملاخیل کا بطور مستقل چیف جسٹس بلوچستان تقرر

جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں جسٹس ظفر راجپوت کو سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر نامزد کرنے کی منظوری

کمیشن کے چیئرمین جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت اجلاس، سفارشات صدر مملکت کو بھجوائی جائیں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جوڈیشل کمیشن آف پاکستان نے اعلیٰ عدلیہ میں اہم تقرریوں سے متعلق اجلاس میں سندھ اور بلوچستان ہائیکورٹس کے نئے چیف جسٹس سمیت سپریم کورٹ کے مستقل جج کی نامزدگیاں منظور کرلیں۔ ذرائع کے مطابق جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا اہم اجلاس چیف جسٹس اور کمیشن کے چیئرمین جسٹس یحییٰ آفریدی کی......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ملزمان مقررہ تاریخ کے اندر عدالت کے سامنے سرنڈر نہیں کرتے تو ان کی جائیدادیں نیلام کی جائیں، عدالت ضامنوں کو بھی نوٹسز جاری

جی ایچ کیو حملہ کیس میں عمر ایوب، شبلی فراز سمیت 18 ملزمان اشتہاری قرار

عدم حاضری، منقولہ و غیر منقولہ جائیدادیں ضبط کرنے کا حکم

کنول شوذب، راشد شفیق، زرتاج گل، مہر جاوید، احمد چٹھہ، رائے حسن نواز، بلال اعجاز، مرتضیٰ خان، اشرف سوہنا، چوہدری آصف، شکیل نیازی، محمد انصر اقبال، حیدر محمود، شاہیر سکندر اور حمزہ لطیف بھی اشتہاری قرار

ریونیو افسران کو ملزمان کی جائیدادیں قرق کرنے کا حکم، جائیدادوں کی نیلامی سے حاصل شدہ رقم قومی خزانے میں جمع کرائی جائے گی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے احکامات جاری کر دیئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس میں پی ٹی آئی کے 18 غیر حاضر ملزمان کو اشتہاری قرار دے دیا۔ اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان میں شبلی فراز، عمر ایوب، کنول شوذب، شیخ راشد شفیق اور زرتاج گل شامل......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پشتونخوا ملی عوامی پارٹی محمود خان اچکزئی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 52 ویں برسی کے جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت نے آئین کی بنیاد اکھاڑ دی، عوام ظلم کیخلاف کھڑے ہوں، محمود خان اچکزئی

ایسی پارلیمنٹ چاہتے ہیں جو طاقت کا سرچشمہ ہو جہاں پر آئین کی حکمرانی ہو اور آباد اقوام کے حقوق تسلیم کیے جائیں

چار کروڑ آبادی والے خیبر پشتونخوا کے حقیقی مینڈیٹ کو پامال کر کے گورنر راج نافذ کیا گیا تو عوام سڑکوں پر نکلیں گے

کارکنوں پر ظلم جبر جاری ہے، اسلام میں جنگ کو پسند نہیں کیا جاتا پاکستان کو بنانا ہے تو یہ طریقہ نہیں چلے گا، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم آئین اور قانون کی بالادستی کی بات کرتے ہیں ایسی پارلیمنٹ چاہتے ہیں جو طاقت کا سرچشمہ ہو جہاں پر آئین کی حکمرانی ہو کسی کو اختیار نہیں......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت سری لنکا کو انسانی امداد کی فراہمی میں رکاوٹ بن رہا ہے، پاکستان

خصوصی امدادی پرواز کو بھارت سے اجازت ملنے میں 60 گھنٹے سے زائد تاخیر کا سامنا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت سری لنکا کو انسانی امداد پہنچانے میں رکاوٹ ڈال رہا ہے، جہاں سائیکلون ڈٹوا کے سبب شدید سیلاب اور زمین......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، قومی کمیشن برائے اقلیتی حقوق بل منظور، اپوزیشن کا احتجاج و نعرے بازی

پیپلز پارٹی کی حمایت، سینیٹر عبدالقادر اور ایمل ولی خان کی مخالفت، شق 35 حذف کرنے کی ترمیم کثرت رائے سے منظور

یہ اقلیتوں کے حقوق کا بل ہے، قیدی نمبر 804 کو کچھ نہیں ہوگا، آئین پاکستان کے مطابق قادیانی غیر مسلم ہیں، وزیر قانون

اسلام کے خلاف قانون سازی کا پارلیمان متحمل نہیں ہو سکتا، بیرسٹر گوہر، فیصلہ سازی میں اپوزیشن لیڈر کا نہ ہونا اچھی بات نہیں، علامہ راجہ ناصر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتوں کی تحریک منظور کرلی گئی، 160 اراکین نے تحریک کی حمایت اور 79 اراکین نے مخالفت کی، اپوزیشن اراکین نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے شدید احتجاج اور نعرے بازی کی اور ایوان سے چلے گئے۔ پارلیمنٹ......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بائیولوجیکل اور زہریلے ہتھیاروں کے خلاف بل منظور، سخت سزائیں

ہتھیار پاکستان یا پاکستان سے باہر استعمال کرنے پر سزائے موت یا عمر قید ہوگی

مدد فراہم کرنے پر 25 سال قید اور ایک کروڑ روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بائیولوجیکل اور زہریلے ہتھیاروں کے خلاف بل بھی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظور کیا گیا جس کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ بل کے متن کے مطابق پاکستان میں حیاتیاتی ہتھیاروں پر مکمل پابندی ہوگی، حیاتیاتی ہتھیار استعمال کرنے پر سزائے موت، عمر قید اور ایک کروڑ جرمانہ ہوگا۔ بائیو ویپن کی تیاری کے......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم میں کسی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، فضل الرحمان

ترمیم میں بعض شخصیات کو سہولتیں و مراعات دینا خدمات کا صلہ نہیں، طبقاتی تقسیم کرنا ہے

18 ویں ترمیم تیار کی تو لگا جماعتیں اختلاف کے باوجود اکٹھی ہو سکتی ہیں، امیر جے یو آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم میں کسی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اس ترمیم میں بعض شخصیات کو ایسی سہولتیں و مراعات دی گئیں، ایسی مراعات کسی کو دینا خدمات کا صلہ نہیں بلکہ......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، دہشتگردوں کا حملہ، اسسٹنٹ کمشنر شمالی وزیرستان و پولیس اہلکاروں سمیت 4 افراد شہید

میرانشاہ روڈ فلور ملز کے قریب پولیس موبائل پر دہشتگردوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی، اہلکار اور ایک ڈرائیور زخمی

اسسٹنٹ کمشنر شاہ ولی اللہ موقع پر ہی شہید، دہشتگرد فرار ہوتے ہوئے پولیس اہلکاروں سے اسلحہ بھی چھین کر لے گئے

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں کے علاقے میرانشاہ روڈ پر اسسٹنٹ کمشنر شمالی وزیرستان کی گاڑی پر حملہ کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر شاہ ولی اللہ شہید ہوگئے اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر بنوں نے بتایا کہ حملے میں شہید ہونے والوں کی تعداد 4 ہے جس میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار اور ایک ڈرائیور زخمی بھی ہوا۔ انہوں نے کہا کہ......

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سری لنکا میں سیلاب سے اموات کی تعداد 410 ہوگئی

336 افراد تاحال لاپتہ، ملک بھر میں 15 لاکھ سے زائد افراد متاثر

کولمبو (م ڈ) سری لنکا میں شدید بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 410 تک پہنچ گئی ہے، جبکہ 336 افراد تاحال لاپتہ ہیں......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ترک وزیر توانائی کی ملاقات

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ترک وزیر توانائی نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) میں ملاقات کی ہے، جس میں پاکستان اور ترکیہ کا توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا اور......

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور میں دہشت گردوں کا گھر پر راکٹ حملہ، دو بچے زخمی

زخمی بچے اسپتال منتقل، راکٹ حملے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس

کوئٹہ (اے این این) پنجگور کے علاقے چتکان میں دہشت گردوں نے شہری کے گھر پر راکٹ حملہ کردیا، دو راکٹ فائر ہونے سے دو بچے زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے 2 آر پی جی راکٹ فائر کیے، جس کے سبب پنجگور کے علاقے چتکان......

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ملاقاتیں پہلے ہو جاتیں تو اتنی تشویش نہ ہوتی، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی کو تنہائی میں رکھنا 70 فیصد عوام کو آئسولیٹ کرنے کے مترادف ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ملاقاتیں پہلے ہو جاتیں تو اتنی تشویش نہ ہوتی۔ راولپنڈی......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج کی مخالفت کی اور کرتے رہیں گے، ایمل ولی

جو گند کیا ہے اب اسے برداشت کرنا ہوگا، غیر جمہوری عمل کا ساتھ نہیں دیں گے، صدر اے این پی

اسلام آباد (اے این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ گورنر راج مسائل کا حل نہیں ہے، اس معاملے سے اے این پی کو دور رکھا......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سینیٹر عرفان صدیقی کی خالی سینیٹ نشست پر ضمنی انتخاب کا اعلان

لاہور (بیورو رپورٹ) سینیٹر عرفان صدیقی کے انتقال کے باعث خالی ہونے والی سینیٹ کی جنرل نشست کیلئے ضمنی انتخاب کا اعلان کر دیا گیا۔ ترجمان الیکشن کمشنر پنجاب کے مطابق امیدوار 4 دسمبر......

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

برآمدات میں اضافے کے ذریعے معاشی ترقی کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں، وزیر اعظم

مختلف ورکنگ گروپس کی تجاویز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، کاروبار اور مضبوط معیشت ہی سے ٹیکس آمدن میں اضافہ ہوگا

کاروباری شخصیات اور سرمایہ کار قابل احترام، حکومت ٹیکس دینے والوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ برآمدات میں اضافے کے ذریعے معاشی ترقی کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں، کاروباری شخصیات اور سرمایہ کار قابل احترام ہیں، مختلف ورکنگ گروپس کی تجاویز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، کاروبار اور مضبوط معیشت ہی سے ٹیکس آمدن میں اضافہ ہوگا۔ منگل کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ......

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، عظمیٰ خان اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کرنے کے بعد واپس آ رہی ہیں

جسٹس طارق جہانگیری ڈگری تنازع کیس میں بڑی پیش رفت

اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایچ ای سی کے ذریعے کراچی یونیورسٹی سے ریکارڈ طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس طارق جہانگیری ڈگری تنازع کیس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق عدالت نے جامعہ کراچی......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی شہزادہ عبداللہ بن فہد انتقال کر گئے

ریاض (م ڈ) سعودی عرب میں ایوان شاہی کا کہنا ہے کہ شہزادہ عبداللہ بن فہد بن عبداللہ بن عبدالعزیز کا بیرون ملک انتقال ہوگیا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایوان شاہی کا کہنا ہے کہ شہزادہ......

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکوں کے دو واقعات

باپ بیٹے سمیت 3 افراد جھلس کر زخمی، ہسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں شدید سردی میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور لیکج کے باعث گیس دھماکوں کے 2 مختلف واقعات میں باپ بیٹے سمیت......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

معین خان نے اپنے انتقال سے متعلق خبروں کی تردید کردی

افواہ تھی کہ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے سینئر کرکٹر کا انتقال ہوگیا ہے

سوشل میڈیا کے دوست خبر لگانے سے قبل تصدیق کیا کریں، سابق کرکٹر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق پاکستانی کرکٹر معین خان نے اپنے انتقال سے متعلق سوشل میڈیا پر پھیلنے والی تمام خبروں کی سختی سے تردید کر دی۔ گزشتہ روز سوشل میڈیا پر جھوٹی خبریں گردش کر رہی تھیں کہ 54 سالہ معین خان دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال......

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان آرمی اور پیپلز لبریشن آرمی کی مشترکہ فوجی مشق واریئر IX کا آغاز

مشق کی افتتاحی تقریب جتنل کاؤنٹر ٹیرازم سینٹر میں ہوئی، مقصد باہمی تعاون میں اضافہ، پیشہ ورانہ مہارت بہتر کرنا ہے

منگلا کور کے کمانڈر، پی ایل اے ویسٹرن تھیٹر کمانڈ کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف اور پاکستان و چین کے دیگر سینئر عسکری حکام کی شرکت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان آرمی اور چین کی پیپلز لبریشن آرمی کی مشترکہ فوجی مشق واریئر IX کا آغاز ہوگیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق انسداد دہشت گردی کے شعبے میں مشق کا آغاز یکم دسمبر 2025 کو ہوا، مشق کی افتتاحی تقریب......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کارکنوں کا صوابی انٹرچینج پر احتجاج، موٹروے بند

کارکنوں نے موٹروے پر ٹائر جلائے، گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں

صوابی (بیورو رپورٹ) صوابی میں پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں نے صوابی انٹرچینج کے قریب ریسٹ ایریا کے مقام پر احتجاج کیا۔ پی ٹی آئی کارکنوں نے ٹائر اور لکڑیوں کو آگ لگا کر موٹروے کے دونوں اطراف کو ٹریفک کیلئے مکمل طور پر بند کر دیا جس......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیرستان، فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک

میر علی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کیساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

دوسرا آپریشن اسپین وام میں کیا گیا، صدر، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کی جانب سے کامیاب آپریشن پر فورسز کو خراج تحسین

وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر 2 الگ الگ کارروائیوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جب کہ کارروائیوں کے دوران اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

آبادی کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے ہر طبقے کو کردار ادا کرنا ہوگا، عطاء تارڑ

پاکستان کی آبادی میں ہر سال نیوزی لینڈ کی آبادی کے برابر اضافہ ہو رہا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے آبادی میں تیزی سے اضافے کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی آبادی......

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان اڈیالہ جیل کے باہر مظاہرے کی قیادت کر رہے ہیں

یورپی یونین کا سیلاب متاثرین کیلئے مزید 30 لاکھ یورو امداد کا اعلان

امداد پنجاب کے حالیہ مون سون میں بدترین تباہی کا شکار علاقوں میں خرچ ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) یورپی یونین نے پاکستان میں سیلاب سے شدید متاثرہ آبادیوں کے لیے 30 لاکھ یورو کی اضافی ہنگامی امداد کا اعلان کردیا۔ یورپی یونین کی ہنگامی امداد پنجاب کے ان علاقوں میں خرچ کی جائے گی جو حالیہ مون سون میں بدترین تباہی......

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم بلوچستان نے نصاب کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا

نئے تعلیمی سال میں پرائمری سے پڑھائی جانے والی کتب کو جدید تقاضوں کے مطابق تیار کیا جائیگا، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ

سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس میں جماعت اول تا بارہویں تک ناظرہ قرآن مجید کی تعلیم کو نصاب کا حصہ بنایا جا رہا ہے

نئے نصاب میں جماعت ششم سے ہشتم تک کمپیوٹر ایجوکیشن کی نئی کتب بھی متعارف کروا دی گئی ہیں، گلاب خان خلجی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر/این این آئی) بلوچستان کے محکمہ تعلیم نے نئے تعلیمی سال کے لئے نصاب کو تبدیل کرنے......

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ایپل کمپنی کا بھارتی جاسوس ایپ موبائل میں نصب کرنے سے انکار

بھارتی سیاسی جماعتیں اور صحافی بھی اس ایپ کو سرکاری جاسوسی قرار دے چکے ہیں

نریندر مودی حکومت لوگوں کے گھروں اور زندگیوں میں گھسنا چاہتی ہے، پریانکا گاندھی

نیویارک (م ڈ) امریکی موبائل فون کمپنی ایپل نے بھارتی حکومت کا فونز میں نگرانی کی سرکاری ایپ نصب کرنے کا حکم ماننے سے انکار کر دیا۔ بھارتی اپوزیشن جماعتوں......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن بنیان المرصوص میں دشمن کو بدترین شکست دی، ایئر چیف

رافیل طیاروں کی صلاحیت پاک ایئرفورس کے سامنے صفر ثابت ہوئی، سائبر وار فیئر میں برتری ثابت کی

دشمن کی ہر حرکت کو لمحوں میں مانیٹر کیا اور ردعمل دیا، ظہیر احمد بابر سدھو کا رسالپور میں گریجویشن پریڈ سے خطاب

رسالپور (بیورو رپورٹ) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ ہر دور میں مضبوط دفاعی لائن ثابت ہوئی، رافیل طیاروں کی صلاحیت پاک فضائیہ کے سامنے صفر ثابت ہوئی، مئی میں ہونے والے معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیان مرصوص میں دشمن کو شکست دی۔ رسالپور میں پی اے ایف اصغر خان اکیڈمی میں گریجویشن......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 2025 سے متعلق تفصیلات سامنے آگئیں

کمیشن 16 ممبران پر مشتمل ہوگا، چاروں صوبوں سے دو، دو اقلیتی ممبران کمیشن کا حصہ ہوں گے

ایک ممبر وفاقی دارالحکومت سے ہوگا، اقلیتی ممبر کی نامزدگی چیف کمشنر اسلام آباد کی صوابدید پر ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے کثرت رائے سے منظور ہونے والے قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 2025 سے متعلق تفصیلات سامنے آگئیں۔ قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 16 ممبران پر مشتمل ہوگا اور چاروں صوبوں......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چینی کمپنی کا پاکستان میں بس مینوفیکچرنگ شروع کرنے کا اعلان

کراچی (بیورو رپورٹ) چین کی بس ساز کمپنی ژونگ ٹونگ بس ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ نے گندھارا انڈسٹریز لمیٹڈ (GIL) کے ساتھ تزویراتی شراکت داری کے بعد 2026 کے......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

مالی سال کے 5 ماہ میں تجارتی خسارہ اور درآمدات بڑھ گئیں، برآمدات میں کمی

جولائی سے نومبر تک تجارتی خسارے میں 37.17 فیصد کا اضافہ ہوا، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں تجارتی خسارہ اور درآمدات بڑھ گئیں جبکہ برآمدات میں کمی ہوئی، جولائی سے نومبر تک تجارتی خسارے میں 37.17 کا اضافہ ہوا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ تجارتی اعداد و شمار کے مطابق رواں......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، مشتعل ہجوم نے ڈاکو کو کھمبے سے باندھ کر زندہ جلا دیا

مبینہ ڈاکو نے اورنگی ٹاؤن میں مزاحمت پر شہری کو فائرنگ کر کے قتل کیا تھا

ڈاکو شدید جھلسنے کے باعث دم توڑ گیا، متعلقہ تھانے کا ایس ایچ او معطل

کراچی (م ڈ) اورنگی ٹاؤن میں مشتعل علاقہ مکینوں نے ایک ڈاکو کو کھمبے سے باندھ کر زندہ جلا دیا جب کہ ڈاکو کو زندہ جلانے کے واقعے کے دوران پولیس موقع پر نہ پہنچ سکی جس پر اعلیٰ افسر نے ایس ایچ او کو معطل کر دیا۔ دوسری جانب ڈاکو کو جلانے کے واقعے کا تیسرا مقدمہ بھی درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب مبینہ ڈاکو نے سیکٹر 7-اے میں مزاحمت پر شہری عبدالحسن کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ واقعے نے پورے علاقے میں شدید غم و غصہ پیدا کیا، جس کے بعد شہریوں نے مشتعل ہو کر ڈاکو کو پکڑا، تشدد کا نشانہ بنایا اور پھر آگ لگا دی......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ترکیہ کے بغیر پائلٹ طیارے نے عالمی دفاعی نظام کا نقشہ بدل دیا

یہ صرف ایک ڈرون نہیں، بلکہ اسٹیلتھ ٹیکنالوجی کا شاہکار ہے، جنگی ماہرین

استنبول (م ڈ) گزشتہ 20 برسوں میں ترکیہ نے جو پیش رفت کی، وہ صرف ترقی نہیں بلکہ عسکری انقلاب ہے، ایسا انقلاب جس نے امریکا کی دفاعی لابی، روس کے اسلحہ ساز اداروں، چین کی ٹیکنالوجی......

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سابق صدر عارف علوی بینک اکاؤنٹس منجمد کیس، تفتیشی افسر سے رپورٹ طلب

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی اور خاندان کے 12 افراد کے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے کے کیس میں تفتیشی افسر سے ایک ہفتے میں پیش رفت رپورٹ طلب کرلی......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی عدالت میں صدر، وزیر اعظم اور آرمی چیف کیخلاف درخواست دائر

صدر، وزیر اعظم، سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ، وزیر دفاع اور وزیر قانون نے اپنے حلف کی خلاف ورزی کی

سرکاری عہدیدار کو استثنیٰ دینا اسلام کی تعلیمات کے منافی ہے، آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی جائے، درخواست گزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئینی عدالت میں صدر، وزیر اعظم، آرمی چیف کیخلاف آرٹیکل 6 کی کارروائی کیلئے درخواست دائر کردی گئی، وفاقی آئینی عدالت نے درخواست موصول ہونے کی تصدیق کردی۔ اطلاعات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت میں......

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کے بیٹوں کو فون پر بات کی اجازت بھی نہیں، جمائما

حیران کن طور پر بین الاقوامی برادری کی طرف سے اس معاملے پر مکمل خاموشی ہے

لندن (م ڈ) بانی پی ٹی آئی کی سابق اہلیہ جمائما گولڈ اسمتھ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے بیٹوں کو کسی کو ان سے فون......

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کیسکو کے محنت کشوں کو بے یارو مددگار نہیں چھوڑیں گے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

نوید احمد لائن مین کرنٹ لگنے سے زخمی ہوئے انہیں علاج و معالجے کیلئے دفتر کے ساتھیوں نے چندہ کر کے کراچی بھیجا

کیسکو انتظامیہ ہوش کے ناخن لے' مزدور دشمن کیسکو چیف کے ٹی انور برطرف کر کے قانونی کاروائی کی جائے' ترجمان

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے نوید لائن مین کے زندگی اور موت کی جنگ لڑنے کے صورت میں کیسکو انتظامیہ کے جانب سے بے یارو مددگار چھوڑنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ 26 تاریخ کو وہ دوران ڈیوٹی بجلی کا کرنٹ لگنے سے شدید زخمی ہوگئے تھے اور 30 تاریخ تک کیسکو ادارے کے جانب سے انہیں علاج معالجے کیلئے ایک روپیہ بھی نہیں دیا گیا جنہیں انکے رشتے داروں اور دفتر کے ساتھیوں نے پیسے اکٹھے کر کے کراچی بذریعہ پرائیویٹ ایمبولینس روانہ کردیا۔ کیسکو چیف 27 تاریخ کو ٹوٹیشن کرنے ہسپتال آئے انکی حالت بھی اچھی طرح دیکھ کرانکے علاج کیلئے کوئی منظوری نہیں دی اور نہ ہی انکو کراچی بھی جانے کیلئے کسی ایمبولینس کا بندوبست کیا جو انتہائی افسوسناک عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفر مافیا اپنے وحشتوں اور مزدوروں میں خوف وہراس پھیلانے کیلئے سیفٹی سیمینار کے نام پر سیاسی جلسے کرتی ہے اور کیسکو انتظامیہ کو بلاکران جلسوں کو قانونی شکل دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے زندگیوں کو ٹرانسفر مافیا کے حکم پر خطرے میں ڈالنے کیلئے اور انکے خلاف کیس کرنے کیلئے سی ای او کیسکو لاکھوں روپے خرچ کر کے وکلاء کو اسلام آباد بھیجتے ہیں اور رات کے اندھیرے میں مزدوروں کیخلاف FIR درج کراتے ہیں لیکن مزدوروں کو حادثات کے صورت میں یہی انتظامیہ انہیں بے یارو مددگار چھوڑ دیتی ہے جو ان کے مزدور دشمنی کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں۔ یونائیٹڈ لیبر فرنٹ وفاقی وزیر توانائی، سیکرٹری توانائی چیئرمین BOD کیسکو وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ کیسکو کے مزدور دشمن اور مزدوروں کا قاتل CEO, کیسکو کو ٹی انور برطرف کر کے انکے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ بصورت دیگر یونائیٹڈ لیبر فرنٹ قانونی چارہ جوئی سمیت احتجاج کا راستہ اپنائے گی۔

ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی اسمنگلی روڈ کے تعمیراتی کام کی پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معذوران کے حقوق کے تحفظ کیلئے قانون سازی کی جائے، عزت اللہ کاکڑ

بلدیاتی انتخابات میں معذور افراد کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں، خواجہ نور

معذور افراد کے مسائل فلاحی مسلہ نہیں، بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے، کلیم اللہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) معذوران بلوچستان آرگنائزیشن کے صدر عزت اللہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری خواجہ نورکلیم اللہ، احمد خان سمیت دیگر نے کہا ہے کہ حکومت اور ریاستی ادارے قانون سازی کو یقینی بنا کر معذور افراد کو ترجیحی بنیادوں پر ان کے حقوق کے حصول کو یقینی نہیں بناتے اس وقت تک حقیقی تبدیلی ممکن نہیں ہو سکتی بلدیاتی انتخابات میں معذور افراد کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معذور افراد کو درپیش مسائل صرف فلاحی نہیں بلکہ بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے جب تک ادارے قانون سازی اور سیاسی قیادت معذوروں کو قومی ترجیح نہیں دیں گے اس وقت تک حقیقی تبدیلی ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ معذوروں کو برسوں سے تعلیم، صحت، روزگار، نقل وحمل، سیاسی نمائندگی اور بنیادی سہولیات تک رسائی میں شدید رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ تسلیم کرنا ہوگا کہ معذور کوئی بوجھ نہیں بلکہ ایک فعال، باشعور اور باصلاحیت طبقہ ہیں جنہیں مواقع دیئے جائیں تو وہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں معذور افراد کی شمولیت انتہائی محدود رہی پولنگ اسٹیشنز تک رسائی، ووٹنگ کے نظام اور انتخابی عمل میں سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے معذور ووٹرز کی ایک بڑی تعداد ووٹ کا حق استعمال کرنے سے قاصر رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی، سینیٹ، اور صوبائی اسمبلیوں میں معذور افراد کی نمائندگی نہیں ہے جس کے باعث پالیسی سازی میں ان کی آواز شامل نہیں ہوتی اور ان کے مسائل روز بروز بڑھ رہے ہیں ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ معذور افراد کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کرے کہ انہیں جینے کا حق دیا جائے تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔

شالدرہ کاسی فیڈر 1 اور فیڈر 2 میں بجلی کا بحران

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ شہر جو کہ ایک ناپرسان شہر کا روپ اختیار کرچکا ہے پورے شہر بالخصوص شالدرہ کاسی فیڈر 1 اور فیڈر 2 میں ٹینکرز مافیا اور واسا کی ملی بھگت میں اہم سہولت کار کیسکو کس کردار اہم ہے۔ ہر روز جب پانی کا وقت ہوتا ہے تو کیسکو دس بجے بجلی بند کرتے ہیں۔ اور پھر تین بجے تک بلا جواز۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کرتے ہیں۔ جس سے ٹینکرز مافیا کی بھرمار ہوتی ہے۔ ہر تیسرے دن رات کو 9۔ یا دس بجے بجلی چلی جاتی ہے پھر اگلے صبح 12 بجے تک بجلی نہیں ہوتی۔ آدھا گھنٹہ بجلی ہونے کے بعد پھر بجلی غائب۔ تین یا چار بجے آتی ہے۔ بیک وقت 12 سے 14 گھنٹے بجلی غائب ہوتی ہے۔ مری آباد سب ڈویژن جو کیسکو میں بھتہ خوروں۔ چوروں کا سب سے بڑا مرکز بنا ہوا ہے۔ واسا اور ٹینکرز مافیا سے ملکر عوام کو اذیت میں مبتلا کر رکھے ہیں۔ کیسکو کے اعلیٰ احکام کو معلومات ہوتے کے باوجود مجرم کا روپ دھارے تماشائی بنے ہوئے ہیں اور عوام کا امتحان لے رہے ہیں۔ علاقہ مکین نے کیسکو کے اعلیٰ احکام صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو مری آباد سب ڈویژن کے صارف دشمن عملہ کے خلاف کاروائی کریں۔

نوجوانوں کا اخلاقی زوال، اسباب وسد باب

تحریر: ملک زادہ سہیل کاکڑ

اسلامی معاشرت حسن حیا پر مبنی ہے، جو کہ ایمان کی سب سے بڑی نگہبان ہے۔ فرمان نبوی ﷺ کے مطابق حیا اور ایمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے جب ایک اٹھ جاتا ہے تو دوسرا بھی رخصت ہوجاتا ہے۔ یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ آج کے دور میں، بالخصوص ہمارے مسلم نوجوانوں میں، اس قیمتی متاع میں نمایاں کمی آ رہی ہے، جس کے باعث بے حیائی اور بے راہ روی کا چلن تیزی سے فروغ پا رہا ہے۔ یہ محض انفرادی زوال نہیں بلکہ پوری ملت کے اخلاقی ڈھانچے کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ اس اخلاقی گراوٹ کی وجوہات بڑی پیچیدہ اور کثیر الجہت ہیں۔ سب سے اہم سبب جدید میڈیا، سوشل میڈیا، اور انٹرنیٹ کے ذریعے مغربی ثقافت کا سیلاب ہے، جسے ہم اخلاقی یلغار بھی کہہ سکتے ہیں۔ موبائل فونز کی لامحدود رسائی نے نوجوانوں کے ذہنوں اور دلوں پر چوبیس گھنٹے دستک دے کر ان کے فطری حیا کے احساس کو کچل دیا ہے۔ دوسرا بڑا سبب خاندانی تربیت کا فقدان ہے۔ والدین کی مصروفیت اور دینی تعلیم و تربیت میں کوتاہی کے سبب خاندان، جو اسلامی اقدار کی پہلی درسگاہ ہے، اپنا بنیادی کردار ادا نہیں کر پا رہا۔ اس کے علاوہ، دینی علم سے دوری اور مقصد حیات سے غفلت کے باعث نوجوان روحانی خلا محسوس کرتے ہیں اور عارضی لذتوں کی دنیا میں پناہ ڈھونڈتے ہیں، جو انہیں بے حیائی کی طرف دھکیل دیتی ہے۔ تعلیمی اداروں اور سماجی محفلوں میں غیر شرعی اختلاط نے بھی حیا کی تمام حدود کو پامال کر دیا ہے اور پردہ اور نگاہوں کی حفاظت جیسے بنیادی اسلامی احکامات کی پاسداری میں کمزوری در آئی ہے۔ اس زوال پذیر صورتحال کا موثر تدارک ضروری ہے۔ سب سے پہلے والدین اپنے گھروں کو اسلامی تربیت کا گہوارہ بنائیں۔ بچوں کو کم عمری سے ہی حیا، عفت، اور پاکیزگی کی تعلیم دیں، اور سب سے اہم، اپنے عمل سے ان کے لیے مثال قائم کریں۔ تعلیمی اداروں میں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی اور سیرتی تعلیم کو لازمی حصہ بنایا جائے تاکہ نوجوانوں میں شرم و حیا کا تصور راسخ ہو سکے۔ نوجوانوں کو میڈیا لٹریسی کی تربیت دی جائے تاکہ وہ غیر اسلامی مواد کو تنقیدی نظر سے دیکھ سکیں، اور اسلامی اقدار کے مطابق صحت مند تفریح کے متبادل ذرائع فراہم کیے جائیں۔ قرآن مجید کے حکم کے مطابق، نوجوانوں کو اپنی نگاہیں نیچی رکھنے اور شرم گاہوں کی حفاظت کرنے کی اہمیت بار بار یاد دلائی جائے۔ غیر ضروری مخلوط ماحول سے سختی سے اجتناب برتا جائے، اور جہاں ناگزیر ہو، وہاں مکمل شرعی آداب اور پردے کی پابندی یقینی بنائی جائے۔ مسلم نوجوان قوم کا مستقبل ہیں۔ اگر ان کا اخلاق، ان کی حیا اور ان کا کردار زوال کا شکار ہو گیا تو ملت کا مستقبل تاریک ہو جائے گا۔ حیا کی بحالی محض ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ ہماری معاشرتی اور قومی بقا کی ضمانت ہے۔ ہمیں بیدار ہونا ہوگا اور ایک مشترکہ کوشش کے ذریعے حیا کی شمع کو اپنے گھروں اور اپنے معاشرے میں پھر سے روشن کرنا ہوگا۔ اللہ رب العزت ہمیں اپنے نوجوانوں کی اخلاقی پاسبانی کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

نذر جان زہری چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ تعینات

کوئٹہ (این این آئی) میر نذر جان زہری کو چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ تعینات کردیا گیا۔ محکمہ بلدیات کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق میر نذر جان زہری کو چیف آفیسر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ تعینات کردیا گیا جنہوں نے منگل کو اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا۔

کوئٹہ: بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی پی ایچ آئی کے شعبہ آئی ٹی کا استعداد کار بڑھانا ناگزیر ہے، سی ای او

وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق پی پی ایچ آئی میں ای فائلنگ کا نظام نافذ کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی بلوچستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ایچ آر کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز پی پی ایچ آئی کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوا، جس کی صدارت روشن خورشید بروچہ نے کی۔ اجلاس کے شرکاء نے ایجنڈا میں شامل نکات پر تفصیل سے غور وخوض کیا اور اہم فیصلے کیے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم بی راجا دھاریجو نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے کے لئے پی پی ایچ آئی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کے شعبے کے استعداد کار میں اضافہ کرنا ضروری ہے۔ ڈاکٹر دھاریجو نے فورم کو بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق پی پی ایچ آئی میں ای فائلنگ کا نظام نافذ کیا گیا ہے۔ کمیٹی کے ممبران ایجنڈے میں شامل نکات پر متفق ہوئے اور فیصلہ کیا کہ دوبارہ فیصلے منظوری کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں پیش کئے جائیں گے۔ اجلاس میں چیف آپریٹنگ آفیسر پی پی ایچ آئی محمد زاکر ناصر، ڈپٹی سیکرٹری (ڈویلپمنٹ) محکمہ صحت ریاست علی اور ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان محمد عارف ودیگر شریک تھے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اربن جنگل (پارک) کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں امسال 452 مریضوں کا اضافہ ہوا ہے، ڈاکٹر سحرین نوشیروانی

کچھ شائع شدہ خبروں میں کل تعداد 452 رپورٹ ہوئی جو درست نہیں، تصحیح کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام محکمہ صحت حکومت بلوچستان کی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر سحرین نوشیروانی نے کہا ہے کہ امسال ایچ آئی وی ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 452 بڑھی ہے جبکہ عالمی ایڈز ڈے کے موقع پر منعقدہ پریس کانفرنس کے بعد متعدد میڈیا میں بلوچستان میں رواں سال 452 ایڈز کے مریضوں کی وفات کی خبر چھپی ہے جس میں کوئی صداقت نہیں ہے یہ غلط رپورٹ ہوا ہے اپنے جاری کردہ ایک وضاحتی بیان میں ڈاکٹر سحرین نوشیروانی نے کہا ہے کہ اس سال ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں 452 مریضوں کا اضافہ ہوا ہے حالانکہ یہ تمام اعداد وشمار پر مشتمل تحریری ڈرافٹ میڈیا میں پیش کیا گیا جس میں تمام اعداد و شمار واضح طور پر تحریر کیے گئے کہ 452 مریضوں کا اضافہ ہوا صحافی حضرات میں سے اگر کسی نے اس حوالے سے اپنی رپورٹ تیار کرنی ہے تو وہ بلوچستان میں ایڈز کی صورتحال اور مریضوں کی تعداد سے متعلق پراونشل ایڈز کنٹرول پروگرام سے رابطہ کریں تاکہ ہم انہیں درست حقائق پر مبنی معلومات اور اعداد و شمار فراہم کرسکیں۔

بی ایف اے کی صوبے بھر میں غیر معیاری خوردنی اشیا کیخلاف کارروائیاں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبے بھر میں ملاوٹ مافیا اور ناقص خوراک فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی

کوئٹہ، لورالائی اور قلعہ سیف اللہ میں فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر متعدد بیکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز، فاسٹ فوڈ پوائنٹس مالکان کو جرمانے

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے صوبے بھر میں ملاوٹ مافیا اور ناقص خوراک فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق بی ایف اے کی کوئٹہ، لورالائی اور قلعہ سیف اللہ میں کی گئی مختلف کارروائیوں کے دوران متعدد بیکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز، فاسٹ فوڈ پوائنٹس اور ملک شاپس کو فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے اور اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں بشمول سیٹلائٹ ٹاؤن، جنگ اسٹاپ، اسپنی روڈ، بروری روڈ، سلیم کمپلیکس اور کواری روڈ میں کارروائیوں کے دوران متعدد جنرل اسٹورز، فاسٹ فوڈ پوائنٹس اور ڈیپارٹمنٹل اسٹورز کو ایکسپائرڈ مصنوعات، ممنوعہ چائنیز نمک، گٹکا، زنگ آلود ریفریجریٹرز، ناقص صفائی، اور فوڈ بزنس لائسنس نہ ہونے پر جرمانہ کیا گیا۔ کوئٹہ کے علاقے سمنگلی، نواں کلی اور عبدالخالق روڈ پر بی ایف اے ملک سیفٹی ٹیم نے دودھ کی دکانوں کا معائنہ کیا جہاں دودھ میں ناقص پانی اور اسکمڈ ملک پاؤڈر کی ملاوٹ پر ایک دودھ فروش کے خلاف سخت کارروائی کی گئی جبکہ چار دکانوں کو معمولی نقائص پر اصلاحی نوٹس جاری کیے گئے۔ دوسری جانب لورالائی میں بی ایف اے زونل ٹیم نے بیکنگ یونٹس اور بریانی شاپ سمیت متعدد کھانے پینے کے مراکز کا معائنہ کیا۔ غیر معیاری رنگ، کیمیکل پرنٹڈ پیپر، آلودہ پانی، ایکسپائرڈ بیکنگ سوڈا، ناقص صفائی اور ممنوعہ اشیا کے استعمال پر دو بیکنگ یونٹس اور ایک بریانی شاپ کے خلاف کارروائی کی گئی۔ قلعہ سیف اللہ میں بھی بی ایف اے کی کارروائیاں جاری رہیں۔ صفائی کے انتہائی ناقص حالات، کھلے کوڑے دان، گندے پراسیسنگ ایریاز، ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونے، مضر صحت کھلے آئل کے استعمال اور پراڈکٹس کی غلط اسٹوریج پر چار بیکنگ یونٹس کو جرمانے جبکہ ایک جنرل اسٹور کو اصلاحی نوٹس جاری کیا گیا۔ بی ایف اے حکام نے واضح کیا کہ صوبے میں عوام کو محفوظ، معیاری اور مضر صحت اشیا سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں بدستور جاری رہیں گی، جبکہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

اے سی گوادر نے ہسپتال اور اسکول کا دورہ کیا

گوادر/پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر خسرو ولاوری نے آر ایچ سی ہسپتال اور گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول پسنی کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے سب سے پہلے ہسپتال کے مختلف سیکشنز اور اسٹاف کی حاضری و کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرؤف نے ہسپتال کی موجودہ صورتحال، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش چیلنجز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے نظم ونسق کو بہتر بنانے اور مریضوں کی دیکھ بھال کے معیار کو بلند کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں انہوں نے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول پسنی کا دورہ کیا، جہاں پرنسپل حاجی مولا بخش نے اسکول کے کلاس رومز اور تدریسی عمل کا مشاہدہ کرایا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے طلباء سے سوالات کے ذریعے ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا اور طلباء کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت دی کہ طلباء کو معیاری تعلیم کی فراہمی جاری رکھیں۔

کوئٹہ: روشن خورشید بروچہ کی زیرصدارت پی پی ایچ آئی بلوچستان بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ایچ آر کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے

صوبائی وزیر سردار معصوم خان لونی، میر عبدالشکور مری، نعمت اللہ کاکڑ اور ڈاکٹر نور اللہ سیکرٹری کوئٹہ لوکل گورنمنٹ ایسوسی ایشن پر گفتگو کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کی حمایت کوئی نہیں کریگا، مولانا شفیق دولتزئی

اگر مرکزی حکومت نے گورنر راج نافذ ہی کرنا ہے تو سب سے پہلے بلوچستان میں نافذ کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے صوبائی حکومت کے بارے میں گورنر راج کے نفاذ کی افواہیں گردش کر رہی ہیں جبکہ ملک میں کوئی سیاسی مذہبی ان کی حمایت نہیں کریں گے جبکہ خیبر پختونخوا میں ملک کے اہم مضبوط سیاسی پارٹی تحریک انصاف کی حکومت میں جن میں اسمبلی کے اراکین نظریاتی طور پر تحریک انصاف کی ٹکٹ پر کامیاب ہوئے ہیں اگر مرکزی حکومت خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا ارادہ رکھتے ہیں تو سب سے پہلے بلوچستان میں گورنر راج نافذ کریں جبکہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے اور نظریاتی اصول پرست نمائندوں کی کمی ہے جبکہ صوبائی حکومت میں شامل وزراء نے بار بار اقتدار کے حصول کیلئے پارٹی تبدیل کرتے ہیں جن میں وزیراعلیٰ سمیت دیگر وزراء بھی شامل ہیں۔ وہ اقتدار کے حصول کیلئے پارٹیاں تبدیل کر کے عوام پر مسلط ہوجاتے ہیں اور کرپشن کا بازار گرم کر کے بلوچستان میں امن وامان اور تعمیر و ترقی کیلئے اقدامات نہیں کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر خیبر پختونخوا میں کوئی گورنر راج کا پروپیگنڈہ کر رہا ہے تو حکومت کو اس کی تردید کرنی چاہئے۔

بلوچستان میں احساس محرومی کے خاتمے کیلئے پالیسیاں نرم کی جائیں، رحیم کاکڑ

پولیس نے کفر مچایا ہے، یہاں ظلم کی انتہا کرتے ہوئے بارڈر بند کردیے گئے ہیں، بوستان خان

غربت کی وجہ سے معاشرتی سماجی برائیوں میں بے تحاشا اضافہ ہوچکا ہے، سردار حسن شاہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق مینڈر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل، بوستان ایڈووکیٹ میرو انیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ شاہ منصور بشیر احمد نعیم جمال نعمت اللہ توقیر بھی ارشد اچکزئی نے اپنے اخباری بیان میں آرمی چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ یہاں صوبے میں احساس محرومی کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کی ضرورت پالیسیوں میں نرمی لانے کی آج اشد ضرورت ہے یہاں صوبے کو پہلے سے پولیس اسٹیٹ میں تبدیل کیا گیا ہے ہر روڈ پر ایف سی اور پولیس عوام کو چیکنگ کے بہانے تنگ کرتی ہے پولیس نے کفر مچایا ہے یہاں ظلم کی انتہا کرتے ہوئے بارڈر بند کردیے گئے ہیں عدالتوں میں انصاف کے نام پر کوئی چیز نہیں ہے ناجائز ایف آئی آر درج ہوئے ہیں مہنگائی بے روزگاری نے عام آدمی کو تباہ کردیا ہے غربت کی وجہ سے معاشرتی سماجی برائیوں میں بے تحاشا اضافہ ہوچکا ہے تو جوان نسل کو شیشہ منشیات کے استعمال سماجی برائیوں کی مکمل آزادی دی گئی ہے تاکہ نئی نسل تعلیم اور سیاست کے بجائے غلط راستے پر چل پڑے تاکہ حکمران اپنے غلط پالیسیوں کو دوام دے سکیں ابھی ایک سہولت صوبے کے عوام کو تھی کابلی گاڑیاں جس سے غریب لوگ اپنا روزگار وغیرہ کرتے تھے انکی پکڑ دھکڑ شروع کردی گئی ہے جو کہ قابل مذمت ہے لہذا ضرورت ہے کہ آرمی چیف ان تمام مشکلات کو ختم کرنے میں نرمی لائیں ورنہ سب کچھ تباہ ہوجائے گا اب بھی وقت ہے ٹھیک کرنے کا بعد میں افسوس کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔

چمن: ناغے کے دن گوشت فروخت کرنے پر متعدد قصائی گرفتار

چمن (نامہ نگار) کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے شہر میں ناغے کے دن گوشت فروخت کرنے پر متعدد قصائیوں کو گرفتار کر کے انھیں تھانے میں بند کر دیے۔ میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہفتے میں دو دن ہر قسم کے گوشت کی فروخت پر پابندی کیخلاف ورزی پر یہ کارروائی کی گئی۔ اور کئی دکانوں کو بند کردیا گیا۔

ینگ فارماسسٹ الائنس کا ینگ پروگریسو پینل کی حمایت کا اعلان

حمایت پاکستان فارماسسٹ ایسوسی ایشن کے 5 دسمبر کو ہونے والے انتخابات کیلئے کی گئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ینگ فارماسسٹ الائنس کی مرکزی باڈی کا اہم اجلاس آج کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں الائنس کے مرکزی عہدیداران، ایگزیکٹو ممبران اور فارماسسٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں پیشہ ورانہ معاملات کے ساتھ ساتھ پاکستان فارماسسٹ ایسوسی ایشن کے آئندہ انتخابات، جو 5 دسمبر بروز جمعہ کو کوئٹہ میں منعقد ہو رہے ہیں، پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ ینگ فارماسسٹ الائنس ینگ پروگریسو پینل کی مکمل اور غیر مشروط حمایت کا اعلان کرتی ہے۔ اجلاس میں اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ مضبوط اور متحرک قیادت ہی فارمیسی پروفیشن کی بہتری اور حقوق کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ ترجمان ینگ فارماسسٹ الائنس نے اپنے بیان میں کہا کہ تنظیم اپنے تمام فارماسسٹس کو واضح ہدایت جاری کرتی ہے کہ وہ 5 دسمبر کو ہونے والے انتخابات میں ینگ پروگریسو پینل کے حق میں اپنا ووٹ کاسٹ کریں۔

حاجی عبدالسلام شاہوانی انتقال کر گئے

نصیر آباد (نامہ نگار) معروف ٹرانسپورٹر حاجی عبدالسلام شاہوانی انتقال کر گئے وہ عبدالحلیم شاہوانی عبدالرؤف شاہوانی ولی جان شاہوانی محمد صابر شاہوانی محمد عادل شاہوانی کے والد تھے استاد بابل زہری منظور احمد زہری اسد اللہ سالانی محمد کاشف سالانی ملک محمد سلیم شاہوانی بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنما ملک محمد ابراہیم شاہوانی کے ماموں تھے فاتحہ خوانی جامعہ مسجد خلفاء راشدین کلی کمالو سریاب میں جاری ہے۔

ڈائریکٹر لا ہیومن ڈاکٹر آصف دار الفلاح اسلامیہ کوئٹہ کے زیراہتمام نادار بچوں کیلئے "سویٹ ایڈ" کے عنوان منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈی سی کوئٹہ نے عوامی شکایات پر جنگ اسٹاپ کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود شہریوں سے مسائل سنے اور صورتحال کا جائزہ لیا

متعلقہ محکموں کو نکاسی آب کا متبادل راستہ فوری طور پر بحال کرنے کی ہدایت کی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اریگیشن کے آفیسران کے ہمراہ عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے جنگ اسٹاپ کا ہنگامی دورہ کیا۔ علاقے میں سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے اور سڑک پر مسلسل پانی کے بہاؤ سے ٹریفک میں شدید رکاوٹ اور شہریوں کو مشکلات درپیش تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود شہریوں سے مسائل سنے اور صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو فوری احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نکاسی آب کا متبادل راستہ فوری طور پر بحال کیا جائے، سڑک پر بہنے والا گندا پانی صاف کر کے ٹریفک میں حائل تمام رکاوٹیں دور کی جائیں، راستے کو مکمل طور پر کھلا اور قابل آمد ورفت بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں نے بروقت ایکشن پر ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا۔

سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن، جدو جہد پینل کو سپورٹ کریگا

حمایت کا اعلان سیکرٹریٹ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے حالیہ الیکشن کیلئے کیا گیا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر یونس زہری جنرل سیکرٹری حاجی قائم خان کاکڑ اور صوبائی اور مرکزی کابینہ کے اراکین کے ہمراہ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے مرکزی آفس میں اہم پریس کانفرنس کے دوران بلوچستان سول سیکرٹریٹ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے حالیہ الیکشن میں جدو جہد پینل (بگھ) کے صدر صالح مینگل بہار خان کاکڑ میر علی دوست زہری اسماعیل رئیکی اور اس کی کابینہ کے حمایت کا اعلان کر دیے۔

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا، ترجمان کاشف حیدری کا وفد کے ہمراہ ہزارہ ٹاؤن کے دورے کے موقع پر تاجر رہنما سلیمان علی کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈی سی چمن نے سکول کا دورہ کیا

چمن (نامہ نگار) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائی سکول صیادان کا اچانک دورہ کیا اس دوران انہوں نے بی ایس ڈی آئی کی طرف سے فیز ون سولرائزیشن سکیم مکمل ہونے کا تفصیلی جائزہ لیا اور سکول ہیڈ مسٹریس نے ڈی سی چمن کو سکول کی سولرائزیشن، تدریسی عمل استانیوں اور سٹاف کی حاضریوں پر فارمیٹس اور طالبات کی تمام ٹیکنیکس کی کورس نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں اور سکول کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں اس موقع پر ڈی سی چمن نے کہا کہ محکمہ تعلیم چمن موجودہ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں سرفہرست ضلع کی مجموعی تعلیمی صورتحال کو بہتر کرنا شامل ہے انہوں نے کہا کہ تمام استانیاں اور سٹاف اپنی حاضریوں کو یقینی اور وقت کی پابندی کریں اور استانیاں پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات دیانتداری اور ایمانداری سے انجام دیں تاکہ ضلع چمن کو تعلیمی میدان میں ملک کے دیگر علاقوں کے برابر لانے میں ہم کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

یو او بی میں ماحولیاتی مالی معاونت کے حصول کیلئے منصوبہ سازی ورکشاپ

بلوچستان میں آبی سلامتی کے تناظر میں مربوط آبی وسائل کے انتظام آئی ڈبلیو آر ایم پر مبنی ماڈیول سوم کا آغاز ہوگیا

تین روزہ ورکشاپ فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے زیراہتمام اور یورپی یونین کے تعاون سے منعقد کی جارہی ہے

وائس چانسلر جامعہ پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کوئٹہ میں پانی کے بحران اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز پر مفصل روشنی ڈالی

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان میں تین روزہ تربیتی ورکشاپ بعنوان ماحولیاتی مالی معاونت کے حصول کے لیے منصوبہ سازی: بلوچستان میں آبی سلامتی کے تناظر میں مربوط آبی وسائل کے انتظام آئی ڈبلیو آر ایم پر مبنی ماڈیول سوم کا آغاز ہوگیا۔ یہ ورکشاپ ایف ٹی ڈی سی فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے زیر اہتمام اور یورپی یونین کے تعاون سے منعقد کی جارہی ہے۔ ورکشاپ کے مہمان خصوصی جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی تھے، جنہوں نے کوئٹہ میں پانی کے بحران اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز پر ایک مفصل پریزنٹیشن پیش کی۔ دیگر مقررین میں محمد نواز نقشہ سازی اور جغرافیائی معلوماتی نظام کے ماہر، ڈاکٹر محمد عرفان، اور ڈاکٹر محمد اختر شامل تھے، جنہوں نے پانی کے وسائل کے انتظام اور ماحولیاتی مالی معاونت کے تکنیکی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ میں جامعہ کے مختلف شعبہ جات کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے افسران نے شرکت کی۔ اختتامی نشست میں فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے ڈائریکٹر نور الامین کاکڑ نے تمام مقررین، شرکاء اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جامعہ بلوچستان ماحولیاتی تحقیق، آبی تحفظ اور افرادی صلاحیت بڑھانے سے متعلق سرگرمیاں آئندہ بھی جاری رکھے گی۔

کوئٹہ: آواز معذوران بلوچستان آرگنائزیشن کے صدر عزت اللہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری خواجہ نور کلیم اللہ، احمد خان ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وفاقی وزراء کا پشتونوں کو دہشت گردی سے جوڑنا ذہنی خلل ہے، احمد خان

پرامن پشتون قوم کیخلاف نسلی امتیاز پر مبنی ہرزہ سرائی منفی و بیمار ذہنیت کا ثبوت ہے

ملک بھر میں سازش کے تحت پشتون قوم دیوار سے لگایا جا رہا ہے، یہ سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے وفاقی وزرا کی جانب سے پشتونوں کو دہشت گردی سے جوڑنے کے بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے انہیں غیر ذمہ دارانہ اور ذہنی توازن کی خرابی کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ اس ملک کو ناقابل تسخیر بنانے والے ڈاکٹر عبدالقدیر خان بھی ایک غیرتمند پشتون تھے، اس لیے پشتون قوم کے خلاف اس نوعیت کی ہرزہ سرائی ہرگز قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں پشتون قوم کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ اگر نہ رکا تو یہ اقدامات خطرناک نتائج پیدا کریں گے اور ایسے حربے پشتون عوام کو اشتعال دلانے کی سازش کا حصہ ہیں تاکہ انہیں بدنام کیا جا سکے۔ احمد خان کے مطابق گزشتہ دو دہائیوں میں پشتون علاقوں میں ماورائے آئین کارروائیوں نے تاریخ میں ایسے زخم چھوڑے جنہیں کبھی نہیں بھلایا جا سکتا۔ احمد خان نے خبردار کیا کہ پشتونوں کے خلاف نفرت آمیز رویہ ختم نہ ہوا تو اس سے انسانیت اور قومیت کا ناسور پھیل سکتا ہے، جس کے نتیجے میں ملک خانہ جنگی جیسے خطرات سے دوچار ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو آئین و قانون کے مطابق بلاتفریق برتاؤ کرنا ہوگا، ورنہ حالات افغانستان سے بھی زیادہ سنگین ہو سکتے ہیں۔

استاد چھوخان بگٹی انتقال کر گئے

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سوئی ڈیرہ بگٹی سے تعلق رکھنے والے عالمی شہرت یافتہ، صدارتی ایوارڈ یافتہ سرود نواز اور باکمال ساز ساز نگار استاد چھوخان بگٹی طویل علالت کے بعد اس فانی دنیا سے رخصت ہوگئے۔ استاد چھوخان بگٹی نے اپنی زندگی موسیقی، ثقافت اور فن سرود کے فروغ کے لیے وقف کر دی تھی۔ ان کی فنی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی، صوبائی نائب صدر جمال الدین رشتیا اور منظور احمد بازئی کلی فیض آباد پشین میں عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما عبید اللہ عابد کے بھائی صوفی عزیز اللہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ

معاشرے میں منشیات جیسا ناسور تیزی سے پھیل رہا ہے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریوں سے غافل نظر آرہے ہیں، نقیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ شہر میں منشیات کے عادی افراد کے ساتھ منشیات فروشوں کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے، شہری نقیب اچکزئی کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر میں منشیات کے عادی افراد میں اضافہ کی وجہ سے عوام اور تاجر برادری پریشان، منشیات کے عادی افراد کو متعلقہ ہسپتالوں میں داخل کر کے ان کا علاج ممکن ہے، جب کینسر کا علاج ممکن ہے تو منشیات کا علاج کیوں نہیں، شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ کی کارکردگی پر نقطہ چینی کرتے ہوئے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات جیسا ناسور معاشرے میں بے دردی سے پھیل رہا ہے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریوں سے غافل نظر آرہے ہیں کوئٹہ کے شہریوں نقیب اللہ کاکڑ، نقیب اچکزئی ودیگر نے مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر میں منشیات فروشی سرعام ہے جبکہ منشیات کے عادی افراد میں بھی بے تحاشہ اضافہ ہو رہا ہے جس کے باعث کوئٹہ کے شہری سمیت تاجر برادری بھی اپنے مال کو غیر محفوظ رکھنے میں بھی حکومت وقت پر عدم اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں انہوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سٹی نالہ میں آپریشن کر کے کوئٹہ شہر میں جگہ جگہ ہیروئن کے عادی افراد کو گرفتار کر کے متعلقہ ٹرسٹ اداروں کے حوالے کیا جائے، وہاں ان کی صحت اور منشیات کے تدارک کیلئے باقاعدہ علاج معالجہ کیا جائے تاکہ شہریوں کی مشکلات کم ہو سکے اور مستقبل کے نئی نسل منشیات جیسے ناسور سے بچ سکے انہوں نے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر میں منشیات کے عادی افراد کے علاوہ منشیات فروشوں کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ہمارا ایمان، کرپشن سے پاک پاکستان

TENDER NOTICE

The Health Department, Government of Balochistan, through the Health Sector & Reform Management Unit (HSRMU) / Project Management Unit (PMU), invites electronic bids from eligible bidders for the execution of the following work for the year 2025 based on Composite Schedule Rates (CSR) 2023 on percentage rates. **TSE No.: 252611917363**

Only electronic bids will be submitted. No physical bid is required.
Note: As per GoB rules, all bidders must be registered with the BPPRA Electronic Procurement System (EPPS) before bid submission. **Bid Security 3%**

S. No.	Class of Object	E/Cost
1.	Establishment of Health Information & Service Delivery Unit	132,279,238

Procurement shall be carried out under the **Balochistan Public Procurement Rules, 2014**. **2. Eligibility Criteria;** As per NIT requirements: Presence in the **Active Taxpayer List (ATL)**, The bidding firm must **not** be blacklisted by any procuring agency in Pakistan, Valid **Balochistan Revenue Authority (BRA)** registration, **PEC Registration:** Category **C-4 or above** (up to PKR 200 million) in the relevant category with specialized codes: **EE11(iii)** – Solar Energy System, **EE11(vi)** – General Electrical Works, Completion of **two (02) assignments of a similar nature**, Minimum turnover of **PKR 92,595,466** in the last **three (03) consecutive years**, demonstrating financial capacity. **Procedure of Procurement:** Single Stage – One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** Bid must include Bid Security in the form of a **Bank Guarantee** or **Deposit at Call** equivalent to **3%** of the estimated cost, issued in the name of the undersigned by a scheduled bank. **Tender Documents:** NIT and Bidding Documents can be downloaded electronically from: **www.bppra.gob.pk**. **Issuance of Tender Documents:** Complete Bidding Documents are available online at **www.bppra.gob.pk. Last Date for Submission of Bids:** Bids may be submitted electronically through the BPPRA supplier dashboard **no later than 24 December 2025, 10:30 AM. Tender Opening:** All bids will be opened **on the same day at 11:30 AM** through the EPPS system. **Address** House No. 26-A, Chaman Housing Scheme, Airport Road, Quetta

Phone: 081-2864129 Email: eiftikharshah@yahoo.com

AB No.525/02-12-2025

Additional Secretary (Dev-1) Health Department, GoB
Health Sector & Reform Management Unit (HSRMU) / Project Management Unit (PMU)

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بد عنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ: روشن مستقبل کی تعبیر

نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی رائلٹی ادنیٰ معدنیات (Sand Gravel and Other Minerals)

مندرجہ ذیل بلاک میں علاقوں میں پائی جانے والی ادنیٰ معدنیات Sand Gravel and Other Minerals پر عائد رائلٹی کی وصولی کا ٹھیکہ کی نیلامی دیے گئے پروگرام کے مطابق ہوگی۔ کال ڈیپازٹ نیلامی سے ایک دن پہلے دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگا۔

نمبر شمار	بلاک نمبر بمعہ علاقہ	تاریخ و دن نیلامی	مقام نیلامی	زرضمانت / سکیورٹی بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز بلوچستان قابل واپسی
1	کوئٹہ ادنیٰ معدنیات	16-12-2025	ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز سریاب روڈ کوئٹہ	-/25,00000 پچیس لاکھ
2	تربت ادنیٰ معدنیات	19-12-2025	ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز سریاب روڈ کوئٹہ	-/10,00000 دس لاکھ
3	پشین قلعہ عبداللہ	18-12-2025	ڈپٹی کمشنر آفس پشین	-/50,00000 پچاس لاکھ

نیلامی کے شرائط: (1) نیلامی میں صرف محکمہ ہذا کے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران حصہ لے سکتے ہیں۔ بحوالہ PRQ No 404 مورخہ 07-08-2025 کو مقامی اخبارات میں شائع شدہ اشتہار میں محکمہ ہذا میں اپنے کوائف جمع نہیں کی وہ ٹھیکیدار نیلامی میں حصہ نہیں لے سکتا (2) نیلامی میں حصہ لینے کیلئے فارم "A" دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں تین ہزار روپے بابت نیلامی فیس (ناقابل واپسی) ادائیگی کے بعد تاریخ نیلامی سے دو روز قبل تک حاصل کر سکتے ہیں (3) درخواست فارم "A" کے سارے مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کرنا ضروری ہے۔ (ا) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل۔ (ب) مقررکردہ زرضمانت / کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز بلوچستان (قابل واپسی) (ج) اوپن چیک قابل قبول نہیں (د) مجاز چیکنگ نمبر سے جاری شدہ زرضمانت کی تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ۔ بغیر تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کے جمع شدہ زرضمانت / کال ڈیپازٹ قابل قبول نہیں۔ نیلامی سے ایک روز قبل تمام کوائف جمع کرانا شرط ہے۔ بعد ازاں کوئی بھی کال ڈیپازٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔ اور ناکامیاب پیشکش بولی دہندہ اپنے کال ڈیپازٹ ایک دن بعد حاصل کر سکتے ہیں (4) کامیاب پیشکش بولی دہندہ کو منظور شدہ بولی / پیشکش کی کل رقم کا 25% حصہ بطور پیشگی، ماہانہ قسط بولی کی منظوری کے فوراً بعد جمع کرانا ہوگا (5) کامیاب پیشکش بولی دہندہ کو منظور شدہ پیشکش بولی کی کل رقم کا 25% حصہ بطور زرضمانت اسکیورٹی پیش کی منظوری سے دس دن کے اندر اندر جمع کرانا ہوگا (6) ٹھیکیدار کو 10% انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ (7) کامیاب بولی دہندہ کو منظور شدہ بولی کی کل رقم کا 0.25% کے حساب سے نان جوڈیشل سٹام پیپر پر ایگریمنٹ داخل کرنا ہوگا۔ ان شرائط کی تکمیل کے بعد ورک آرڈر کنٹریکٹ ایوارڈ جاری کیا جائیگا (8) اگر پہلی نمبر پر بولی دہندہ مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل 10 دن کے اندر نہیں کریگا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ زرضمانت اسکیورٹی بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکہ حاصل کرنے کے لئے دوئم نمبر پر بولی دہندہ کو مندرجہ بالا شرائط کی بنیاد پر ٹھیکہ کیلئے مدعو Offer کرے۔ اگر دوئم نمبر بولی دہندہ مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل نہیں کریگا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ دونوں بولی دہندہ کی زرضمانت اسکیورٹی بحق سرکار ضبط کر کے دوبارہ نیلامی کرے۔ اور محکمہ اس ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کرنے کا مجاز ہوگا (9) ٹھیکے کی دورانیہ صرف ایک سال ہوگی جو کہ اجراء ورک آرڈر سے شروع ہوگی (10) پہلی پیشگی کی قسط کی ادائیگی کے بعد ٹھیکہ کی بقایا رقم کو ماہانہ برابر اقساط میں وصول کیا جائیگا جو کہ ٹھیکیدار کو ہر ماہ کی سات تاریخ تک جمع کرانا ضروری ہے (11) دو مسلسل اقساط جمع نہ ہونے کی صورت میں آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بغیر کسی اظہار وجوہ نوٹس کے ٹھیکہ کو منسوخ کرکے ٹھیکیدار کے پہلے سے تمام جمع شدہ رقم بمعہ سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکہ کی دوبارہ نیلامی کرے (12) ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد ٹھیکیدار ہر قسم کے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا (13) رائلٹی وصولی کی شرح حکومت بلوچستان کے نافذ العمل شرح کے مطابق ہوگی جو ٹھیکیدار کو ورک آرڈر کے ساتھ مہیا کیا جائیگا (14) حکومت بلوچستان کی طرف سے رائلٹی کی شرح بڑھنے / گھٹنے کی صورت میں اسی تناسب سے اضافہ / کمی کردی جائیگی (15) نیلامی میں اصل ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہے (16) جو ٹھیکیدار محکمہ ہذا کا نادہندہ ہے وہ بولی میں حصہ نہیں لے سکتے (17) آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایک یا تمام بولی وجہ بتائے مسترد کردے (18) کھلی نیلامی اپنے مقررہ وقت و تاریخ پر ہوگی جس میں سب سے زیادہ بولی دینے والے ٹھیکیدار کو ٹھیکہ ایک سال کیلئے دیا جائیگا (19) نیلامی مقررہ وقت پر ہوگی۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بولی قابل قبول نہیں ہوگا (20) نیلامی میں وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جو FBR اور BRA میں رجسٹرڈ ہیں اور سالانہ انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرتے ہیں۔ مجاز حکام نیلامی کی دن انکم ٹیکس ریٹرن سرٹیفکیٹ چیک کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز بلوچستان

PRQ No 2663/02-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پاور ڈویژن مربوط توانائی منصوبے پر کام کر رہا ہے، سردار اویس لغاری

منصوبے کی تیاری میں ترکی کے تعاون کی ضرورت ہے، پاکستان جلد ہی تین ڈسکوز کی نجکاری کریگا

نجکاری کیلئے عالمی نجی شعبے کے بااعتماد اور تجربہ کار سرمایہ کاروں کے منتظر ہیں، ترک وزیر سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کے لیے بین الاقوامی نجی شعبے کے بااعتماد اور تجربہ کار سرمایہ کاروں کی شرکت کا منتظر ہے۔ اس سلسلے میں وسیع تجربہ رکھنے والی ترکی کی کمپنیوں کی شمولیت نہایت اہم ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے آج اسلام آباد میں جمہوریہ ترکی کے وزیر توانائی و قدرتی وسائل الپرسلان بیرکتار سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفاقی وزیر نے ترک حکومت کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پاکستان کے توانائی ماہرین کو ترکی کے بجلی کے نظام کا مطالعہ کرنے کا موقع فراہم کیا جو بڑی حد تک نجی شعبے کے تحت کام کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان جلد ہی تین ڈسکوز کی نجکاری کرے گا اور سرمایہ کاروں کے لیے اظہار دلچسپی جاری کرنے کیلئے تیار ہے۔ سردار اویس لغاری نے ترک ماڈل کو سراہتے ہوئے نجکاری کے عمل کے دوران دونوں ممالک کے اداروں اور افسران کے درمیان مزید قریبی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے خاص طور پر اس ریفارمز ماڈل کا حوالہ دیا جو ترکی نے کامیابی سے نافذ کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے توانائی اداروں کے انسانی وسائل کی تربیت کے لیے بھی ترکی کے تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ سردار اویس لغاری نے اپنے ترک ہم منصب کو پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات اور مختلف اداروں میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پاور ڈویژن ملک کے لیے ایک مربوط توانائی منصوبہ پر کام کر رہا ہے اور اس کی تیاری میں ترکی کے تعاون کی ضرورت ہے، خصوصاً اس لیے کہ ترکی اس شعبے میں کافی تجربہ رکھتا ہے۔ ترک وزیر توانائی نے پاکستان میں پرتپاک مہمان نوازی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترک سرمایہ کار پاکستان کے پاور سیکٹر کی نجکاری کے عمل کو گہری دلچسپی سے دیکھ رہے ہیں اور انہیں امید ہے کہ ترک سرمایہ کار مناسب مرحلے پر اس میں حصہ لیں گے۔ ترک وزیر نے ترکی میں روڈ شوز کے انعقاد سے اتفاق کرتے ہوئے اس مقصد کے لیے ترک انویسٹمنٹ فورم کے استعمال کی پیشکش بھی کی اور مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی توانائی مارکیٹ ترکی کے لیے انتہائی اہم ہے، اور چونکہ ترکی پاکستان کے مختلف شعبوں خصوصاً معدنیات میں پہلے ہی بڑا سرمایہ کار ہے، اس لیے پاور سیکٹر میں بھی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔

ادارہ برائے پارلیمانی خدمات کے ڈی جی میر شے مزار بلوچ ودیگر کا معلوماتی پروگرام کے انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

سول ہسپتال میں مریضوں کیلئے جدید ایکسرے مشین نصب

جدید ٹیکنالوجی کی بدولت مریضوں کے علاج کے عمل میں تیزی آئے گی، ایم ایس

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ہادی خان نے افتتاح کیا، تقریب میں سینئر حکام شریک

کوئٹہ (اے پی پی) سول ہسپتال کوئٹہ نے طبی سہولیات کی بہتری کی جانب ایک اور تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے 1988 کے بعد پہلی بار ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جدید ڈیجیٹلائزڈ ایکسرے مشین نصب کر دی۔ افتتاح کے موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی خان کاکڑ نے کہا کہ ایمرجنسی وارڈ میں ڈیجیٹل ایکسرے مشین کی فراہمی ہسپتال کی تاریخ کا اہم سنگ میل ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کی بدولت مریضوں کے علاج کے عمل میں تیزی آئے گی جبکہ درست تشخیص کے ذریعے پیچیدہ کیسز کو فوری طور پر نمٹایا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سہولت وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی خصوصی دلچسپی، سرپرستی اور براہ راست ہدایات کے باعث ممکن ہوئی۔ محکمہ صحت کی جانب سے سول ہسپتال کوئٹہ کی بہتری کے لیے مسلسل تعاون اور جدید طبی آلات کی فراہمی قابل تحسین ہے۔ ڈاکٹر ہادی خان کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سول ہسپتال کوئٹہ انتظامیہ جدید ٹیکنالوجی، تربیت یافتہ عملے اور مضبوط انتظامی نظم کے ذریعے صحت کی معیاری سہولیات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔

خاتون کے بال کاٹنے کے مقدمے میں مرکزی ملزمان گرفتار

خواتین پر تشدد، زیادتی یا ہراسمنٹ کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں، سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سوشل میڈیا پر خاتون کے بال کاٹنے کی وائرل ویڈیو کے حوالے سے درج مقدمہ میں اہم پیشرفت، مقدمہ میں شامل 3 مرکزی ملزمان گرفتار، خاتون کے بال کاٹنے والا ... قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر خاتون کے بال کاٹنے کی وائرل ویڈیو کے حوالے سے درج مقدمہ میں اہم پیشرفت، مقدمہ میں شامل 3 ...

ضلع کیچ میں کاریز سسٹم کی اہمیت اور درپیش چیلنجز پر سیمینار

یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی ممبران، انتظامی عملے اور طلباء و طالبات شریک

"Karezof Flows Forgotten"

یونیورسٹی آف بلوچستان کے ڈائریکٹر آصف ... بچوں کیلئے سوئٹ ایڈ کے عنوان سے اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

اقرا روضۃ الاطفال ٹرسٹ کی سالانہ تقریب کا انعقاد

قرآن کریم کو حفظ کرنا عظیم نعمت ہے، عبدالرحمن رفیق، مفتی خالد محمود

حفظِ قرآن کا اصل مقصد کردار کی اصلاح اور قرآن کی عملی پیروی ہے

کوئٹہ (آن لائن) اقرا روضۃ الاطفال ٹرسٹ کی سالانہ تقریب آمین اور نشان اقرا نہایت جامع اور پروقار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں بچوں نے حمد و نعت، تقاریر اور ملی استحکام کے حوالے سے منفرد پروگرام پیش کیے۔ اس موقع پر رواں سال حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کرنے والے طلبہ کو اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ تقریب سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، مدیر اعلیٰ اقرا روضۃ الاطفال ٹرسٹ مفتی خالد محمود اور ناظم اعلیٰ مولانا سید شکیل احمد نے کہا کہ قرآن کریم کو یاد کرنا عظیم نعمت اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا حقیقی کامیابی کا راستہ ہے۔ انہوں نے اساتذہ اور والدین کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچوں کی دینی تربیت، کردار سازی اور قرآنی تعلیم میں لگن آنے والی نسل کے مستقبل کو روشن کرتی ہے۔ مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ اقرا روضۃ الاطفال ٹرسٹ کی خدمات لائق تحسین ہیں، جو نہ صرف معیاری دینی تعلیم فراہم کر رہا ہے بلکہ معاشرے میں قرآنی ماحول کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا مقابلہ اسی وقت ممکن ہے جب قرآن کو زندگی کا حقیقی دستور بنایا جائے۔ مفتی خالد محمود نے طلبہ کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ حفظِ قرآن کا اصل مقصد کردار کی اصلاح اور قرآن کی عملی پیروی ہے۔ انہوں نے والدین سے کہا کہ وہ گھروں میں قرآنی ماحول پیدا کریں۔

پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین قاسم بلوچ، علی احمد کرد ایڈووکیٹ، مقبول لہڑی، سابق ناظم جاوید خان ودیگر تقریب میں شریک ہیں

شہریوں کی فلاح حکمرانی کا اولین مقصد ہونا چاہیے، عاصم خان گورایا

پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس افسران ملکی نظام حکمرانی کے محافظ ہیں، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی پروبیشنری افسران کو بریفنگ

ادارہ برائے پارلیمانی خدمات کی جانب سے افسران کی میزبانی، ادارہ کی تاریخ ودیگر امور سے متعلق آگاہی دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات نے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے پروبیشنری افسران کے ایک وفد کی میزبانی کی، جنہوں نے پاکستان کے پارلیمانی نظام کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ایک خصوصی تعلیمی اور معلوماتی سیشن میں شرکت کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات عاصم خان گورایا نے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور نئے شامل ہونے والے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے افسران کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے انہیں پاکستان کے نظام حکمرانی کے مستقبل کے محافظ قرار دیا۔ انہوں نے زور دیا کہ آئین کے تحت مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کو الگ الگ اختیارات اور ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں اور مؤثر حکمرانی باہمی احترام کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کی فلاح و بہبود حکمرانی کا اولین مقصد ہونا چاہیے اور امید ظاہر کی کہ نئے افسران پوری لگن اور دیانت داری کے ساتھ قوم کی خدمت کریں گے۔ ڈائریکٹر جنرل (انتظامیہ) پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات، میر شے مزار بلوچ نے دنیا بھر میں پارلیمانی اداروں کی تاریخ اور اہمیت پر جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات جیسے اداروں کے قیام کا مقصد ارکان پارلیمان کو اعلیٰ معیار کی تحقیق اور صلاحیت سازی کی خدمات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ دنیا بھر میں اسی نوعیت کے ادارے عموماً 4000 سے زائد ملازمین کے ساتھ کام کرتے ہیں، جبکہ پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات محض 139 ملازمین کے ساتھ نہایت مؤثر انداز میں اپنا قانونی مینڈیٹ پورا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات کا قیام 2008 میں پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات ایکٹ کے تحت عمل میں آیا، جو پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا اور واحد ادارہ ہے۔ ڈائریکٹر جنرل (ریسرچ)، پاکستان ادارہ برائے پارلیمانی خدمات محمد راشد مفضول ذکا نے وفد کو آئین کی ساخت، پارلیمان کے بنیادی کردار اور قانون سازی کے اہم مراحل سے متعلق ایک جامع اور معلوماتی بریفنگ دی۔

پنجگور، کہدہ عبدالسلام کی بی این پی میں شمولیت

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے سیاسی و سماجی شخصیت کہدہ عبدالسلام نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) میں شمولیت اختیار کرلی۔ یہ تقریب بی این پی پنجگور کے ضلعی آفس میں منعقد ہوئی، جس میں بی این پی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میر نذیر احمد، ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر قدیر بلوچ، ضلعی خازن عارف عبداللہ، سابق تحصیل صدر میر ریاض بلوچ، ضلعی رہنما میر واد جان، ڈاکٹر اسلم بلوچ اور دیگر پارٹی رہنما موجود تھے۔ کہدہ عبدالسلام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بی این پی کے اصولی موقف، سردار اختر جان مینگل کی مخلص قیادت اور بلوچ قومی سوچ سے متاثر ہو کر پارٹی میں شامل ہوئے ہیں اور اپنی تمام توانائی پارٹی کی تنظیم میں صرف کریں گے۔ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میر نذیر احمد نے کہا کہ بی این پی کی قوت اس کے مضبوط کارکن ہیں اور حالیہ کٹھن حالات میں کہدہ عبدالسلام کی شمولیت انتہائی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پارٹی بلوچستان بھر میں اب بھی مضبوط ہے اور تمام جمہوری راستے بند ہونے کے باوجود اپنے اصولی موقف پر قائم رہے ...

غذائیت کے حوالے سے سماجی تحفظ سے متعلق ورکشاپ کا آغاز

پاکستان، بنگلہ دیش، کمبوڈیا، لاؤ پی ڈی آر، نیپال، نائجر کے مندوبین شریک

بی آئی ایس پی غربت میں کمی غذائی قلت کیخلاف تسلیم شدہ ماڈل قرار دیدیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد میں غذائیت کے حوالے سے سماجی تحفظ سے متعلق تین روزہ تقریب کا انعقاد گلوبل ٹاسک فورس آن سوشل پروٹیکشن فار نیوٹریشن کے تحت کیا گیا۔ اس تقریب کی میزبانی پاکستان اور تیمور لیسٹے کی حکومتوں کی جانب سے کی گئی۔ اس تقریب میں اقوام متحدہ کا ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) گلوبل ٹاسک فورس کے سیکرٹریٹ کے طور پر کام کر رہا ہے اور مختلف حکومتوں اور شراکت داروں کے درمیان تعاون کو آسان بنا رہا ہے۔ بنگلہ دیش، کمبوڈیا، لاؤ پی ڈی آر، نیپال، نائجر، تیمور لیسٹے اور پاکستان کے مندوبین قومی سماجی تحفظ کے نظام میں غذائیت کو مؤثر طریقے سے مربوط کرنے کے لیے اسباق، شواہد اور اختراعات کا تبادلہ کریں گے۔ مباحثہ کا مقصد سماجی تحفظ کی پالیسیوں اور پروگراموں کو غذائیت پر مرکوز بنانے کے لیے مشترکہ عزم پیدا کرنا ہے۔ مندوبین عملی مثالوں کا جائزہ لیں گے، نئے طریقے تلاش کریں گے، اور قومی اور عالمی سطح پر غذائی قلت کے خلاف پیش رفت کو تیز کرنے کے لیے اقدامات کی نشاندہی کریں گے۔ میزبان ملک کے طور پر، پاکستان سماجی تحفظ اور غذائیت میں قیادت کر رہا ہے۔

اوستہ محمد پولیس نے گن پوائنٹ پر چھینی گئی گاڑی برآمد کرلی

ملزمان کے ٹھکانوں پر ریڈ کیا تو پولیس کو دیکھ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، ڈکیتی شدہ گاڑی برآمد ملزمان فرار۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ شی اوستہ محمد انسپکٹر عبدالرؤف جمالی نے پولیس پارٹی کے ہمراہ مخبر خاص کی اطلاع پر سیف اللہ شاخ کے نزدیک ملزمان کے ٹھکانوں پر ریڈ کیا، ... گئے تاہم ڈکیتی شدہ گاڑی موقع سے برآمد کر لی گئی واضح رہے کہ مورخہ 19 نومبر کو خورشید احمد ولد عبدالرشید قوم سوتگی ساکن شہداد کوٹ سندھ سے ملزمان قمر علی ب تھیانی و دیگر اسلحہ کے زور پر گاڑی چھین کر لے گئے تھے۔ مدعی نے پولیس کی کارروائی اور گاڑی کی برآمدگی پر پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور احسن اقدام قرار دیا۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ...

قیام امن کیلئے راولپنڈی پولیس کے فول پروف انتظامات

3000 سے زائد افسران وجوان و ٹریفک پولیس کے اہلکار تعینات

ڈیرہ مراد جمالی، یو آئی ایف کے صوبائی صدر محمد عمر جنگ لیبر فیڈریشن کے ضلعی صدر حاجی ممتاز علی مطوی ڈرائیوری بازیابی کیلئے احتجاجی مظاہرے کے دوران پولیس افسران سے بات چیت کر رہے ہیں

گوادر، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن گوادر یونیورسٹی کے گرلز ہاسٹل کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

گوادر کے عوام کو صاف پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے، پورٹ اتھارٹی

ڈیسلینیشن پلانٹ کی استعداد کار کو بہتر بنانے اور پانی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے مؤثر اقدامات جاری ہیں

چیئرمین نور الحق بلوچ کی ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ سے ملاقات، انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گوادر (آئی این پی) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ سے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے جی پی اے ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین نور الحق بلوچ نے نقیب اللہ کاکڑ کو ڈپٹی کمشنر گوادر کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں ضلع گوادر کو درپیش آبی بحران، گوادر پورٹ کے ڈیسلی نیشن پلانٹ کی موجودہ صورتحال، پانی کی ترسیل کے نظام اور بندرگاہ سے متعلق دیگر اہم انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین نور الحق بلوچ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیسلینیشن پلانٹ کی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے اور شہر میں پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ ملاقات کے بعد چیئرمین گوادر پورٹ اور ڈپٹی کمشنر گوادر نے گوادر پورٹ ڈیسلینیشن پلانٹ کا دورہ بھی کیا، جہاں انہیں تکنیکی عملے نے پیداواری صلاحیت، آپریشنل نظام اور موجودہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بعدالت بلوچستان سروس ٹریبونل کوئٹہ

اپیل نمبر 579/2025

حبیب اللہ ولد حاجی سلیم خان
اسسٹنٹ BPS-16 ڈسٹرکٹ
ایجوکیشن آفس، موسیٰ خیل
بنام
گورنمنٹ آف بلوچستان
بذریعہ سیکرٹری ایجوکیشن
بلوچستان اور دیگر 147 وغیرہ

مولانا رومی انسان دوستی، امن، محبت کے پیامبر تھے، عرفان اسلم

... رواداری کے پیامبر تھے، آج معاشرے میں بڑھتی شدت پسندی، فرقہ واریت، عصبیت، نفرت، حرص، بے حیائی اور بے حسی کا خاتمہ صرف مولانا جلال الدین رومی کے افکار و نظریات کی ترویج سے کیا جاسکتا ہے کیونکہ ان کا پیغام امن، محبت، برداشت، رواداری، اتحاد، صلح، انصاف اور انسان دوستی کا ہے۔

خواتین کی تعلیم کے فروغ کیلئے سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے، ہدایت الرحمان

ہاسٹل کا آغاز طالبات کیلئے سہولت اور حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنے گا، حکومت کا اقدام قابل ستائش ہے، خطاب

وزیراعلیٰ کی جانب سے جامعہ گوادر کیلئے الاٹ زمین پر گرلز ہاسٹل کی تعمیر مکمل، ایم پی اے نے افتتاح کر دیا

گوادر (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے گوادر یونیورسٹی کے لیے گرلز ہاسٹل کی الاٹمنٹ کے اعلان کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے بلوچستان گورنمنٹ کی جانب سے تعمیر کردہ ہاسٹل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ یہ اقدام طالبات کے لیے محفوظ اور معیاری رہائش کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ گرلز ہاسٹل کی دستیابی بالخصوص ان طالبات کے لیے انتہائی سہولت فراہم کرتی ہے جو گوادر شہر سے باہر کے علاقوں سے یونیورسٹی آف گوادر میں تعلیم حاصل کرنے آتی ہیں۔ اس ہاسٹل کے قیام سے نہ صرف بیرونی اضلاع سے آنے والی طالبات کے رہائشی مسائل حل ہوں گے بلکہ مقامی طالبات کے لیے بھی ایک مثبت اور معاون تعلیمی ماحول میسر آئے گا۔ افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کے علاوہ رجسٹرار دولت خان، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، پرنسپل گوادر کالج نصیر احمد، یونیورسٹی کے افسران و دیگر معزز مہمان شامل تھے۔ وائس چانسلر نے حکومت بلوچستان، خصوصاً وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گرلز ہاسٹل جیسی سہولیات یونیورسٹی کی ترقی اور طالبات کے تعلیمی سفر کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ انہوں نے اسے تعلیم کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ اپنے خطاب میں مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ صوبائی حکومت کا اقدام قابل ستائش ہے کہا کہ خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے ایسی سہولیات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ہاسٹل کا آغاز طالبات کے لیے بہتری، سہولت اور حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنے گا۔

اسلام آباد ماڈل جیل کو جلد آپریشنل کرنے کیلئے احکامات جاری

مقدمات کے ملزمان کو دوسرے اضلاع میں بھیجنے کی ضرورت نہیں رہے گی

سینئر سپرنٹنڈنٹ آف جیل علی اکبر تعینات، آئی جی اسلام آباد سے ملاقات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ... "فیڈرل پرزن آف پاکستان" ...

پنجگور میں لوڈشیڈنگ اور لو وولٹیج سے کاروبار مفلوج

پنجگور (یو این اے) انجمن تاجران پنجگور نے کہا ہے کہ ضلع میں بدترین لوڈشیڈنگ، لو وولٹیج اور بجلی کی مسلسل بندش نے کاروبار، دکانیں اور عوامی زندگی کو مکمل مفلوج کر دیا ہے جبکہ واپڈا پنجگور اپنی من مانی پالیسیوں اور غیر ذمہ دارانہ رویے ...

ڈی سی کوئٹہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلدیاتی انتخابات میں کلین سویپ کرینگے، کوئٹہ کا میئر جیالا ہوگا، وزیر صحت

عوامی مسائل کے حل کیلئے حقیقی کام کیا، عوام ایک مثبت اور ترقی پسند قیادت کو آگے لانا چاہتے ہیں

صحت، تعلیم اور دیگر سہولیات کیلئے جاری منصوبوں پر عوامی اعتماد کامیابی کا ضامن ہے، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان کے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ آنیوالے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی تاریخی کامیابی حاصل کرے گی شہریوں کی بھرپور حمایت کے باعث پیپلز پارٹی نہ صرف کوئٹہ میں کلین سویپ کرے گی بلکہ شہر کا آئندہ میئر بھی ایک جیالا ہوگا' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے کوئٹہ میں عوامی مسائل کے حل کیلئے حقیقی کام کیا ہے اور عوام اب ایک مثبت اور ترقی پسند قیادت کو آگے لانا چاہتے ہیں پارٹی کی تنظیمی قوت، مضبوط امیدوار اور عوامی رابطہ مہم اس بات کی واضح علامت ہے کہ بلدیاتی انتخابات پیپلز پارٹی کے نام رہے گا' انہوں نے کہا کہ شہر میں صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کے لیے جاری منصوبوں پر عوام کا اعتماد پارٹی کی کامیابی کا ضامن بن رہا ہے' انہوں نے کارکنوں اور امیدواروں کو ہدایت کی کہ وہ انتخابی مہم کو مزید تیز کریں تاکہ کوئٹہ کو پیپلز پارٹی کے ہاتھوں ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال شہر بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ آنے والے کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی تاریخی کامیابی حاصل کرے گی شہریوں کی بھرپور حمایت پارٹی نہ صرف کوئٹہ میں کلین سویپ کرے گی بلکہ شہر کا آئندہ میئر بھی ایک جیالا ہوگا۔

خضدار، ایگریکلچرل انجینئرنگ کے مزدوروں کیلئے تربیتی ورکشاپ سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنما دین محمد محمد حسنی، یوسف خان اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

ن لیگ نے ہمیشہ ملکی استحکام کیلئے جدوجہد کی، زرک مندوخیل

کوئٹہ کے عوام اور کارکن بلدیاتی سطح پر تبدیلی چاہتے ہیں، انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرینگے

میئر سمیت چاروں ٹاؤنز کے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین پارٹی سے ہوں گے، ایم پی اے کی وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے عوام اور پارٹی کارکن بلدیاتی سطح پر تبدیلی چاہتے ہیں اور آئندہ بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) بھرپور کامیابی حاصل کرے گی میئر سمیت چاروں ٹاؤنز کے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین بھی مسلم لیگ (ن) سے ہوں گے۔ مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ زرک مندوخیل نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن دراصل گلی کوچے کی سیاست ہے، اس میں اتحاد و اتفاق ہی کامیابی کی اصل ضمانت ہے ان کا کہنا تھا کہ ورکرز کے جذبے اور عوامی تائید کو دیکھ کر واضح محسوس ہوتا ہے کہ کوئٹہ میں میئر مسلم لیگ (ن) کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) واحد جماعت ہے جس نے ہمیشہ ملکی استحکام، اداروں کی مضبوطی اور جمہوریت کی بحالی کے لیے جدوجہد کی، جس کا کریڈٹ پارٹی قائد محمد نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کو جاتا ہے۔ شیخ زرک خان مندوخیل کا کہنا تھا کہ موجودہ صوبائی حکومت میں مسلم لیگ (ن) کی نمایاں نمائندگی اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان میں پارٹی مضبوط ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد کوئٹہ میں ترقیاتی کاموں کا نئے سرے سے آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ یکجہتی کے ساتھ انتخابی مہم میں حصہ لیں اور کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے پوری توانائیاں بروئے کار لائیں۔

ضلع کیچ میں قومی پولیو مہم 15 دسمبر سے شروع ہوگی

تمام ادارے ذمہ داری پوری کرتے ہوئے بھرپور کردار ادا کریں گے

ڈی سی گوادر کو آبی بحران اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

ٹینڈر نوٹس (ریورس پروکیورمنٹ)

کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کاروبار کے مواقع

1۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کو رجسٹرڈ کمپنیز / جوائنٹ وینچرز / افراد / واحد مالکان سے کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ (کیو آئی اے پی) کوئٹہ پر درج ذیل رعایت دینے کیلئے ایک مرحلہ دو لفافے یعنی ٹیکنیکل اور فنانشل آفر کی بنیاد پر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ بولی دہندگان کی اہلیت کے معیار کی تفصیلات ٹینڈر کی شرائط و ضوابط میں درج ہیں۔

CONCESSION NAME	RESERVE PRICE (per month)	LICENSE PERIOD	TIMING & CONTACT PERSON DETAILS	LAST DATE OF PURCHASE OF TENDER DOCUMENTS	TENDER FEE (NON-RE-FUNDABLE)	DATE, TIME & VENUE OF SUBMISSION	DATE, TIME & VENUE OF OPENING
Establish, Operate & Maintain "Collection of Car Parking Fee at Quetta International Airport, QIAP Quetta"	Rs. 423,500/-	Two (02) years	During working hours on working days Office Incharge Commercial, QIAP Quetta	17-12-2025	Rs. 5,000/- (Rupees Five Thousand only)	18-12-2025 at 1100 hrs COO / APM Office QIAP Quetta	18-12-2025 at 1130 hrs COO / APM Office QIAP Quetta

2۔ تفصیلی ٹینڈر نوٹس کیلئے برائے مہربانی www.paa.gov.pk اور www.ppra.org.pk وزٹ کیجئے۔

ڈائریکٹر کمرشل اینڈ اسٹیٹس
ہیڈ کوارٹرز، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، ٹرمینل 1، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی، پاکستان
ٹیلی فون: +92 21 99242531، فیکس: +92 21 99242532
ای میل: dce@paa.gov.pk

PID-K-1919/25
www.paa.gov.pk

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر۔پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر 4-A ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 3 دسمبر 2025ء

صحت اور دیگر شعبہ جات، وزیراعلیٰ بلوچستان کا عزم اور ٹیم ورک کی ضرورت!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نتیجے میں گزشتہ 20 ماہ کے دوران 164 سے زائد غیر فعال بی ایچ یوز کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے ان مراکز صحت کی بحالی سے ہر سال صوبے کے ایک لاکھ سے زائد مریض او پی ڈی کی سہولت سے مستفید ہوں گے بلوچستان جیسے وسیع، پسماندہ اور غربت زدہ صوبے کے مسائل کا احاطہ چنداں آسان نہیں یہاں دہائیوں سے صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، سڑکوں کی خستہ حالی، اقربا پروری، بدعنوانی اور بدانتظامی جیسے مستقل چیلنجز موجود چلے آئے ہیں۔ایسے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے گورننس، سروس ڈیلیوری اور بنیادی سہولیات کی بحالی کے حوالے سے جو اقدامات کئے گئے ہیں، وہ یقیناً قابل تعریف ہیں۔خاص طور پر صحت کے شعبے میں ان اصلاحات کے نتیجے میں اہم کامیابیاں ملی ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ سلسلہ صرف ابتدا ہے۔بلوچستان کو صحیح معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ابھی بہت بڑا سفر درکار ہے۔164 غیر فعال بی ایچ یوز کو فعال کرنا بلاشبہ ایک بڑی کامیابی ہے دیہی علاقوں کے لئے یہ خبر یقیناً خوش آئند ہے، جہاں اکثر مریضوں کو ابتدائی طبی امداد تک رسائی کے لئے میلوں سفر کرنا پڑتا ہے لیکن اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ بلوچستان کے ہسپتال، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز، رورل ہیلتھ سینٹرز اور بڑے میڈیکل ادارے اب بھی متعدد مسائل کا شکار ہیں۔ادویات کی قلت، خراب انتظامی ڈھانچہ، غیر تربیت یافتہ عملہ، جدید آلات کا فقدان اور بدنظمی سے متعلق شکایات روزانہ کی بنیاد پر سامنے آتی رہتی ہیں۔ہم پہلے بھی یہ تجویز دیتے آئے ہیں اور آج بھی یہ سمجھتے ہیں کہ محض اعلانات سے صحت کے شعبے میں بہتری نہیں لائی جا سکتی، اس کے لئے بنیادی سطح پر سخت نگرانی، شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانا لازمی ہے۔یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ صحت کے شعبے میں ادویات اور آلات کی خریداری سے متعلق آئے روز ایسی خبریں سوشل میڈیا پر رپورٹ ہو رہی ہیں جنہیں ہم یہاں بیان کرنا مناسب نہیں سمجھتے مگر ان کا نوٹس لینا چاہئے۔صوبے کے کسی ایک ضلع کی بات نہیں، بلکہ گویا پورا نظام ایک ایسے دائرے میں پھنسا ہوا ہے جہاں کرپشن، اقربا پروری اور سفارش کلچر نے حقیقی بہتری کی رفتار کو سست کر رکھا ہے۔اب وقت آ گیا ہے کہ وزیراعلیٰ اس شعبے کی بہتری کے لئے دوٹوک، واضح اور عملی اقدامات کریں۔اصلاحات کو محض کاغذی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے فوری نفاذ اور سخت مانیٹرنگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔یہ بات خوش آئند ہے کہ میر سرفراز بگٹی کے وژن میں اس سمت کا عزم نمایاں ہے، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ کیا ان اصلاحات پر ذمہ دار وزراء اور سیکرٹریز پوری ایمانداری کے ساتھ عملدرآمد کر رہے ہیں یا کریں گے؟ وزیراعلیٰ بگٹی صوبے کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ایک عوامی وزیراعلیٰ کے طور پر وہ روزانہ مختلف شعبوں میں بہتری کے لئے اقدامات کا اعلان بھی کرتے ہیں۔ان کی نیت اور وژن دونوں قابل ستائش ہیں۔لیکن عوامی تاثر یہ بھی ہے کہ خاکم بدہن، وزیراعلیٰ نے اپنی جیب میں کچھ کھوٹے سکے بھی رکھے ہوئے ہیں یعنی چند وزراء کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے پوری کابینہ کی ساکھ متاثر ہو رہی ہے۔اگر وزیراعلیٰ واقعی نظام میں شفافیت اور استحکام چاہتے ہیں، تو انہیں اپنی ٹیم کی کارکردگی کا سخت جائزہ لینا ہوگا۔ہم نے پہلے بھی یہ تجویز پیش کی تھی اور آج بھی اپنی رائے پر قائم ہیں کہ اہم شعبہ جات مثلاً تعلیم، صحت، آبنوشی، مواصلات وغیرہ ان کے وزراء کی کارکردگی کی ماہانہ بنیادوں پر مانیٹرنگ کی جائے یہ بھی ضروری ہے کہ جو وزیر بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، انہیں سراہا جائے اور جو مسلسل غیر ذمہ داری دکھا رہے ہیں، ان سے قلمدان واپس لے لیا جائے اس میں کسی قسم کی قباحت نہیں۔دنیا بھر میں اچھی حکومتیں یہی طریقہ اپناتی ہیں کہ کارکردگی بنیاد ہوتی ہے، شخصیت یا تعلق نہیں۔اس وقت تعلیم کا شعبہ ایک بھولا ہوا محاذ بن چکا ہے بلوچستان میں تعلیم کا بحران کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ہزاروں اساتذہ غیر حاضر اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال سلیبس اور تربیت کا فقدان اضلاع میں معمولی بنیادی سہولیات تک موجود نہیں اگر صوبہ ترقی چاہتا ہے تو تعلیم اس کا پہلا قدم ہونا چاہئے۔وزیراعلیٰ کے بیان میں اگرچہ تعلیم کا تذکرہ کم آیا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ صحت کی طرح یہ شعبہ بھی فوری اور ہنگامی بنیادوں پر توجہ چاہتا ہے۔اسی طرح صوبے میں پینے کے صاف پانی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔بیشتر اضلاع میں پانی کی سطح مسلسل نیچے جا رہی ہے غیر معیاری پانی سے بیماریوں میں اضافہ کئی علاقوں میں عوام ٹینکروں پر انحصار کرتے ہیں آبنوشی کے منصوبوں کی نگرانی بھی ضروری ہے، کیونکہ ہر سال بجٹ میں پانی کے منصوبوں کے لئے اربوں روپے رکھے جاتے ہیں مگر عملی طور پر بہت کم بہتری دیکھنے میں آتی ہے۔بلوچستان کی ترقی کے لئے سڑکوں اور رابطہ کاری کے منصوبے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔متعدد اضلاع اب بھی ایسی سڑکوں کے منتظر ہیں جو کم از کم بنیادی معیار پر پورا اتریں زیر تعمیر سڑکوں پر حکومتی نگرانی نہ ہونے کے برابر ہے کئی ٹھیکے دار کام ادھورا چھوڑ دیتے ہیں اور کوئی بازپرس نہیں ہوتی اگر صوبہ سرمایہ کاری، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا چاہتا ہے تو مواصلاتی نظام کو جدید بنانا لازم ہے۔میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے ان چند سیاستدانوں میں شامل ہیں جن کا وژن واضح ہے۔وہ صوبے کے مسائل سے بھی واقف ہیں اور ان کے حل کے لئے عزم بھی رکھتے ہیں۔لیکن کوئی بھی وزیراعلیٰ اکیلا صوبے کی تقدیر نہیں بدل سکتا۔ایک مضبوط، فعال، شفاف اور محنتی ٹیم اس تبدیلی کے لئے ناگزیر ہے۔اگر کابینہ میں چند غیر مؤثر عناصر موجود رہے تو وزیراعلیٰ کا پورا وژن اور محنت ضائع ہو سکتی ہے۔اس لئے فیصلہ کن وقت آن پہنچا ہے کہ وزیراعلیٰ سخت قدم اٹھائیں، کارکردگی کو معیار بنائیں اور عوام کو جواب وہ حکومت کی حقیقی تصویر دکھائیں۔164 بی ایچ یوز کی بحالی ایک اہم سنگ میل ضرور ہے مگر بلوچستان کے مسائل اس ایک اقدام سے حل نہیں ہوں گے۔اب ضرورت ہے کہ صحت کے شعبے میں کرپشن کے خاتمے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں تعلیم کے بحران پر فوری توجہ دی جائے پانی کے منصوبوں کی آزادانہ نگرانی کی جائے مواصلات کے شعبے میں شفافیت اور معیار لایا جائے کابینہ کی کارکردگی کی ماہانہ بنیادوں پر جانچ کی جائے اور جو وزیر ناکام ہیں ان سے قلمدان واپس لیا جائے بلوچستان ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے۔اگر امروز درست فیصلے نہ کئے گئے تو آنے والے برسوں میں مسائل مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔

میرے کالموں میں ناغے کا سبب

برملا — نصرت جاوید

موسم سرما اور یادیں

آمنہ مفتی

پاکستان کی مشرق وسطیٰ کی جغرافیائی سیاست میں بڑھتی دلچسپی کے پیچھے کیا محرکات ہیں؟

تلخ نوائی — خرم عباس

اب شانت ہو کر سوجائیں

اظہار خیال — ایاز امیر



استحصال کی کوکھ سے پیدا ہوتی نسلیں

زاویہ نظر — ملیحہ سید

نریندر مودی کے بکھرتے خواب

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

غزہ فورس اور عالمی سطح پر تنہا ہوتا افغانستان

وفاق نامہ — رشید صافی

قیام خاص طور پر اسرائیل کے محفوظ سیکیورٹی ایجنڈے کے تناظر میں اس کے مینڈیٹ اور مستقبل کے کردار

اقوام متحدہ کے امن دستے ایسے جنگ زدہ یا سنگین تنازعات کا شکار ممالک میں تعینات کیے جاتے ہیں جہاں امن و سلامتی کو بحال کرنے اور شہریوں کی حفاظت کی ضرورت ہو۔یہ دستے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی منظوری کے بعد بھیجے جاتے ہیں تاکہ جنگ بندی کی نگرانی کی جا سکے اور سیاسی

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

اخلاص، نظریات اور جدوجہد کا روشن سفر: مولانا خلیل احمد مخلص کی پہلی برسی

تحریر: سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

قائد جمعیت شیخ الحدیث والقرآن حضرت مولانا خلیل احمد مخلص رحمہ اللہ کی گزشتہ روز برسی منائی گئی۔ انہوں نے مسلسل کئی برسوں تک ہماری رہنمائی فرمائی۔ میرا سیاسی تعلق سن شعور سے پہلے ہی جمعیت علمائے اسلام (ف) سے تھا۔ گزشتہ تقریباً تیس برسوں میں ضلعی شعبہ نشر و اشاعت سے لے کر مرکزی و صوبائی جنرل کونسل تک ذمہ داریاں نبھاتا رہا۔ مگر جب جماعت کی پالیسیوں سے بنیادی اختلافات پیدا ہوئے تو ہم نے دل کی گہرائیوں سے جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کے قیام کا ساتھ دیا، جو آج تک قائم ہے۔ جمعیت نظریاتی کا نعرہ مفادات نہ شخصیات بلکہ نظریات۔ شعور بن کر دلوں میں جگہ بناتا چلا گیا۔ مرکزی سے صوبائی قیادت تک کئی رہنماؤں نے اپنے راستے جدا کیے، مگر قافلہ اسی نظریے کی بنیاد پر متحد رہا۔ اس جماعت کی اساس ہمیشہ اخلاص اور رضائے الٰہی رہی۔

اصول ہے جس نے جماعت کو ہر دور میں مضبوط رکھا اور اسے دن بدن ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی سے تعلق رکھنے والے جامعہ دارالعلوم سعیدیہ کے شیخ الحدیث مولانا خلیل احمد مخلص 2017 میں جمعیت نظریاتی کے امیر مرکزیہ منتخب ہوئے، جو اس جماعت کے لیے اعزاز تھا۔ پرویز مشرف کے دورِ حکومت میں وہ رکن قومی اسمبلی رہے، مگر جب جنرل مشرف نے جامعہ حفصہ کی معصوم طالبات پر آپریشن کیا تو مولانا مخلص نے جمعیت (ف) کے اجلاسوں میں شدید احتجاج کیا اور بالآخر اس پالیسی سے اختلاف کرتے ہوئے استعفیٰ دے دیا۔ وہ ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ ہمارا اختلاف جمعیت (ف) سے مفادات پر نہیں بلکہ نظریات کی بنیاد پر ہے۔ ایک موقع پر وہ کوئٹہ سائنس کالج میں جمعیت طلباء اسلام نظریاتی کی "شہدائے اسلام کانفرنس" کے مہمان خصوصی تھے، مگر ناسازی طبیعت کے باعث شریک نہ ہو سکے۔ سٹیج پر سب موجود تھے، مگر قائد محترم کی کمی شدت سے محسوس کی جاتی رہی۔ گزشتہ برس کیم دسمبر کی علی الصبح وہ ہزاروں کارکنوں کو افسردہ چھوڑ کر اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔

پی آر سی ژوب میں بریگیڈیئر کمانڈنٹ کا دورہ، طلبا و اساتذہ سے ملاقات

ژوب (یو این اے) پی آر سی ژوب میں آج فرنٹیئر کور بلوچستان کے بریگیڈیئر کمانڈنٹ نے خصوصی دورہ کیا۔ ادارے کے پرنسپل گلدار نے مہمان خصوصی کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ دورے کے دوران بریگیڈیئر کمانڈنٹ نے ادارے کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا، اساتذہ و طلباء سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے پی آر سی ژوب کی تعلیمی خدمات اور نظم و ضبط کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ادارے بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ آخر میں بریگیڈیئر کمانڈنٹ نے طلباء کو محنت، نظم و ضبط اور حب الوطنی کا پیغام دیا اور ادارے کی مزید ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ٹو فیز بجلی کی فراہمی عوام کے ساتھ سراسر ظلم ہے، مراد بادینی
لوڈشیڈنگ روز کا معمول بن چکا، ممبر ڈسٹرکٹ کونسل

زحمت دے رہی ہے موجودہ آفیسران جان بوجھ کر عوام کو بجلی فراہم نہیں کر رہے جس کی وجہ سے اب عوام کی صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا چلا جا رہا ہے۔ کیسکو ایک طرف طویل لوڈشیڈنگ کر کے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جب کہ دوسری طرف مسلسل 9 مہینے سے جاری ٹو فیز بجلی کی فراہمی سے گھریلو صارفین کی قیمتی اشیاء جل کر ناکارہ ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے گھریلو صارفین کو لاکھوں کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے جو کہ باعث افسوس ہے۔ آخر میں انہوں نے کیسکو چیف بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مل میں 9 مہینے سے جاری ٹو فیز بجلی کی فراہمی کا نوٹس لیں بصورت دیگر مل کے عوام سخت سے سخت احتجاج کا اعلان کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری ایکسین کیسکو نوشکی پر عائد ہوگی۔

نوشکی، ڈسٹرکٹ امیلی مینٹیشن کوآرڈینیشن کمیٹی کا مشیر کا اجلاس

اطلاع عام

درستگی نام

جرائم پیشہ افراد انسانی جانوں سے کھیلنے لگے، محمد نواز کی ہلاکت کیخلاف انجمن تاجران گرینڈ الائنس کا احتجاج

شرکاء کا مقتول کی لاش کو قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج، پولیس کی نااہلی کے سبب تاجران کاروباری طبقہ شہری عدم تحفظ کا شکار ہو کر رہ گئے، مقررین

مسلح افراد ڈکیتی کے دوران مزدور محمد نواز عرف منو مینگل سے بارہ لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے، اعلیٰ آفیسران کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا

بیلا میں بینظیر ہیلتھ پروٹیکشن وال کا آغاز

سول ہسپتال بھاگ میں پیرو بلائنڈنیس پروگرام کے تحت آئی کیمپ
شہریوں نے اقدام کو علاقے کی تاریخ کا اہم اور مثالی طبی ایونٹ قرار دیا

نایاب موسمی پرندوں کی حفاظت ہمارا فرض ہے، شاہنواز سیلاچی

دنیا کو امن کی ضرورت ہے، پیر محمد خالد سلطان القادری سروری

سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی اور حاجی عرض محمد بریچ کی ملاقات
ڈسٹرکٹ چاغی میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار

یونیورسٹی تربت کے وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن کا امتحانی مراکز کا دورہ
امتحان کا مکمل طور پر مستعد رہیں، شفافیت اور نظم و ضبط کو ہر صورت یقینی بنائیں

ضلعی انتظامیہ امن و امان بحال کریں، امین عمرانی
انارج منڈی کی بڑھتی ہوئی تاجر کی ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل بدامنی کا منہ بولتا ثبوت ہے
جرائم پیشہ عناصر نے پورے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

پی ایس ڈی آئی کے جاری منصوبے عوامی فلاح کے لیے اہم ہیں، ڈی سی
ہمارا مقصد ان منصوبوں کی بروقت، شفاف اور معیاری تکمیل ہے، عظیم جان دومڑ

مل و گردونواح میں موسمی بیماریوں نے ڈیرے ڈال دیئے
ہر گھر نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، گلے اور سینے کی بیماریاں عام ہیں

اطلاع عام

تلاش گمشدہ

گمشدگی شناختی کارڈ

بدعنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ: روشن مستقبل کی تعمیر

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Government Rural Development Dera Bugti Invites sealed percentage rate tender based on composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan from interested contractor / firms for the works mentioned below: **Bid Security 2% and Time limit 3 Months for each work**

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	Repair of Levies thana Lope District Dera Bugti **TSE-252611916643**	Rs. 3,000,000/-
2.	Repair of Levies Thana Gopat District Dera Bugti TSE-252611916693	Rs. 3,000,000/-
3.	Repair of Levies Thana Aashqani District Dera Bugti **TSE-252611916713**	Rs. 3,000,000/-
4.	Repair of Levies CP Essa District Dera Bugti **TSE-252611916733**	Rs. 2,000,000/-
5.	Repair of Levies CP Saeed Goht Uch District Dera Buti **TSE-252611916763**	Rs. 2,000,000/-
6.	Repair of Levies CP Sangsellah No.1 District Dera Bugti **TSE-252611916773**	Rs. 2,000,000/-
7.	Repair of Levies CP Sangsellah No.2 District Dera Bugti **TSE-252611916783**	Rs. 2,000,000/-
8.	Repair of CP Delta 4 Dera Bugti **TSE-252611916843**	Rs. 2,000,000/-
9.	Repair of CP Lope Road No. 1 Dera Bugti **TSE-252611916853**	Rs. 2,000,000/-
10	Repair of Levies CP Lope Road No. 2 District Dera Bugti **TSE-252611916883**	Rs. 2,000,000/-
11.	Repair of Levies CP Barboz Thal District Dera Bugti **TSE-252611916893**	Rs. 2,000,000/-
12.	Repair of Levies Marro No. 1 District Dera Bugti **TSE-252611916903**	Rs. 2,000,000/-
13.	Repair of Levies Marro No. 2 District Dera Bugti **TSE-252611916923**	Rs. 2,000,000/-
14.	Repair of Levies Lockup District Dera Bugti **TSE-252611916943**	Rs. 2,000,000/-

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority Rules 2014. (amendment up to date) **Basic Eligibility**: The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category along with specialized codes as per bidding documents accordingly and discipline, (NTN,BRA,GST) Bidder must have completed three assignments of similar nature of work in last three years. Bidder must have completion Certificate with Work Orders Audit report last three years The firm/ Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration). **Method of Procurement:** Single stage, One Envelope Procedure The biding documents can be obtained from the BPPRA website **Bidding / Tender Documents:** Issuance: Tender form / document have issued to original contractor or authorized person from the date of advertisement published in News paper till submission date and time on production of amounting Rs.1000/- (Non Refundable) as bidding documents charges deposit in shape of Green Challan in the account of Govt Head (C-03870) in National Bank of Pakistan. Bid security / earnest money, valid Engineering council certificate (Original) in required category, income tax certificate (NTN) etc. **Submission:** Last date for submission of document is **12-12-2025 at 11:00 AM. Opening:** The tender will be opened on **12-12-2025 at 12:00 PM.** Place of issuance, submission, inquiries and opening will be: **Address: Office of the Assistant Director Local Government Dera Bugti Terms & Conditions:** Under following conditions bid will be rejected: - Conditional and telegraphic bids/tender. Bid not accompanied by bid security of required amount and form. Bid received after specified date and time. Black listed firms /contractors. Other term & conditions may be obtained from the Office concerned. Unsigned or partially signed bidding documents by the bidder will be rejected. Bid Validity Period (90) Days. Note: It may be noted that no pay order will be accepted / entertained and firm's complete title / name should be written on the call deposit. (Pay order and Bank Draft will not be acceptable).

PRQ No.2661/02-12-2025

Assistant Director
Local Government Dera Bugti

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

"Our Faith Corruption Free Pakistan"

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252611917464 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as PHYSICAL SURVEY, MASTER PLANNING OF SITE, DESIGNING OF BUILDING COMPONENTS, ARCHITECTURAL, STRUCTURE & MEP WITH SUPERVISION Bid Security 2% **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	PHYSICAL SURVEY, MASTER PLANNING OF SITE, DESIGNING OF BUILDING COMPONENTS, ARCHITECTURAL, STRUCTURE & MEP WITH SUPERVISION	9,756,090

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 5,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration PEC CERTIFICATE At Least 01 relevant assignment undertaken and completion in last 03 Years **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 17 December, 2025 till 11:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM
Phone no: 0300705842 Email: eeiiuthal@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDINGS
CW PP&H DEPARTMEN DISTRICT
LASBELA AT UTHAL

PRQ No.2653/02-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

INCHARGE SFU, NADRA JOHARABAD KHUSHAB-SFU

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

URAAN PAKISTAN

INCHARGE SFU, NADRA SIBI-SFU

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

INCHARGE SFU, NADRA KHANOZAI-SFU

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

PID(I) No.4555/25

بلوچستان ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کی نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے سیلاب خان اوروزئی خطاب کر رہے ہیں

نصیرآباد ڈویژنل بیڈمنٹن فائنل: ضلع نصیرآباد کی ٹیم فاتح، ضلع جعفرآباد سے سخت مقابلہ

اسپورٹس فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینا اور صلاحیتیں ابھارنا ہے، فیروز احمد ابڑو

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) محکمہ اسپورٹس حکومت بلوچستان کی جانب سے ڈویژنل اسپورٹس فیسٹیول نصیرآباد کے سلسلے میں بیڈمنٹن کا فائنل میچ آفیسرز کلب ڈیرہ مراد جمالی میں نہایت جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوا۔ تقریب میں شائقین کھیل، اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں موجود تھے۔ فائنل میچ میں ضلع جعفرآباد اور ضلع نصیرآباد کی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ میچ تیز رفتار اور سنسنی خیز انداز میں شروع ہوا، اور کھلاڑیوں نے بھرپور مہارت اور تکنیکی صلاحیتیں دکھاتے ہوئے پوائنٹس حاصل کیے۔ کچھ دیر تک مقابلہ برابر رہا، تاہم فیصلہ کن لمحات میں ضلع نصیرآباد کی ٹیم نے عمدہ کم بیک دکھاتے ہوئے میچ پر اپنی گرفت مضبوط کرلی۔

پاکستان سپر لیگ کا لندن میں روڈ شو کروانے کا فیصلہ

روڈ شو میں عالمی سرمایہ کار، کمرشل پارٹنرز اور شائقین کی شرکت متوقع' روڈ شو جلد لندن کے تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں کروایا جائے گا، پی سی بی

پی ایس ایل دنیا کی تیزی سے بڑھتی ہوئی ٹی 20 لیگز میں شامل ہے، لیگ کی 2 نئی ٹیموں بیچنے کی تیاریاں بھی جاری ہیں: رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کا لندن میں روڈ شو کروانے کا فیصلہ کیا ہے، روڈ شو جلد لندن کے تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں کروایا جائے گا۔ پی سی بی کے اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان سپر لیگ کے روڈ شو میں عالمی سرمایہ کار، کمرشل پارٹنرز اور شائقین کی شرکت متوقع ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پی ایس ایل دنیا کی تیزی سے بڑھتی ہوئی ٹی 20 لیگز میں شامل ہے، لیگ کی 2 نئی ٹیموں بیچنے کی تیاریاں بھی جاری ہیں جس میں شامل ہونے والی 2 نئی ٹیموں میں برطانوی سرمایہ کاروں نے بھی گہری دلچسپی دکھائی ہے۔ پی سی بی کے مطابق لندن روڈ شو کا مقصد لیگ کا وژن، کمرشل ماڈل اور مستقبل کی حکمت عملی کی ترویج ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے اس حوالے سے کہا کہ لارڈز میں روڈ شو پاکستان کرکٹ کی عالمی شناخت کا ثبوت ہے۔

بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے تقریب حلف برداری اور جنرل کونسل تعارفی اجلاس

تقریب کے مہمان خصوصی سیلاب خان اوروزئی کا ہال پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا

(نامہ نگار) بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے تقریب حلف برداری اور جنرل کونسل تعارفی اجلاس گزشتہ روز ایوب اسٹیڈیم اقبال ہاؤس میں منعقد ہوا تقریب میں بلوچستان بھر کے اضلاع کے عہدے داروں اور صوبائی کابینہ کے عہدے داروں نے شرکت کی اجلاس کے پہلے سیشن کی صدارت صوبائی صدر علی احمد ریکی نے کی جس میں سرپرست اعلیٰ ملک آفتاب خواجہ خیل بھی موجود تھے اجلاس میں جنرل سیکرٹری صدام اللہ نے ایجنڈا پیش کی جس میں کلب اور اضلاع کی رجسٹریشن سالانہ پروگرام کی شیڈول بلٹ پروموشن ٹیسٹ اور دیگر مختلف ایجنڈوں پر بحث مباحثہ ہوا اور فیصلے کیے گئے اجلاس کے دوسرے سیشن میں حلف برداری کی تقریب کا انعقاد ہوا تقریب میں لیجنڈ سپورٹس مینوں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی سیلاب خان اوروزئی کا ہال پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے عہدے داروں کی تقریب حلف برداری لیجنڈ اسپورٹس مین ایوب خان گچی نے نئے کابینہ کے عہدے داروں سے حلف لیا۔

اے سی سبی منظور علی شاہ سپورٹس فیسٹیول سبی ڈویژن کے سلسلے میں تقسیم انعامات کی تقریب کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج سبی میں طالبات کی مختلف کھیلوں کی فاتح ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹو

سبی ڈویژن سپورٹس فیسٹیول 2025 رنگارنگ تقریبات اور شاندار کھیلوں کے ساتھ اختتام پذیر

کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کو مثبت مواقع اور علاقے میں امن و بھائی چارے کو فروغ ملتا ہے، کرنل منیر احمد

سبی (یو این اے) سبی ڈویژن سپورٹس فیسٹیول 2025 رنگارنگ تقریبات کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی کمانڈنٹ سبی سکاؤٹس کرنل منیر احمد تھے۔ چار روزہ فیسٹیول 27 نومبر سے 30 نومبر تک سبی، کوہلو، زیارت، ہرنائی اور ڈیرہ بگٹی کی ٹیموں کے ساتھ جاری رہا۔ کرکٹ، کبڈی، رسی کشی، بیڈمنٹن، ٹینس، فٹبال، فائر شوٹنگ، میوزیکل نائٹ اور شاندار آتش بازی نے عوام کی توجہ حاصل کی۔ افتتاح ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کرایا۔

ابوظہبی ٹی 10 میں ریکارڈز کی برسات 38 چھکوں کی نئی تاریخ رقم

ٹم ڈیوڈ نے فائنل میں تاریخ بدل دی، ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 393 رنز بنائے اور 38 چھکے لگا کر کرس لین کا 2019 کا ریکارڈ توڑ دیا

بہترین کارکردگی پر انہیں بیٹر آف دی ٹورنامنٹ اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے اعزازات سے نوازا گیا' سٹرائیک ریٹ 263.7 رہا

ابوظہبی (آئی این پی) ابوظہبی ٹی 10 کی فاتح ٹیم یو اے ای بلز نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فائنل میں بلز نے اسپین اسٹالینز کو 80 رنز سے شکست دی۔ ٹورنامنٹ کا نواں ایڈیشن دھواں دار بیٹنگ، تباہ کن بولنگ اور متعدد ریکارڈز کے باعث یادگار بن گیا۔ فائنل میں ٹم ڈیوڈ نے 98 رنز کی برق رفتار اننگز کھیل کر میچ کو یکطرفہ بنا دیا۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 393 رنز بنائے اور 38 چھکے لگا کر کرس لین کا 2019 کا ریکارڈ توڑ دیا' بہترین کارکردگی پر انہیں بیٹر آف دی ٹورنامنٹ اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے اعزازات سے نوازا گیا۔ ٹاپ رن اسکوررز میں فل سالٹ (256)، جانسن چارلس (249) نمایاں رہے۔ اسٹرائیک ریٹ میں بھی ٹم ڈیوڈ 263.7 کے ساتھ سرفہرست رہے۔

نصیرآباد DG اسپورٹس بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر شاندار کبڈی ایونٹ

عوام کی ریکارڈ شرکت' مختلف اضلاع سے نامور پہلوانوں اور کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی

تمبو (اے این این) نصیرآباد D G اسپورٹس بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر شاندار کبڈی ایونٹ، عوام کی ریکارڈ شرکت ڈائریکٹر جنرل محکمہ کھیل بلوچستان یاسر خان بازئی کی خصوصی ہدایت پر نصیرآباد کے شہید عبدالقفار اسٹیڈیم میں محکمہ اسپورٹس کے زیر اہتمام ایک روزہ کبڈی مقابلہ شاندار انداز میں منعقد ہوا، جس میں نصیرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع سے نامور پہلوانوں اور کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلے کو دیکھنے کے لیے عوام کی ایک بڑی تعداد اسٹیڈیم پہنچی، جس سے ایونٹ کا ماحول انتہائی پرجوش اور جاندار رہا۔ کھیل کے دوران کھلاڑیوں نے اپنی مہارت، طاقت اور پھرتی کا بہترین مظاہرہ کیا۔

ہیلمٹ نہ پہننے پر انگلش ٹیم کے کھلاڑی مشکل میں پھنس گئے

بین اسٹوکس سمیت دو کھلاڑیوں کو کوئنز لینڈ کے قوانین کی خلاف ورزی پر ممکنہ طور پر جرمانے کا سامنا

برسبین (آن لائن) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی ہیلمٹ نہ پہننے پر مشکل میں پھنس گئے۔ برسبین میں آسٹریلیا کے خلاف سیریز کا دوسرا ٹیسٹ کھیلنے کیلئے موجود انگلش ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس سمیت دو کھلاڑیوں کو کوئنز لینڈ کے قوانین کی خلاف ورزی پر ممکنہ طور پر جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چتکان میں گولڈن ویک 2025 کی افتتاحی تقریب

طلباء نے رسہ کشی، زور آزمائی اور دیگر دلچسپ کھیلوں میں حصہ لے کر تقریب کو پرجوش بنا دیا

پنجگور (خ ن) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چتکان میں گولڈن ویک 2025 کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ تھے۔ تقریب میں پروفیسرز، لیکچررز اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی نے فیتہ کاٹ کر تقریب کا افتتاح کیا، جبکہ طلباء نے پھولوں کے ہار پہنا کر ان کا استقبال کیا۔ تقریب سے ایم این اے پھلین بلوچ، پرنسپل پروفیسر نذیر احمد بلوچ اور بابو عبدالخالق نے خطاب کیا۔ طلباء نے رسہ کشی، زور آزمائی اور دیگر دلچسپ کھیلوں میں حصہ لے کر تقریب کو مزید پرجوش بنا دیا، جبکہ پروفیسرز اور کلاس فور ملازمین کے مابین رسہ کشی کا مقابلہ تقریب کا منفرد پہلو رہا۔ رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ طویل عرصے بعد کالج آکر خوشی ہوئی۔

بلوچستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ایف سی بلوچستان کے زیر اہتمام فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد

تقریب کے مہمان خصوصی آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ تھے فٹبال ٹورنامنٹ میں مختلف علاقوں کی ٹیموں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا

مقامی عمائدین نے ٹورنامنٹ کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیا' ایف سی کی سرگرمیاں عوام اور فورسز کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مضبوط بناتی ہیں' شائقین

کوہلو (آئی این پی) بلوچستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے زیر اہتمام ضلع کوہلو میں شاندار فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ تھے۔ فٹبال ٹورنامنٹ میں مختلف علاقوں کی ٹیموں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ ٹورنامنٹ میں نوجوان کھلاڑیوں کی کارکردگی اور جذبہ قابل دید تھا۔ مہمان خصوصی آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ مہمان خصوصی نے نوجوانوں کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی صحت مند سرگرمیاں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ مثبت راستہ بھی فراہم کرتی ہیں۔ مقامی عمائدین نے ٹورنامنٹ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہنا تھا کہ ایف سی کی سرگرمیاں عوام اور فورسز کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مضبوط بناتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں علاقائی ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ نوجوانوں میں مثبت رجحان کے فروغ کا باعث ہیں۔

پنجگور، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چتکان میں منعقدہ گولڈن ویک میں طلباء رسہ کشی کا مقابلہ کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، اسسٹنٹ کمشنر بہادر علی کھوسہ سپورٹس فیسٹیول میں حسین بخش کھوسہ کو شیلڈ دے رہے ہیں

پروہاکی لیگ، 20 رکنی پاکستانی اسکواڈ کو حتمی شکل دیدی گئی

لاہور (آن لائن) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) نے پروہاکی لیگ کے پہلے مرحلے کیلئے 20 رکنی اسکواڈ کو حتمی شکل دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پروہاکی لیگ کیلئے پاکستانی ٹیم ارجنٹائن کیلئے روانہ ہوگی۔ پاکستانی اسکواڈ میں کپتان عماد شکیل بٹ، عقیب الرحمان، عبداللہ اشتیاق، سفیان خان، عبدالحنان، محمد عبداللہ اور ارشد لیاقت شامل ہیں۔

انڈر19 ایشیا کپ کیلئے پاکستان کے اسکواڈ کا اعلان کردیا گیا

لاہور (آن لائن) انڈر19 ایشیا کپ کے لیے پاکستانی اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ فرحان یوسف پاکستان کی قیادت کریں گے جبکہ سرفراز احمد کو مینیجر اور مینٹور مقرر کیا گیا ہے۔ پاکستان کے دیگر کھلاڑیوں میں عبدالسبحان، احمد حسین، علی حسن بلوچ، علی رضا، دانیال علی خان، حمزہ ظہور اور حذیفہ احسن شامل ہیں۔ مومن قمر، محمد حذیفہ، محمد صیام، محمد شایان، نقاب شفیق اور سمیر منہاس بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ ٹورنامنٹ 12 سے 21 دسمبر تک دبئی میں شیڈول ہے، پاکستان اپنا پہلا میچ 12 دسمبر کو کوالیفائر 3 کے خلاف سیونز اسٹیڈیم میں کھیلے گا۔

کوہلو ایف سی اور میوند بریگیڈ کی جانب سے تحصیل ماوند میں کرکٹ ٹورنامنٹ

سپر بوہڑی کرکٹ کلب فاتح' کھیلوں کی سرگرمیاں امن و ہم آہنگی کے فروغ میں اہم ہیں' کمانڈنٹ میوند بریگیڈ

کوہلو (نمائندہ مشرق) بلوچستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ اور نوجوان دوست اقدامات میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) پیش پیش ہے۔ 79 ونگ میوند بریگیڈ کے زیر اہتمام تحصیل ماوند میں شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ فائنل مقابلہ ایف سی کرکٹ کلب اور سپر بوہڑی کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا، جو سپر بوہڑی کرکٹ کلب نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد جیت لیا۔ فائنل میچ میں علاقائی عمائدین، مقامی نوجوانوں اور شائقین کرکٹ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل فاروق اشرف اور ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری تھے۔

فلسطین نے قطر کو شکست دیکر فیفا عرب کپ کا پہلا میچ اپنے نام کرلیا

سٹیڈیم تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا، دونوں ٹیموں کے ایک دوسرے پر تابڑ توڑ حملے قطر اور فلسطین کے دفاعی کھلاڑی پورے میچ میں متحرک، چست اور نہایت مصروف نظر آئے

95 ویں منٹ میں چمتکار ہوگیا، فلسطینی فارورڈ کے کراس پر قطر کے دفاعی کھلاڑی سلطان البرک نے بدقسمتی سے اپنے ہی گول میں گیند ڈال دی' رپورٹ

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فیفا عرب کپ 2025 کا آغاز تاریخی انداز میں ہوگیا جہاں فلسطین کی ٹیم نے زخم زخم ہم وطنوں کے چہروں پر خوشی کی روشن مسکراہٹیں بکھیر دیں۔ سنسنی خیز میچ قطر کے البیت اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، فلسطین کے مدمقابل میزبان ملک کی ٹیم تھی اور سٹیڈیم تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا، دونوں ٹیموں کی جانب سے ایک دوسرے پر تابڑ توڑ حملے کیے گئے جو کبھی دفاعی کھلاڑیوں تو کبھی گول کیپر اور کبھی بدقسمتی سے کھلاڑی کی کک باہر جانے سے ناکام رہے۔ قطر اور فلسطین کے دفاعی کھلاڑی پورے میچ میں متحرک، چست اور نہایت مصروف نظر آئے جو مخالف ٹیم کے فارورڈز کی امیدوں پر پانی پھیرتے رہے، پے در پے ناکامیوں کے بعد سٹیڈیم میں موجود تماشائیوں اور ٹیم آفیشلز نے بھی سمجھ لیا تھا کہ اس کانٹے کے مقابلے کا انجام "ٹائی" کی صورت میں نکلے گا۔ ابھی سب میچ کے فیصلے کے لیے اضافی وقت اور اس کے بعد پینلٹی ککس کی آس لگائے بیٹھے تھے کہ 95 ویں منٹ میں چمتکار ہوگیا، فلسطینی فارورڈ کے کراس پر قطر کے دفاعی کھلاڑی سلطان البرک نے بدقسمتی سے اپنے ہی گول میں گیند ڈال دی۔

ورلڈ پاورلفٹنگ چیمپئن شپ، گولڈ میڈل حسنین رضا کے نام

حسنین رضا نے 250 کلوگرام ڈیڈ لفٹ سمیت 570 کلوگرام وزن اٹھا کر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا

کولمبو (آن لائن) سری لنکا میں ہونے والی ورلڈ پاورلفٹنگ چیمپئن شپ میں پاکستان کے حسنین رضا نے شاندار کارکردگی پیش کی اور ماسٹر 2 کیٹیگری میں گولڈ میڈل حاصل کرلیا۔ ورلڈ پاور لفٹنگ چیمپئن شپ 27 سے 30 نومبر تک سری لنکا کے شہر کولمبو میں ہوئی۔ ورلڈ ایونٹ میں پاکستانی پاور لفٹر نے 94 کلوگرام ویٹ کیٹیگری میں پرفارمنس پیش کی اور سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ حسنین رضا نے 250 کلوگرام ڈیڈ لفٹ سمیت 570 کلوگرام وزن اٹھا کر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

سری لنکن اسکواڈ وطن پہنچتے ہی امدادی سرگرمیوں میں مصروف

کولمبو (آن لائن) سری لنکن کرکٹ اسکواڈ کے اراکین وطن واپس پہنچتے ہی امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہوگئے۔ سری لنکا میں طوفان اور سیلاب سے متاثرین کیلئے امدادی کارروائیاں جاری ہیں، ٹیم گزشتہ صبح ہی دورہ پاکستان مکمل کرنے کے بعد کولمبو پہنچی۔ ٹیم کے ہیڈ کوچ سنتھ جے سوریا کی سربراہی میں سری لنکن ٹیم کے کھلاڑیوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ سری لنکن اسکواڈ کے ارکان نے امدادی سامان آرمڈ فورسز کے حوالے کیا جبکہ سنتھ جے سوریا نے مشکل وقت میں متاثرین کی مدد کرنے پر فورسز کا شکریہ ادا کیا۔ ٹیم کے ہیڈ کوچ نے مزید کہا کہ آرمڈ فورسز جو خدمات انجام دے رہی ہیں، یہ ملک کبھی فراموش نہیں کرے گا، یہ ہمارے ملک کے لئے ایک مشکل وقت ہے۔

نصیرآباد، کبڈی مقابلہ، نوجوانوں میں کھیل کے فروغ کا جذبہ

یاسر خان بازئی کی ہدایت پر صحت مند سرگرمیوں کا انعقاد جاری

شاندار مقابلے، نوجوانوں کی مہارت اور جذبہ کی بھرپور نمائش

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل محکمہ کھیل بلوچستان یاسر خان بازئی کی خصوصی ہدایت پر نصیرآباد کے شہید عبدالقفار اسٹیڈیم میں محکمہ اسپورٹس کے زیر اہتمام ایک روزہ کبڈی مقابلہ شاندار انداز میں منعقد ہوا، جس میں نصیرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع سے نامور پہلوانوں اور کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلے کو دیکھنے کے لیے عوام کی بڑی تعداد اسٹیڈیم پہنچی، جس سے ایونٹ کا ماحول انتہائی پرجوش رہا۔ کھیل کے دوران پہلوانوں نے نہ صرف اپنی مہارت، طاقت اور پھرتی کا بہترین مظاہرہ کیا بلکہ شائقین کے جوش نے مقابلے کو مزید دلچسپ بنا دیا۔ عوام نے ہر کامیاب پوائنٹ پر تالیاں بجا کر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں محکمہ کھیل کے افسران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے خصوصی شرکت کی، جن میں ضلع صحبت پور کے اسپورٹس آفیسر طارق ریاستی، ضلع جعفرآباد کے اسپورٹس آفیسر نعمت اللہ، جبکہ نصیرآباد سے بابو اختر رسول گولہ، قمر دین، عبدالقفار ڈومکی، ساجد علی جونیجو اور دیگر معزز شخصیات بھی ایونٹ میں موجود تھیں۔ اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر اسپورٹس نصیرآباد فیروز علی ابڑو نے کہا کہ DG اسپورٹس بلوچستان یاسر خان بازئی کی ہدایات پر علاقائی کھیلوں کے فروغ کے لیے ایسے مقابلے مسلسل منعقد کیے جارہے ہیں، تاکہ نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کا پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے۔

میر مرتضیٰ جنگ کی جانب سے میر سکندر عمرانی کے اعزاز میں ظہرانہ

عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ محبت، اعتماد اور اخلاص پر مبنی ہے، میر سکندر عمرانی

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد کے سیاسی و سماجی رہنما میر مرتضیٰ خان جنگ کی جانب سے سابق صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی کے اعزاز میں شاندار ظہرانے کا اہتمام نصیرآباد کی اہم سیاسی شخصیت اور معروف قبائلی رہنما میر مرتضیٰ خان جنگ نے اپنے آبائی گوٹھ میر صوبہ خان جنگ میں سابق صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا اس تقریب میں علاقے کی نامور سماجی و سیاسی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں شریک شخصیات میں میونسپل کمیٹی کے وائس چیئرمین شاہ محمد باز، میر غلام رسول خان سونگی، میر عرض محمد جنگ، میر رحیم بخش جنگ، پہلوان خان جنگ، بابو حسین بخش سونگی، نبی در محمد سونگی، مختیار احمد خان سمیت دیگر عمائدین اور معتبرین شامل تھے تمام مہمانوں نے تقریب میں شرکت کرکے میزبان خاندان کے ساتھ اپنی روایتی وابستگی کا اظہار کیا جب میر سکندر خان عمرانی گوٹھ میر صوبہ خان جنگ پہنچے تو ان کے اعزاز میں شاندار استقبال کیا گیا نوجوانوں اور قبائلی عمائدین کی بڑی تعداد نے پرجوش انداز میں ان کا خیر مقدم کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور روایتی طریقے سے انہیں قبائلی مہمان نوازی کا شاندار مظاہرہ پیش کیا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے میزبان خاندان اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نصیرآباد کے عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ محبت، اعتماد اور اخلاص پر مبنی ہے یہ رشتہ کبھی ختم ہونے والا نہیں۔ ہم ہمیشہ کی طرح آئندہ بھی اپنے عوام کے حقوق، ترقی اور مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر ان کا ساتھ دیتے رہیں گے انہوں نے مزید کہا کہ نصیرآباد کی تعمیر و ترقی ان کی اولین ترجیح ہے اور علاقے کے عوام کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

مغوی ڈرائیور غلام حسین کی عدم بازیابی کے خلاف احتجاجی دھرنا

اغواء ہونے والے سرکاری ڈرائیور کی بازیابی یقینی بنائی جائے، محمد عمر جنگ

نصیرآباد (نامہ نگار) آل پاکستان یونائیٹڈ اریگیشن ایمپلائز فیڈریشن کے صوبائی صدر محمد عمر جنگ کی قیادت میں اریگیشن ڈیرہ مراد جمالی کے مغوی ڈرائیور غلام حسین مینگل کی عدم بازیابی کے خلاف احتجاجی دھرنا اور مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر مغوی ڈرائیور کی عدم بازیابی کے خلاف نعرے اور فوری کارروائی کے مطالبات درج تھے۔ احتجاج میں پٹ فیڈر زون کے صدر فیصل ابڑو، سینئر نائب صدر شبیر احمد ابڑو، چیئرمین منظور احمد، جنرل سیکرٹری قادر ابڑو، عبدالکریم سمیت دیگر ملازمین نے شرکت کی اور شدید نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ دوران ڈیوٹی اغواء ہونے والے سرکاری ڈرائیور کی فوری بازیابی یقینی بنائی جائے۔ مظاہرین نے کہا کہ کئی دن گزر جانے کے باوجود کوئی پیش رفت نہ ہونا پولیس انتظامیہ کی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے اور یہ صورت حال نہ صرف اریگیشن ملازمین بلکہ دیگر سرکاری اداروں کی سیکیورٹی پر بھی سوالیہ نشان لگاتی ہے۔ مقررین نے واضح کیا کہ احتجاج صرف مغوی کی بازیابی تک محدود نہیں رہے گا بلکہ اگر حکومت اور متعلقہ ادارے فوری نوٹس نہیں لیا تو احتجاج پورے نصیرآباد ڈویژن میں پھیلایا جائے گا، اور نہروں کا پانی بند کرنے سمیت احتجاج کے مزید اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ملازمین پرامن ہیں لیکن مجبور کیے جانے پر احتجاج شدت اختیار کرسکتا ہے

پنجگور، رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چتکان میں گولڈن ویک کا افتتاح کر رہے ہیں

اوتھل، پیر بمبل شاہ غازی ہسپتال میں ادویات کی شدید قلت

اوتھل (یو این اے) پیر بمبل شاہ غازی کے مزار موضع ہرازی میں واقع واحد بنیادی ہیلتھ سینٹر میں ادویات کی شدید قلت نے پورے علاقے کو سنگین صحت بحران میں ڈال دیا ہے۔ ہرازی اور اردگرد کے دیہات میں موسمی بخار، کھانسی، گلے کی خراش اور نزلہ زکام کی لہریں شدت اختیار کر چکی ہیں۔ بچے، خواتین، بزرگ اور زائرین بھی شدید بیمار ہو رہے ہیں، لیکن ہسپتال میں پیراسٹامول، کھانسی، بخار اور اینٹی بائیوٹک جیسی بنیادی ادویات دستیاب نہیں ہیں۔ ہسپتال کے اسٹاف بھی شدید پریشان ہیں کیونکہ مریضوں کے علاج کے لیے کچھ دستیاب نہیں۔ پیر بمبل اور ہرازی کا علاقہ دشوار گزار اور دور دراز ہے

طور غر پہاڑ کی تقسیم پر ڈائیلاگ کا اختیار اولسی کمیٹی کا ہے

خانوزئی (نامہ نگار) طور غر پہاڑ کے تقسیم اور سرکاروقت و کمپنی مالکان سے ڈائیلاگ کا اختیار اولسی کمیٹی کے ذمہ داری ہے سماجی فورم اولسی کمیٹی خانوزئی کے پلیٹ فارم کے توسط سے سینکڑوں ایکڑ اراضی کمرشل گھریلوں فصلات کے زمین تقسیم کرد یا اعلیان خانوزئی و سیاسی و سماجی فورم کے قائدین نے مقامی نمائندہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اولسی کمیٹی خانوزئی کے پلیٹ فارم اولس کے مشترکہ فورم شمار ہوتا ہے ہر خاندان کے نمائندگی شامل ہے گزشتہ 45 سال سے اولسی کمیٹی خانوزئی بتدریج آتی چلی آرہی ہے اولسی کمیٹی کے پلیٹ فارم سے خانوزئی عوام کے (18) خاندان کے کمرشل زمین گھریلوں زمین اور فصلات کے سینکڑوں ایکڑ زمین کا ایک ایک فٹ کمیٹی ممبران نے تقسیم کردیا 98 فیصد عوام نے تقسیم قبول کرکے قبضے حاصل کر دیا اور پوری خانوزئی کے محلات کے تقسیم پر ایک گھنٹہ بھی ہڑتال نہیں ہوا ہے جبکہ آج مفاد پرست عناصر موقع پرست عناصر پیسہ پرست عناصر گھر کے چاردیواری میں قبضہ کرکے گھروالوں کو اپنی اولس کو رشتہ داروں کو گالیاں دھمکیاں بداخلاقی جھوٹ کا ماحول بنا کر گھر کا مشترکہ پہاڑ پر قبضہ حاصل کرنا شرمناک عمل ہے

ڈی سی خضدار عبدالرزاق ساسولی کا جھالاوان میڈیکل کالج کا دورہ

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف شعبہ جات کا جائزہ لیا پرنسپل جھالاوان میڈیکل کالج کے پروفیسر ڈاکٹر منیر احمد سالالانی سے ملاقات کی اس موقع پر مراد گزوزئی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کا میڈیکل کالج میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر منیر احمد سالالانی نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات میں کالج کے فیکلٹیز کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس پروفیسر ڈاکٹر محمد انور منگلزئی پروفیسر ڈاکٹر مراد مری پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد منگلزئی پروفیسر ڈاکٹر خالدہ بانو ڈاکٹر حضور بخش ڈاکٹر عبدالمطلب اور دیگر افسران بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے پرنسپل جھالاوان میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر منیر احمد سالالانی سے ملاقات باہمی دلچسپی کے امور اور جھالاوان میڈیکل کالج کے درپیش مسائل پر مرکوز رہی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر منیر احمد سالالانی نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کو کالج میں درپیش مسائل کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جس میں طلبہ اور طالبات کے ہاسٹل انتظامی امور اور دیگر سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔

ڈیرہ مراد جمالی، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی بلال عمرانی سے سرور عمرانی ملاقات کررہے ہیں

بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے، منیر درانی

19 یونین کونسلز میں 39636 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو مہم سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ قائمقام ڈی ایچ او ڈاکٹر اقبال نورزئی ڈیزیز سرولنس آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر نوروز بلوچ ڈی ایس پی منظور مینگل سمیت محکمہ صحت قلات اور دیگر تمام محکموں کے سربراہان ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آنے والے پولیو مہم سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈیزیز سرولنس آفیسر ڈاکٹر نوروز بلوچ نے بزریعہ ملٹی میڈیا پولیو سے متعلق تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم 15 دسمبر 2025 سے شروع ہوکر 18 دسمبر 2025 چار روز تک جاری رہیگا۔ پولیو کے اس مہم میں ضلع قلات کے دو تحصیل کے 19 یونین کونسلز میں 39636 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اس مہم میں ضلع قلات میں تمام یونین کونسلز میں پولیو ٹیمیں پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر منیر درانی نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے اس مرض سے بچوں کو بچانے کیلئے پولیو کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے بچوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے پولیو سے پاک معاشرہ کی تشکیل کیلئے ہم سب کو مل کر پولیو جیسے مرض کے خلاف لڑنا ہوگا جسکے لیے ہمیں لوگوں میں شعور اجاگر کرنا ہے علاقے کے خطیب علمائے کرام صحافی برادری شعراء ادباء کی ذمہ داری ہیکہ وہ پولیو سے متعلق لوگوں میں شعور اجاگر کریں تاکہ ہمارا معاشرہ پولیو سے پاک معاشرہ بن سکے پولیو مہم کو سنجیدگی سے انجام دینے کیلئے مانیٹرنگ ٹیموں کی ذمہ داری ہیکہ وہ بھرپور اپنا کردار ادا کریں تاکہ کوئی بھی بچہ اس مہم میں قطرہ پلائے بغیر رہ نہ جائے پولیو مہم کے دوران کوئی غفلت لاپرواہی قابل قبول نہیں پولیو مہم میں بہترین کارکردگی پیش کرنے والے ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔

لورالائی ڈویژن میں 15 روزہ صفائی مہم کامیابی سے اختتام پذیر

لورالائی (خ ن) لورالائی ڈویژن میں صفائی ستھرائی کے لیے شروع کی گئی 15 روزہ خصوصی مہم کامیابی سے اختتام پذیر ہوگئی، تاہم شہر میں معمول کی صفائی کا عمل بدستور پوری رفتار سے جاری و ساری ہے۔ یہ مہم کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایات اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مجیب اللہ بلوچ کی مؤثر نگرانی میں جاری رہی۔ دو ہفتوں پر مشتمل اس خصوصی مہم کے دوران گلی گلی صفائی، نالیوں کی کھدائی و بحالی، مرکزی بند نالیوں کو کھولنا، کچرے کی فوری اٹھان، جھاڑو برداری، اور مختلف زونز میں ٹریکٹر ٹرالی و سوزوکی کیری کے ذریعے کچرا منتقل کرنے کا عمل مسلسل جاری رہا۔ آج بھی کھڈی محلہ، اصغر کون محلہ، دھوبی گھاٹ محلہ سمیت متعدد علاقوں میں صفائی اور نکاسی آب کی بحالی کا کام مؤثر انداز میں مکمل کیا گیا۔ چیف آفیسر مجیب اللہ بلوچ نے کہا کہ یہ صرف 15 روزہ مہم نہیں بلکہ ایک مسلسل سفر ہے۔ ہمارا ہدف شہر لورالائی کو بلوچستان کا صاف ترین شہر بنانا ہے۔ اس کے لیے شہر بھر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے عمل کو پہلے سے زیادہ مؤثر بنایا گیا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ صفائی کو صرف سرکاری فریضہ نہ سمجھیں بلکہ سماجی ذمہ داری کے طور پر اپنے اپنے علاقوں میں بھرپور تعاون کریں۔ صفائی مہم کے دوران شہر میں واضح بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ نالیوں کی صفائی اور کچرے کی بروقت اٹھان نے متعدد علاقوں کی سابقہ صورتحال کو بہتر کردیا، جس پر شہریوں نے مکمل اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی کی کارکردگی کو سراہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سے سابق صوبائی میر حمل کلمتی کی ملاقات

سیاسی رہنما موجود تھے، مقامی سطح کے مسائل، اہم عوامی معاملات پر تبادلہ خیال

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سے سابق صوبائی وزیر میر حمل کلمتی نے ان کے دفتر میں باہمی رابطوں کے تسلسل کے طور پر ملاقات کی۔ ملاقات ڈپٹی کمشنر آفس میں خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران میر حمل کلمتی کے ہمراہ ضلع کیچ اور ضلع گوادر سے تعلق رکھنے والے علاقائی معتبرین، عمائدین اور سیاسی رہنما بھی موجود تھے، جنہوں نے مقامی سطح کے مسائل اور اہم عوامی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ڈپٹی کمشنر کیچ اور میر حمل کلمتی نے ضلع کیچ سمیت مکران ڈویژن کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں نے علاقے میں امن و ترقی کے فروغ، انتظامی امور کی بہتری، اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر علاقائی مسائل جیسے بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ اور عوامی نمائندگان کی مشترکہ کوششیں مکران میں پائیدار ترقی کی راہ ہموار کریں گی۔

حکومت کی رٹ بری طرح ناکام ہو چکی ہے، نیشنل پارٹی

نصیر آباد کے عوام جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں، میر عبدالغفور

اوستہ محمد (نامہ نگار) بلوچستان میں حکومت کی رٹ بری طرح ناکام ہو چکی ہے نصیرآباد کی عوام جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں دن دہاڑے ڈکیتی لوٹ مار اور قتل جیسے سنگین وارداتیں روز کے معمول بن چکے ہیں تاجر امان اللہ مینگل کی قتل اور ڈکیتی کی واردات کی پرزور مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر عبدالغفور مینگل ضلعی آرگنائزر میر خدا بخش ہنگلزئی ڈپٹی آرگنائزر میر عبدالباقی مینگل سینئر رہنما ڈاکٹر شاہنواز مینگل سابقہ صدر محمد اسماعیل مینگل ڈاکٹر سید مختار شاہ ڈاکٹر علی دوست عمرانی اور کامریڈ کریم بلوچ نے اپنے مشترکہ بیان میں ڈیرہ مراد جمالی میں محنت کش تاجر امان اللہ مینگل کے دن دہاڑے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتی ہے۔ بینک سے نکلتے ہی ایک معزز شہری کو سر عام فائرنگ کرکے قتل کیا جانا نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مکمل ناکامی کو بے نقاب کرتا ہے بلکہ صوبے میں عدم تحفظ کے بڑھتے ہوئے احساس کو بھی گہرا کرتا ہے۔ یہ افسوسناک واقعہ انتظامیہ، پولیس اور صوبائی حکومت کی مجرمانہ غفلت، نااہلی اور ناقص حکمرانی کا واضح ثبوت ہے ڈیرہ مراد جمالی میں امان اللہ مینگل جیسے محنت کش تاجر کا بینک سے نکلتے ہی سر عام فائرنگ کرکے قتل کیا جانا نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ناکامی کو بے نقاب کرتا ہے بلکہ شہریوں میں شدید خوف و ہراس بھی پھیلا دیتا ہے۔ یہ واقعہ انتظامیہ، پولیس اور صوبائی حکومت کی مجرمانہ غفلت اور نااہلی ہے

"Self-Accountability is the Best Accountability"

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Buildings), CWPP&H Department District Sibi, invites sealed percentage rates tenders based on CSR-2023 Government of Balochistan from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the work mentioned below.

Earnest Money 2%, Completion Time Period, Two years, Tender Fee 2000/-

S#	Name of Scheme	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF RESIDENCE FOR ADC(R) DISTRICT SIBI. PSDP No.164 Z2025.0492 **TSE-252612918173**	36.959 M

Bidding process of aforementioned work will be carried out in accordance with the relevant rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **PRELIMINARY / BASIC ELIGIBILTIY CRITERIA**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-4** or above for the work with specialization codes CE10 in relevant discipline with till date renewal and as well registration with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA with till date renewal), where applicable. The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents through BPPRA Website (www.bppra.gob.pk) under TSE No. given above, on production of green challan form for an amount of Rs.2000/- (NON-REFUNDABLE) deposited in the head of account **C-0271** thorough Government Treasury / National Bank of Pakistan from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e. 19/12/2025. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Bid can be submitted latest by 19th December, 2025 till 11:00 AM. **OPENING OF BID(S)**: Tender will be opened on same day at 12:00 PM. Through EPPS. **Only electronic bid will be submitted; no physical bid is required. BID VALIDITY**: Ninety (90) days. **OFFICE ADDRESS / INFO**: Office of the Executive Engineer Buildings CWPP&H Department Balochistan at Sibi, Mobile No.0300-9386600, Email address:Noumanraisani001@gmail.com **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

Executive Engineer (Buildings)
CWPP&H Department
District Sibi

PRQ No.2657/02-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ

منکہ قربان علی ولد امام بخش بقائمی ہوش و حواس سے حلفیہ بیان لکھ کر دیتا ہوں کہ میرا موٹر سائیکل کا شوروم جو کہ عبداللہ شاہ ٹاؤن ڈیرہ مراد جمالی کے قریب واقع ہے جی بلوچ ہنڈا ایجنسی جیکب آباد سے دس موٹر سائیکل سی ڈی 70 کے اصل لیٹر جاری ہوئے تھے وہ کہیں گر کر گم ہوگئے ہیں جن کے انجن نمبرز V067889,V061471,V061434, V067877,V068015,V068023,V068093, V068135,V068098,V068142 اور چیسز نمبرز JF986745,JF986752,HB001339,HB001338,HB001502, HB001559,HB001550,HB001601,HB001616,HB001580 جنہیں میں سائل نے کافی تلاش کیا مگر دستیاب نہ ہوسکے جو حلفیہ بیان تحریر کیا ہے وہ لفظ بہ لفظ درست ہے۔ اس میں امر پوشیدہ نہ رکھا جائے۔

المشتہر قربان علی ولد امام بخش

نمائندہ نصیرآباد

بعدالت جناب سینئر سول جج 2 کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 25/25 — آئندہ تاریخ پیشی 11/12/2025

یاسمین بیوہ میر محمد اسماعیل لہڑی سکنہ مکان نمبر 518 گلی شاہوزئی بروری روڈ کوئٹہ 2۔ میر محمد میران لہڑی ولد میر محمد اسماعیل لہڑی بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ بالا عنوان میں سائل / سائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 11/12/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کی جاتی ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 2/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62458

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو

کیس نمبر 18/25 — آئندہ پیشی 10/12/2025

مسماۃ حیات بی بی زوجہ سٹی خان دختر شیر علی قوم محمدانی سکنہ کوہلو بنام سٹی خان ولد گبور خان قوم محمدانی مری ساکن مری بوہڑی ضلع بارکھان

دعویٰ: تنسیخ نکاح

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا دعویٰ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ سماعت مورخہ 10/12/2025 کو عدالت ہذا میں مقرر ہو چکی ہے مذکورہ مقدمہ میں تم مدعا علیہ کے نام پر کافی سمنات جاری ہوئے جو کہ تم مدعا علیہ پر باضابطہ طریقے سے تعمیل نہ ہو سکا بعدازاں تمہارے نام پر چسپاندگی نوٹس بھی جاری ہوا اس کے باوجود تم مدعا علیہ عدالت ہذا میں پیش ہونے سے گریزاں ہو اس بار تمہارے خلاف اشتہار اخبار جاری کر کے تمہیں مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنے دعویٰ کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 25/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

STAFF

بقیہ 1 — علیمہ خان

پر یہ سب کچھ کرنے کی جرات کر رہے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ عمران خان بڑے غصے میں تھے، انہوں نے بتایا کہ مجھے سارا دن کمرے میں بند رکھا جاتا ہے اور کبھی کبھی باہر نکالتے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ عمران خان نے کچھ ہدایات دی ہیں، کچھ سوالات پارٹی کی جانب سے بھجوائے گئے تھے، سلمان اکرم راجہ اور حامد خان جیسے کہیں گے پی ٹی آئی اسے سپورٹ کرے گی۔ علیمہ خان کے مطابق عمران خان نے کہا ہے کہ محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کی عزت کرتا ہوں، پارٹی پیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کے سامنے احتجاج کرے اور کوشش کرے کہ ان کی بطور قائد حزب اختلاف نوٹیفکیشن جاری ہو، حیران ہوں کہ ابھی تک نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوئے، تحریک کی ذمہ داری محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کو دی ہے، وہ اتحاد کے لیڈرز ہیں۔ علیمہ خان کے مطابق بانی نے شاہد خٹک کو پارلیمانی لیڈر نامزد کیا ہے، بانی نے سہیل آفریدی کو کہا کہ آپ فرنٹ فٹ پر کھیلیں۔ علیمہ خان کے مطابق بانی نے کہا کہ جنہوں نے ہمیں جیل میں ڈالا ہمارے لوگ انہیں کیساتھ سوشلائز کر رہے ہیں جو پارٹی ممبرز وکٹ کی دونوں جانب کھیل رہے ہیں ان کی پارٹی میں کوئی جگہ نہیں، یہ پارٹی کے میر جعفر اور میر صادق ہیں، بانی نے کہا پہلے افغانستان کو دھمکیاں دیں، پھر ڈرون حملے کیے اور پھر بے عزتی کرکے نکالا ایسا کرنے سے دہشت گردی بڑھے گی ختم نہیں ہوگی۔ علیمہ خان کے مطابق عمران خان نے کہا کہ ایک شخص کی پالیسیز کی وجہ سے ملک کا نقصان ہو رہا ہے اور دہشت گردی بڑھ رہی ہے، یہ سب اس لیے کیا جا رہا ہے کہ دنیا انہیں مجاہد کہہ سکے، یہ اسٹیبلشمنٹ مافیا، چینی مافیا، لینڈ مافیا یہ مینڈیٹ چور آپ کو غلام بنا کر رکھیں گے اگر آپ آزادی چاہتے ہیں تو آپ کو اٹھنا اور لڑنا پڑے گا۔ دریں اثنا بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ان کو بڑی فکر ہے بھارتی میڈیا پر بات کیوں کی، ہم پوری دنیا کے میڈیا پر اپنی آواز اٹھائیں گے۔ راولپنڈی میں فیکٹری ناکے پر میڈیا سے گفتگو میں علیمہ خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو ایک ماہ سے قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، یہ بانی پی ٹی آئی سے ان کی فیملی کی ملاقات سے خوفزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج لگتا ہے انہوں نے آدھے پنجاب کی پولیس یہاں تعینات کر دی ہے، اتنی پولیس لگانے کی کیا وجہ ہے، انہوں نے سڑک پر گندا پانی بھی چھوڑا ہے۔ علیمہ خان نے مزید کہا کہ ہمیں نہیں سمجھ آ رہی ان کو کیا خوف ہے، ان کو بڑی فکر ہے بھارتی میڈیا پر بات کیوں کی، ہم پوری دنیا کے میڈیا پر اپنی آواز اٹھائیں گے۔ آن کا کہنا تھا کہ بھائی سے ملنے کا ہمارا قانونی اور آئینی حق ہے، جب تک ملاقات نہیں کروائیں گے ہم انتظار کرتے رہیں گے۔ بانی چیئرمین نے یہ بھی کہا کہ مریم نواز نے جو پولیس کھڑی کی ہے، یہ غیر جمہوری ہے، حکومت جھوٹ پر جھوٹ بول رہی ہے، ملاقات کروائیں سارا مسئلہ ختم ہوگا۔

بقیہ 2 — اشتہاری قرار

ہیں۔ مہر جاوید، محمد احمد چٹھہ، رائے حسن نواز، بلال اعجاز اور مرتضیٰ خان کو بھی اشتہاری قرار دیا گیا۔ اشتہاری قرار دیے گئے ملزمان میں اشرف سوہنا، چوہدری آصف، شکیل نیازی اور محمد افضل اقبال بھی شامل ہیں۔ حیدر مجید، شاہیر سکندر اور حمزہ لطیف بھی اشتہاری قرار دیے جانے والے ملزمان میں شامل ہیں۔ عدالت نے تمام ملزمان کی غیر منقولہ جائیداد ضبط کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں، ملزمان کے متعلقہ اضلاع کے ریونیو افسران کو بھی احکامات جاری کیے گئے۔ عدالت نے ریونیو افسران کو ملزمان کی جائیداد قرق کرنے کا حکم بھی دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ ملزمان مقررہ تاریخ کے اندر عدالت کے سامنے سرنڈر نہیں کرتے تو ان کی جائیداد نیلام کی جائے، عدالت نے ملزمان کے ضامنوں کو بھی نوٹسز جاری کر دیئے ہیں۔

بقیہ 3 — جسٹس کامران خان ملاخیل

صدارت میں منعقد ہوا، جس میں اعلیٰ عدلیہ میں مختلف اہم تقرریوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سب سے پہلے سندھ ہائیکورٹ کے نئے چیف جسٹس کی تقرری سے متعلق مشاورت کی گئی، 3 سینئر ججز کے ناموں کا جائزہ لیا گیا۔ تفصیلی غور و خوض کے بعد کمیشن نے جسٹس ظفر راجپوت کو سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر نامزد کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق اس کے بعد اجلاس میں بلوچستان ہائیکورٹ کے مستقل چیف جسٹس کی تعیناتی کا معاملہ بھی زیر بحث آیا، اس کے لیے بھی 3 سینئر ججز جسٹس کامران خان ملاخیل، جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس شوکت علی رخشانی کے ناموں پر غور کیا گیا اور کمیشن نے جسٹس کامران خان ملاخیل کے نام کی منظوری دے دی۔ جوڈیشل کمیشن نے سپریم کورٹ میں مستقل جج کی تعیناتی کیلئے بھی مشاورت کی، اسلام آباد ہائیکورٹ کے سینئر جج جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کے نام کی منظوری دے دی گئی ہے۔ آئین کے مطابق اعلیٰ عدلیہ میں تقرریاں جوڈیشل کمیشن کی سفارش اور پارلیمانی کمیٹی کی توثیق سے مشروط ہوتی ہیں، سندھ ہائیکورٹ اور بلوچستان ہائیکورٹ کے نئے چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے نئے مستقل جج کی نامزدگیوں سے متعلق سفارشات صدر مملکت کو بھجوائی جائیں گی، جس کے بعد باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 4 — ریمانڈ منظور

رپورٹ کے مطابق، یہ حادثہ پیر کی رات گئے اسلام آباد میں پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس کے قریب پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر ایک تیز رفتار سیاہ رنگ کی گاڑی نے پی این سی اے میں کام کرنے والی دو لڑکیوں کو ٹکر مار دی جسے جج کا کم عمر بیٹا چلا رہا تھا۔ جاں بحق ہونے والی لڑکیاں اسکوٹر پر سوار تھیں جب انہیں گاڑی نے ٹکر ماری اور وہ مبینہ طور پر موقع پر ہی دم توڑ گئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ٹکر کے بعد گاڑی فوراً موقع سے فرار ہوگئی۔ سب انسپکٹر محمد اصغر کی مدعیت میں درج کی گئی ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ پولیس نے رجسٹریشن نمبر کی مدد سے گاڑی کا سراغ لگایا اور بعد ازاں ایک نجی ہسپتال پہنچے جہاں ملزم کو طبی امداد کے لیے لایا گیا تھا۔

بقیہ 5 — میر سرفراز بگٹی

نمایاں بہتری آئی ہے انہوں نے کہا کہ ان مراکز صحت کی بحالی سے ہر سال صوبے کے ایک لاکھ سے زائد مریض او پی ڈی کی سہولت سے مستفید ہوں گے، جو گلی محلوں اور دیہی سطح پر عوام کو فوری طبی سہولیات کی فراہمی میں ایک اہم پیش رفت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں اس بات پر زور دیا کہ سروس ڈیلیوری اور گورننس میں بہتری کے بغیر دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنا ممکن نہیں انہوں نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر لکھا کہ حکومت کا فوکس گورننس کو مضبوط بنانے، عوامی خدمات کی بہتر فراہمی اور حکومتی اداروں کی کارکردگی کو مزید موثر بنانے پر ہے کیونکہ ایک مضبوط اور مستحکم نظام ہی دہشت گردی کے خاتمے کا ضامن بن سکتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں کی جانے والی یہ اصلاحات حکومت کی ترجیحات کی عکاسی کرتی ہیں اور مستقبل میں بھی عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے ایسے اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ 6 — محمود خان اچکزئی

کہ آئین کی بنیادیں ہلا دیں موجودہ حکومت نے آئین کی بنیادیں اکھاڑ دی ہے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ظلم اور ظالم حکمرانوں کے خلاف کھڑے ہوں گے۔ پاکستان 5 قوموں کا مسکن ہے یہ ایک سوشل کنٹریکٹ کے ذریعے چلے گا اس لئے قوموں سے بات کرکے ملک کو چلایا جائے موجودہ حکومت نے آئین کی بیخ نکال دی ہے جنگ پاگلوں کا کام ہے ہم جنگ کے حامی نہیں کیونکہ اسلام میں جنگ کو پسند نہیں کیا جاتا پاکستان کو بنانا ہے تو یہ طریقہ نہیں چلے گا ہر جگہ قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے یہ سلسلہ ختم ہونا چاہئے ملک میں 90 کروڑ کا ووٹ فروخت ہو رہا ہے اس رقم سے کتنے ہسپتال اور کتنے غریبوں کو کھانا کھلایا جاسکتا ہے افغانوں نے پاکستان کی جنگ لڑی روس کا مقابلہ کیا اب ان کی بلوچستان سمیت دیگر صوبوں میں تذلیل کی جارہی ہے جو درست عمل نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے بانی خان عبدالصمد خان اچکزئی کی 52ویں برسی کے موقع پر کوئٹہ میں منعقدہ جلسہ سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، پاکستان تحریک انصاف سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نواب ایاز خان جوگیزئی، ساجد ترین ایڈووکیٹ، اخونزادہ حسین یوسفزئی، خالد یوسف چوہدری، عبدالرحیم زیارتوال، عبدالرؤف لالا، عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، داؤد شاہ کاکڑ، کبیر افغان سمیت دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم ایسی پارلیمنٹ چاہتے ہیں جہاں عوام کے منتخب نمائندے بیٹھے ہوں، جہاں آئین و قانون اور عوام کے حقوق کی باتیں ہوں، اور ملک کی داخلہ و خارجہ پالیسیاں پارلیمنٹ میں بنیں ظالم حکمرانوں کے خلاف کوئی کھڑا ہو یا نہ ہو پشتونخوا میپ اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کھڑی ہوگی، آج پشتونوں کو قومی اتحاد اور قومی اتفاق کی ضرورت ہے، پشتونخوا میپ نے فیصلہ کیا ہے کہ عوام کے باہمی مسائل عوام کو بیٹھا کر حل کریں گے پاکستان میں آج 2 قسم کی عدالتیں ہیں ایک سیاسی عدالت ہے جو ان لوگوں کے خلاف بنائی گئی ہے جو جمہوری اور مثبت سوچ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی صوبے کے چار کروڑ عوام کا نمائندہ ہے، وہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل کے باہر بیٹھے تو خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانے کی دھمکیاں آنا شروع ہوگئیں انہوں نے حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمت کرکے گورنر راج لگائیں پھر ہم عوامی راج لگائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چوری شدہ یا زور کی بنیاد پر حاصل کردہ اکثریت رکھنے والی پارلیمنٹ آئین کے بنیادی ڈھانچے میں تبدیلی کا حق نہیں رکھتی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایسی اکثریت حاصل کرنے کے لیے پی ٹی آئی کے خلاف ریاستی جبر کیا گیا، ہزاروں گھروں کی چادر و چار دیواری پامال کی گئی، کارکنان کو تھانوں اور عقوبت خانوں میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا، عزت نفس مجروح کی گئی۔ اس کے باوجود عوام نے پی ٹی آئی کو مینڈیٹ دیا، مگر ووٹ گننے کے بجائے تیسرے اور چوتھے نمبر کے امیدواروں پر ٹھپہ مار کر انہیں کامیاب قرار دیا گیا، بعض کو کروڑوں روپے کے عوض جتوایا گیا۔ جب پھر بھی اکثریت پوری نہ ہوئی تو "ٹھوک کے حساب" سے اپوزیشن ارکان کو عدالتی فیصلوں کے ذریعے نااہل کرا کے نشستیں جعلی حکومت کی جھولی میں ڈال دی گئیں۔ ایسی پارلیمنٹ کی نمائندہ حیثیت کہاں سے آئی؟ اور جب ہم یہ سوال اٹھاتے ہیں تو حوالدار اسپیکر ناراض ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتیں بھی اب انصاف دینے سے قاصر ہیں۔ ہمیں حق و باطل پارلیمنٹ اور عدالت میں فرق سمجھ کر عوام کو آگاہ کرنا ہوگا۔ اسی لیے تحریک تحفظ آئین پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ ظلم کے خلاف کھڑے ہوں گے، کیونکہ ظلم پر خاموشی خدا کی پکڑ کا باعث بنتی ہے۔ ہم ظلم کے سامنے سر جھکانے والے نہیں۔

بقیہ 7 — پاکستان

ٹھکنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ منگل کو دفتر خارجہ نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ بھارت مسلسل پاکستان سے سری لنکا کیلئے انسانی مدد میں رکاوٹ بن رہا ہے، خصوصی امدادی پرواز سری لنکا روانہ کرنے کیلئے پاکستان کو بھارت سے اجازت ملنے میں 60 گھنٹے سے زائد تاخیر کا سامنا ہے۔

بقیہ 8 — بیرسٹر گوہر

میں اڈیالہ جیل کے قریب میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 4 نومبر سے بانی پی ٹی آئی سے کسی کی ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ بانی پی ٹی آئی کی ایک بہن کی آج ان سے ملاقات ہوئی ہے، ملاقات سے پہلے ہو جاتیں تو اتنی تشویش نہ ہوتی۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو تنہائی میں رکھنا 70 فیصد عوام کو آئسولیٹ کرنے کے برابر ہے، ہماری ملاقات تو نہیں ہوئی البتہ عظمیٰ خان کی ملاقات ہوگئی ہے۔

بقیہ 9 — اسسٹنٹ کمشنر

میر انشاء روڈ گلو ملز کے قریب پولیس موبائل پر مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی، نامعلوم مسلح افراد زخمی پولیس اہلکاروں سے اسلحہ بھی لے گئے۔

بقیہ 10 — ضمنی انتخاب

سے 5 دسمبر 2025 تک ریٹرننگ آفیسر کے دفتر میں کاغذات نامزدگی جمع کرا سکیں گے، نامزد امیدواروں کی فہرست 6 دسمبر 2025 کو شائع کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 8 دسمبر 2025 تک مکمل کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی منظور یا مسترد ہونے کے خلاف اپیلیں 10 دسمبر 2025 تک دائر کی جاسکیں گی۔

بقیہ 11 — سعودی شہزادہ

عبداللہ بن فہد کی نماز جنازہ ریاض کی جامع امام ترکی بن عبداللہ میں عصر کی نماز کے بعد ادا کی جائے گی۔ رپورٹس کے مطابق ایوان شاہی نے متوفی کے لئے رحمت و مغفرت اور بلند درجات کی دعا کی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سعودی عرب میں مشرقی صوبے کے سابق امیر شہزادہ محمد بن فہد 75 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 12 — گیس لیکج

3 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا ریسکیو حکام کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے نواں کلی میں عبدالخالق روڈ پر ایک گھر میں گیس سلنڈر لیکج کے باعث زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک شخص جھلس کر زخمی ہوگیا اور گھر میں آگ بھڑک اٹھی جس پر فائر بریگیڈ نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر قابو پالیا

بقیہ 13 — سزاؤں کا اعلان

لیے براہ راست یا بالواسطہ تکنیکی، مالی، لاجسٹک یا کوئی دوسری مدد فراہم کرنے پر 25 سال قید اور ایک کروڑ روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ بائیولوجیکل ہتھیاروں کے پاکستان یا پاکستان سے باہر استعمال یا استعمال پر پابندی ہوگی، بائیولوجیکل ہتھیار پاکستان یا پاکستان سے باہر استعمال کرنے پر سزائے موت یا عمر قید ہوگی۔ بائیولوجیکل مواد یا ٹیکنالوجی کی ترسیل کی درآمد متعلقہ وزارت کنٹرول کرنے کی مجاز ہوگی۔ حیاتیاتی ذیابات کے ذریعے، بیکٹیریا، وائرس یا کسی بھی قسم کی ایجنٹس بائیولوجیکل ہتھیار کی تیاری پر 10 سے 25 سال قید ایک کروڑ جرمانہ ہوگا۔

بقیہ 14 — سری لنکا، اموات

۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ سری لنکا میں 2004 کے سونامی کے بعد بدترین قدرتی آفت قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ 15 — ایمل ولی

جائے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو ایمل ولی نے کہا کہ ہم گورنر راج کی مخالفت کرتے ہیں، کی ہے اور کرتے رہیں گے۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ جو گند کیا ہے اب اسے برداشت کرنا ہوگا،

مینڈیٹ چوری کو میں اس وقت گند کا نام دے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کبھی بھی غیر جمہوری عمل کا ساتھ نہیں دیں گے۔

بقیہ 16 — بل منظور

کا مشترکہ اجلاس منگل کو سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی صدارت منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتی بل 2025 پیش کیا، یہ بل صدر مملکت کی جانب سے بحث کیلئے واپس بھیجا گیا تھا، پیپلز پارٹی نے تحریک کی حمایت کی جبکہ پیپلز پارٹی کے قادر پٹیل نے مخالفت کر دی اور ایوان سے چلے گئے۔ سینیٹر عبد القادر اور ایمل ولی خان نے بھی بل کی مخالفت کی، اپوزیشن اراکین کی جانب سے اسپیکر ڈائس کے سامنے کھڑے ہو کر حکومت مخالف نعرے لگائے گئے۔ اپوزیشن کی شدید نعرے بازی کے باعث سپیکر اور وزیر قانون نے ہیڈ فون لگالئے۔ بل کے حق میں 160 ووٹ جبکہ مخالفت میں 79 ووٹ پڑے۔ وفاقی وزیر قانون نے قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتی بل 2025 پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرآن و سنت کے منافی کسی قسم کی قانون سازی نہیں ہوسکتی، اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ یہ اقلیتوں کے حقوق کا بل ہے، قیدی نمبر 804 کو کچھ نہیں ہوگا۔ یہ انتہائی اہم قانون ہے۔ اقلیتوں کی تعریف کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ سپریم کورٹ نے 2014 میں فیصلہ دیا تھا کہ کمیشن بنایا جائے لہٰذا اس قانون پر سیاست نہ کی جائے۔ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتی بل 2025 کی شق وار منظوری لی گئی۔ قومی کمیشن حقوق اقلیتی بل سے شق 35 حذف کر دی گئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے شق واپس لے لی۔

بقیہ 17 — فضل الرحمان

طبقاتی تقسیم کرتا ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ قوم میں ان ترامیم کو قبول نہیں کیا گیا، کوشش کی جائے کہ آئین متنازع نہ ہو، یہ ترمیم اسی طرح متنازع ہوگی جیسے 18ویں ترمیم سے پہلے کی ترامیم۔ انہوں نے کہا کہ سال 1973 میں ذوالفقار علی بھٹو کے پاس دو تہائی اکثریت تھی، وہ آئین میں ترمیم کر سکتے تھے مگر ان کی طرف سے مذاکرات کیے گئے۔

بقیہ 18 — دو بچے زخمی

میں شہری حاجی ظفر ساسولی کا گھر تباہ ہوگیا، راکٹ حملے میں حاجی ظفر کے گھر کے 2 معصوم بچے زخمی ہوگئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو اسپتال پنجگور منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجگور میں شہری آبادی کو نشانہ بنانے کا یہ افسوس ناک واقعہ آج صبح تقریباً 8:30 بجے پیش آیا

بقیہ 19 — عاصم منیر

خطے میں امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کے لیے شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل نے پاکستان اور ترکی کے درمیان گہرے اور تاریخی برادرانہ تعلقات پر روشنی ڈالی اور مختلف بین الاقوامی فورمز پر ترکیہ کی جانب سے پاکستان کے لیے حمایت کو سراہا۔

بقیہ 20 — بڑی پیش رفت

سے ریکارڈ طلب کرلیا۔ منگل کو جسٹس طارق جہانگیری ڈگری سے متعلق کیس کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہوئی، جس میں عدالت عالیہ نے ایچ ای سی کے ذریعے کراچی یونیورسٹی سے ریکارڈ طلب کرلیا ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس اعظم خان نے اس حوالے سے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 21 — وزیراعظم

سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار معاشی اصلاحات کیلئے نجی شعبے کے ماہرین و کاروباری شخصیات پر مشتمل ٹیکس کے شعبے کی اصلاحات سے متعلق قائم ورکنگ گروپ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، علی پرویز ملک، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ورکنگ گروپ کے چیئرمین شہزاد سلیم سمیت دیگر ممبران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 22 — تردید کردی

کر گئے ہیں، اس بے بنیاد خبر نے سوشل میڈیا پر بے چینی پھیلا دی۔ حقیقت میں سندھ کے شہر حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے 65 سال کے سینئر کرکٹر معین خان راجپوت کا انتقال ہوا تھا لیکن سوشل میڈیا پر معین راجپوت کی بجائے قومی ٹیم کے سابق کپتان معین خان کی تصویر شیئر کر گئی۔ افواہوں کے بعد سابق وکٹ کیپر بیٹسمین نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام جاری کیا جس میں انہوں نے بتایا کہ میں بالکل خیریت سے اور بہت صحت مند ہوں انہوں نے جھوٹی خبریں پھیلانے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صبح سے ایک خبر گردش کر رہی ہے

بقیہ 23 — موٹروے بند

سے گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ موٹروے کی بندش کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا ادھر نوشہرہ اور چارسدہ سے بھی روانہ ہونے والا پی ٹی آئی کا قافلہ صوابی انٹرچینج پہنچا۔ دوسری جانب موٹروے پولیس کے مطابق ایم ون صوابی انٹرچینج (417 کلومیٹر) سڑک بند رہی۔

بقیہ 24 — امداد کا اعلان

کا شکار ہوئے۔ یورپی یونین کی جانب سے فراہم کی جانے والی یہ امداد نقد معاونت کی صورت میں دی جائے گی تاکہ شدید متاثرہ افراد کی بنیادی ضروریات فوری پوری کی جاسکیں۔ یورپی یونین کی جانب سے ستمبر میں بھی 10 لاکھ 50 ہزار یورو فراہم کیے گئے تھے جو صحت، صاف پانی، صفائی اور دیگر ضروری خدمات کے لیے استعمال ہوئے۔ رواں سال کی مون سون بارشوں سے ملک بھر میں تقریباً 70 لاکھ افراد متاثر جبکہ 29 لاکھ سے زائد افراد بے گھر ہوئے، سیلاب سے ہزار سے زائد اموات رپورٹ ہوئیں اور دو لاکھ سے زیادہ گھروں سمیت زرعی اراضی اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 25 — دہشتگرد ہلاک

عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان کے مختلف علاقوں میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر 2 الگ الگ کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ "الخوارج" کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر میر علی کے عمومی علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، جہاں سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آپریشن کے دوران فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کے تبادلے میں 6 خوارج مارے گئے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق اسپین وام کے علاقے میں بھی سیکورٹی فورسز نے ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی، جس میں ایک دہشت گرد کو مار گرایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ بھارتی سرپرستی میں سرگرم یہ خوارج سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں سمیت بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے۔

حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں ہر چیز سیاست کی نذر نہیں کرنا چاہیے، نائب وزیراعظم

قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتان 2025 پر اٹھائے گئے اعتراضات دور کر دیے ہیں، حکومتیں کسی کی وراثت نہیں ہوتیں

اپوزیشن والے قیدی 804 کو رہائی کے نعرے کے ساتھ ایوان سے چلے گئے، یہ روایت قوم دیکھ رہی ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں ... پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس ... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی کا ... کا جائزہ لے رہے ہیں

جنگوں سے اسلحہ ساز کمپنیوں کو اربوں ڈالرز کا فائدہ ہوا، محمد عبدالقادر

سینیٹر ... اسلحہ ساز کمپنیاں اپنا اسلحہ فروخت کرنے کے لئے عالمی سطح پر بڑی خوفناک لابنگ کرتے ہوئے مختلف ملکوں، قوموں اور نان اسٹیٹ ایکٹرز کے مابین غلط فہمیاں ... اسلحہ فروخت ہونے لگتا ہے سال 2024ء میں یوکرین، روس، غزہ، اسرائیل، یورپ، مشرق وسطی کی جنگوں ... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایم اینڈ ڈی سی میں ملک گیر ڈیجیٹل انسپکٹر ٹریننگ کی تیاریاں مکمل

یہ پروگرام انسپکٹرز کو ڈیجیٹلائزڈ کالجز کے معائنوں کی تربیت فراہم کرے گا

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) نے اپنے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد کیا جس میں 9 سے 11 دسمبر 2025ء کو ہونے والے تین روزہ قومی انسپکٹر ٹریننگ پروگرام کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔ یہ پروگرام پی ایم اینڈ ڈی سی کی جدیدیت کے اقدامات کے تحت انسپکٹرز کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائزڈ کالجز کے معائنوں کی تربیت فراہم کرے گا۔ اجلاس میں 12 ماسٹر ٹرینرز نے شرکت کی، جنہوں نے ملک ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں تیزی لائی جائے، ڈپٹی کمشنر

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ترقیاتی اسکیمات کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے، مہر اللہ بادینی

محکموں کے تعاون سے کام کی رفتار میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں جاری تمام ترقیاتی اسکیمات پر کام کی پیش رفت کے حوالے سے مشترکہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں کوئٹہ کے تمام ایکسین روڈز اور بلڈنگز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، اور سب ڈویژن سٹی، صدر، چلاک اور سریاب کے اسسٹنٹ کمشنرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں تمام سب ڈویژنز میں جاری ترقیاتی اسکیمات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

محنت، لگن اور ٹیم ورک ہی فوج کو ممتاز بناتی ہے، فیلڈ مارشل

کمبرین پیٹرول میں حصہ لینے والی ٹیم کی کامیابی قوم کیلئے باعث فخر ہے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جی ایچ کیو میں کمبرین پیٹرول میں حصہ لینے والی پاک فوج کی ٹیم کی ملاقات ہوئی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دنیا کی کٹھن ترین فوجی مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے پر ٹیم کو مبارکباد دی اور ان کی جسمانی برداشت، مہارت، سخت تربیت اور شاندار ٹیم ورک کو سراہا۔ ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کے عوام کو پانی کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، سردار کھیتران

افسران باہمی رابطہ مضبوط اور عوامی ریلیف کیلئے موثر حکمت عملی اپنائیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران کی سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی کے دفتر آمد، جہاں پر انہیں گوادر میں پانی کے سنگین مسائل اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران چیف انجینئر نارتھ اعظم ز ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ ایکسائز کا ’’اینٹی کرپشن ویک‘‘ منانے کا باضابطہ اعلان

تمام اضلاع میں بینرز نمایاں مقامات پر نصب کیے گئے ہیں، ڈی جی ایکسائز

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان نے نیب بلوچستان کے تعاون سے ’’اینٹی کرپشن ویک‘‘ منانے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ یہ خصوصی مہم 1 سے 9 دسمبر 2025 تک صوبے بھر میں جاری رہے گی۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

خصوصی افراد معاشرے کا قابلِ احترام طبقہ ہے، سلیم کھوسہ

ہماری ذمہ داری ہے کہ انہیں ایسا ماحول دیں جہاں وہ قابلیت کے مطابق کردار ادا کر سکیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، صحت، تعلیم اور روزگار کے حوالے سے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے خصوصی افراد ہمارے معاشرے کا قابل احترام اور اہم ترین طبقہ ہیں معذوری کسی فرد کی صلاحیت کا خاتمہ نہیں بلکہ یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم انہیں ایسا ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد دفعہ 144 انٹیلی جنس رپورٹ پر نافذ کی، طلال چوہدری

وزیراعلیٰ کے پی نے سرکاری وسائل استعمال کر کے اسلام آباد یا کہیں اور سیاسی سرگرمی کی تو کارروائی کریں گے

بانی پی ٹی آئی کو اسلام آباد جیل منتقل کرنا قبل از وقت ہے، جیل کا تھوڑا کام رہتا ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ... دفعہ 144 انٹیلی جنس رپورٹ کی روشنی میں نافذ کی ... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ... کی صدارت کر رہے ہیں

میر علی حسن زہری کی کاوشیں، حب میں تاریخی سرمایہ کاری کی تیاریاں مکمل

50 ملین ڈالر کی خطیر رقم سے گڈانی میں سرمایہ کاری سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

حب (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے ... جرمن کمپنی (GmbH) ... 50 ملین ڈالر ... سرمایہ کاری ... جا رہا ہے سرمایہ کار جرمن کمپنی (AOCH) ... ہو گئے ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی، آر سی ڈی شاہراہ پر حادثہ خاتون جاں بحق

نوشکی (آن لائن) آر سی ڈی شاہراہ پر ... گاڑی ... ایک خاتون موقع پر جاں بحق ہو گئی، مرحومہ حاجی میر جمعہ خان لانگو کی صاحبزادی تھی۔

نوکنڈی سے سبی تک ریلوے ٹریک اپ گریڈ کرنے کا فیصلہ

360 ملین ڈالر کا منصوبہ 3 سال میں مکمل ہونے کی توقع ہے، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلویز

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ ریلویز نے ریکوڈک منصوبے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نوکنڈی سے سبی تک چھ سو کلومیٹر ریلوے ٹریک کو اپ گریڈ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلویز عمران حیات خان کے مطابق نئی ریلوے لائن بیرون ممالک سے منگوائی جائے گی اور ٹریک اپ گریڈیشن کا کام آئندہ برس فروری میں شروع ہوگا اس منصوبے پر 360 ملین ڈالر کے اخراجات آئیں گے اور اسے تین سال کی مدت میں مکمل کرنے کی ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ریاست مخالف سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھارت اور افغانستان سے آپریٹ ہونے کا انکشاف

مفتی نورولی، غازی میڈیا نیٹ افغانستان، احسان اللہ احسان اور اسلام آباد پوسٹ وسطی ایشیا سے چلائے جا رہے ہیں

22 سوشل میڈیا اکاؤنٹس فتنہ الخوارج کی جانب سے چلائے جا رہے، متعدد بھارت سے آپریٹ ہو رہے ہیں، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ریاستی اداروں کیخلاف سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کرنے والے اکاؤنٹس کا سراغ لگا لیا گیا پاکستان اور ریاست مخالف سوشل میڈیا مہم چلانے والے اکاؤنٹس بھارت، وسطی ایشیا اور بھارت سے چلائے جا رہے ہیں ان میں سے 33 سرگرم ہیں۔ تحقیقاتی ذرائع کے مطابق 22 سوشل میڈیا اکاؤنٹس فتنہ الخوارج کی جانب سے چلائے جا رہے ہیں جبکہ 11 سوشل میڈیا اکاؤنٹس پاکستان مخالف عناصر چلا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مفتی نورولی اور غازی میڈیا نیٹ کے ناموں سے اکاؤنٹ ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی وی اداکار ... کا خطاب

... وضاحتی ویڈیو جاری کی ہے، جس پر لوگوں نے مخالفت اور حمایت میں تبصرے کیے۔ رکن اسمبلی دنیش کمار نے ویڈیو میں کہا کہ وہ اپنے نام سے گاڑی لے رہے ہیں، جب کہ کئی لوگ اپنے نام سے گاڑیاں نہیں لیتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ 25 سال سے ایف بی آر میں بزنس مین کے طور پر درج ہیں

پشتونخوامیپ کے جلسے کی جھلکیاں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے عظیم الشان جلسہ عام کی صدارت پشتونخوامیپ کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کی ☆ جلسہ عام سے تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے خطاب کیا ☆ جلسہ عام کی قرارداد پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے پیش کی ☆ جلسے کی سٹیج سیکرٹری کے فرائض صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان نے سرانجام دیئے ☆ محمود خان اچکزئی کی سٹیج اور تقریر کیلئے آمد کے موقع پر ان پر گل پاشی کی گئی ☆ جلسہ گاہ میں کوئٹہ اور جنوبی پشتونخوا کے دیگر اضلاع سے پارٹی کے ٹریفک کی بند ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

مکران کوچ میں آگ بھڑک اٹھی، مسافر محفوظ

اورماڑہ (یو این اے) مکران کوسٹل ہائی وے پر منگل کی صبح ایک بڑا حادثہ اس وقت پیش آیا جب جیونی سے کراچی جانے والی نجی کمپنی مسافر کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ واقعہ دلتوس چڑھائی کے مقام پر تقریباً صبح 10 بجے پیش آیا۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ نہایت تیزی سے پھیلی اور چند ہی لمحوں میں پوری بس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن کمیٹی کا اجلاس

زرغون ٹاؤن کے پی بی 43=42=41 کے امیدواروں میں ٹکٹ کی تقسیم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلدیاتی انتخابات کے تیاری کے حوالے سے زرغون ٹاؤن کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کے صدارت لہڑی ہاؤس میں منعقد ہوا اجلاس میں زرغون ٹاؤن کمیٹی ممبران پی بی 43 پی بی 42 پی بی 41 کے ٹکٹ ہولڈرز پارٹی ورکروں اور جیالوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن کمیٹی سربراہ میر لیاقت لہڑی مرکزی رہنما سابق سینیٹر لالہ روزی خان کاکڑ مرکزی رہنما حا ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

خصوصی افراد معاشرے کے ڈھانچے کا اہم حصہ ہیں، جمال شاہ کاکڑ

حقیقی ترقی اس وقت ممکن جب خصوصی افراد کو حقوق، مساوی مواقع فراہم کیے جائیں

سپیشل پرسنز کیلئے خصوصی کوٹہ اور مستحق افراد کیلئے مالی امداد و وظائف میں اضافہ کیا گیا ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عالمی یوم افراد باہم معذوری کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ معاشرے کی حقیقی ترقی اس وقت ممکن ہوتی ہے جب خصوصی افراد کو بھرپور حقوق، مساوی مواقع اور باعزت زندگی گزارنے کا ماحول فراہم کیا جائے۔ معذوری کوئی کمزوری نہیں، بلکہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان افراد کے اعتماد اور ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر عبدالرحمن کھیتران سے سابق وزیر نصیب اللہ مری ملاقات کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لائرز انڈوومنٹ فنڈ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی سائبر سیکیورٹی فریم ورک میں اصلاحات کا آغاز

ملک گیر سائبر سیکیورٹی جانچ کیلئے عالمی ادارے کی خدمات طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت آئی ٹی نے قومی سائبر سیکیورٹی فریم ورک میں اصلاحات کا آغاز کر دیا اور اس سلسلے میں ملک گیر سائبر سیکیورٹی جانچ کیلئے عالمی مشاورتی ادارے کی خدمات طلب کر لیں۔ سرکاری دستاویز کے مطابق تمام اہم اداروں کا سائبر سیکیورٹی خلا کا تجزیہ ہوگا، ملکی ڈیجیٹل ڈھانچے کا جامع جائزہ عالمی بینک کے ڈیجیٹل ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی، ڈکیتی کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مزدور جاں بحق

مسلح افراد نواز مینگل کو شدید زخمی کر کے 12 لاکھ چھین کر فرار ہونے میں کامیاب

تاجروں کا لاش سڑک پر رکھ کر احتجاج، ٹریفک معطل ہونے کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) غلہ اناج منڈی ڈیرہ مراد جمالی میں ڈکیتی کا واقعہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مزدور جاں بحق تاجروں نے قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا پولیس کے مطابق غلہ اناج منڈی ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد نے ڈکیتی کی کوشش کی جس پر مزاحمت کرنے پر مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں مزدور محمد نواز مینگل شدید ز ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مکمل دستاویزات رکھنے والے مسافروں کو سفر سے نہیں روکا جائیگا، محسن نقوی

صرف انہی مسافروں کو بیرون ملک جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی جن کے پاس اصلی اور مکمل دستاویزات نہیں

وزیر داخلہ کا امیگریشن کاؤنٹرز پر مسافروں کے سفری ریکارڈ کو شناختی کارڈ اور پاسپورٹ سے منسلک کرنے کے نظام کا معائنہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایسے مسافروں کو جن کے پاس مکمل دستاویزات ہوں، سفر سے نہیں روکا جا رہا۔ گزشتہ روز لاہور ایئرپورٹ کے دورے کے دوران انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مسافر جس کے پاس مکمل سفری دستاویزات ہیں، اسے سفر سے نہیں روکا جا رہا اور نہ ہی روکا جائے گا۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ نامکمل یا جعلی دستاویزات رکھنے والے مسافروں کو بالکل سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ محسن نقوی کی یقین دہانی اور انتہا حالیہ رپورٹس کے بعد آئے ہیں، جن میں بیرون ملک جانے والے مسافروں کو ایئرپور ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ماحولیاتی نظام کی بہتری کیلئے درختوں کی افادیت سے انکار ممکن نہیں، چیف سیکرٹری

حکومت نے سریاب روڈ پر ایک اہم شہری جنگلاتی منصوبے کا اعلان کیا ہے جو 63 ایکڑ اراضی پر محیط ہوگا، شکیل قادر خان

یہ منصوبہ قدرتی پودوں کو شہری انفراسٹرکچر کے ساتھ مربوط، آلودگی اور گرمیوں میں درجہ حرارت برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہوگا

اربن فاریسٹ منصوبے میں رہائشی و کمرشل علاقے تعمیر جس میں ہسپتال، سکول، پارکنگ اور مال شامل ہیں، اجلاس میں چیف سیکرٹری کو بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اربن فاریسٹ کے قیام کے حوالے سے اجلاس منعقد جس میں شہری علاقوں میں جنگلات کے فروغ سے متعلق منصوبوں پر غور و خوض کیا گیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت نے سریاب روڈ پر ایک اہم شہری جنگلاتی منصوبے کا اعلان کیا ہے جو کہ 63 ایکڑ اراضی پر محیط ہوگا، اس سبز اقدام کا مقصد شہری ماحولیاتی نظام میں بہتری لانا ہے، اس منصوبے میں ہزاروں درخت کو لگانے ہدف ہے تاکہ عوام کیلئے قابل رسائی سرسبز جگہ میسر آ سکے، انہو ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نواب ایاز جوگیزئی، ایڈووکیٹ ساجد ترین، اخونزادہ حسین یوسفزئی، عبدالرؤف لالا، خالد چوہدری ایڈووکیٹ، عبدالرحیم زیارتوال، داؤد شاہ کاکڑ و دیگر خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی برسی پر جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

میرٹ کی پاسداری فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرتی ہے، آئی جی بلوچستان

بی سی میں 150 جوانوں کی بھرتی سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر کی گئی جو صوبے میں گڈ گورننس کی جانب اہم پیش رفت ہے، محمد طاہر

حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس کے محاذوں پر مسلسل مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے میرٹ اور شفافیت یقینی بنانا اولین ترجیح ہے

مستقبل میں بھی ہونہار نوجوان پولیس فورس کا حصہ بن کر صوبے میں امن، ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے، انسپکٹر جنرل پولیس

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی بھرتی مکمل طور پر سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے، جو صوبے میں گڈ گورننس اور شفاف بھرتی نظام کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے آئی جی پولیس بلوچستان نے میرٹ پر مبنی بھرتیوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی اور کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں شاباش دی انہوں نے کہا کہ اداروں کی مضبوطی، شفافیت اور میرٹ کی پاسداری فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرتی ہے آئی جی پولیس بلوچستان نے مزید کہا ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ اپنے فنڈ سے مستحقین کو سولر سسٹم دے رہی ہیں

ڈیرہ اللہ یار، شہید ایف سی اہلکار کی نمازِ جنازہ ادا

بہادر شاہ بخاری قبرستان میں فوجی اعزاز کیساتھ سپردِ خاک

جعفرآباد (اے این این) ڈیرہ اللہ یار میں شہید ایف سی اہلکار کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں ایف سی ونگ 114 کے کرنل رضوان طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفرآباد حضور بخش مگسی، سماجی رہنما میر لعل خان بادینی سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہید اہلکار کو بہادر شاہ بخاری قبرستان میں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

جھالاوان کے منصوبوں میں سست روی قبول نہیں، امیر حمزہ زہری

خضدار کی ترقی و خوشحالی اولین ترجیح اس کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، صوبائی مشیر

صوبائی مشیر کی اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے صوبائی اسمبلی کے رکن اور اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے تخت جھالاوان خضدار میں اہم ملاقات کی ملاقات میں خضدار کے بلدیاتی امور، شہر کے دیرینہ مسائل اور ترقیاتی چیلنجز پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا دونوں رہنماؤں نے شہر کی بنیادی سہولیات کی بہتری ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار: صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور یونس عزیز زہری ملاقات کر رہے ہیں

ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور پر خودکش حملے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت

پشاور (بیورو رپورٹ) ایف سی ہیڈکوارٹر پشاور پر خودکش حملے کی تحقیقات میں پیش رفت سامنے آئی ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس کے مطابق ایف سی ہیڈکوارٹر حملے کی منصوبہ بندی کراس دی بارڈر ہوئی ہے۔ اسی طرح اسلام آباد دھماکے کے تانے بانے بھی ایف سی ہیڈکوارٹر حملے سے مل رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں حملوں میں بارودی مواد اور جائے وقوع تک رسائی کی حکمت عملی یکساں رہی جب کہ دہشت گردوں کی خودکش جیکٹس تک رسائی میں بھی مماثلت پائی گئی ہے۔

نیتن یاہو کا ٹرمپ سے رابطہ، حماس کو غیر مسلح کرنے پر تبادلہ خیال

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا امریکی صدر ٹرمپ سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، اسرائیلی وزیراعظم دفتر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے غزہ کو عسکریت سے پاک اور حماس کو غیر مسلح کرنے کے عزم پر تبادلہ خیال کیا۔ اسرائیلی وزیراعظم دفتر کے مطابق ٹیلیفونک رابطے میں امن معاہدے کو آگے بڑھانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ صدر ٹرمپ نے وزیراعظم نیتن یاہو کو مستقبل قریب میں وائٹ ہاؤس مدعو کر لیا، اس سے پہلے ٹرمپ نے ایک بیان میں اسرائیل پر شام سے تعلقات بہتر بنانے پر بھی زور دیا تھا۔

مسائل کا حل ترجیح، عوام کی فلاح و بہبود میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے، مولانا ہدایت الرحمن

امید ہے تو تعینات ڈی سی گوادر عوام کی فلاح و بہبود کے کاموں میں کوئی کسر نہ چھوڑتے ہوئے خصوصی اقدامات اٹھائیں گے، ایم پی اے

صوبائی امیر جماعت اسلامی کا رات گئے انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ، وارڈز میں مریضوں کی عیادت، درپیش مسائل سے آگاہی حاصل کی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی نو تعینات ڈپٹی کمشنر گوادر سے ملاقات، گوادر میں خوش آمدید اور عوام کی بہتری کیلئے خصوصی کوششوں پر امید کا اظہار۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے نو تعینات ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سے ان کے آفس میں ملاقات کی اور انہیں گوادر تعیناتی پر خوش آمدید کہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ ضلع گوادر کے عوام کی فلاح و بہبود میں کوئی کسر نہ چھوڑتے ہوئے خصوصی اقدامات کئے جائیں گے اس کے علاوہ ضلع گوادر کے عوام کو ...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جعلی نوٹیفکیشن کی وضاحت کر دی

نوٹیفکیشن میں سوشل میڈیا گروپس سے غیر ملکی ممبرز کو نکالنے کی ہدایت کی گئی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اس جعلی نوٹیفکیشن کی تردید کی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سوشل میڈیا گروپس کے منتظمین کو غیر ملکی ممبرز کو گروپس سے ہٹانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جعلی نوٹیفکیشن کی وضاحت کر دی۔ سوشل میڈیا پر ایک جعلی نوٹیفکیشن میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ پی ٹی اے نے مبینہ طور پر سوشل میڈیا گروپس کے منتظمین کو غیر ملکی ممبر ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ، فلائی پاسٹ کا شاندار مظاہرہ

پاس آؤٹ ہونیوالوں میں 151 جی ڈی پی، 97 انجینئرنگ اور 108 ویں ایئر ڈیفنس کورسز کے کیڈٹس شامل

رسالپور (بیورو رپورٹ) پاکستان ایئر فورس اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستان ایئر فورس کے فائٹرز نے فلائی پاسٹ کا شاندار مظاہرہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر پریڈ کے مہمان خصوصی تھے، اس موقع پر کیڈٹس کی جانب سے پریڈ میں اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا گیا۔ پی اے ایف اکیڈمی رسالپور سے پاس آؤٹ ہونے والوں میں 151 جی ڈی پی، 97 انجینئرنگ اور 108 و ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں موبائل انٹرنیٹ سروس معطل، طلباء و تاجر پریشان

سیکورٹی خدشات کے پیش نظر اقدام اٹھایا گیا ہے، محکمہ داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ داخلہ بلوچستان نے شہر میں بڑھتے ہوئے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل انٹرنیٹ سروس معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے نتیجے میں شہری، طلباء، صحافی اور کاروباری حضرات اپنے روزمرہ کے کام میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آن لائن بینکنگ، تعلیمی سرگرمیاں اور صحافتی رپورٹنگ متاثر ہوئی ہے، جبکہ کاروباری شعبے کو آن لائن ٹرانزیکشنز میں رکاوٹ کا سامنا ہے۔ محکمہ داخلہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ حفاظتی اقدامات کو سمجھیں اور ضروری کام کے لیے متبادل ذرائع استعمال کریں۔ سیکورٹی ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد 18 ملین تک پہنچ گئی

معیشت بہتر بنانے کی دعویدار حکومت ملکی آبادی کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بری طرح ناکام

پچھلے 24 سالوں میں آئی ایم ایف نے جو الفاظ استعمال نہیں کیے وہ اب کیے ہیں، سابق وفاقی وزیر خزانہ

لاہور (م ڈ) ملک میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد ہوشربا 1 کروڑ 80 لاکھ ہو گئی، معیشت بہتر بنانے کی دعویدار شہباز حکومت ملکی آبادی کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بری طرح ناکام ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر خزانہ اور معروف ماہر معیشت ڈاکٹر حفیظ پاشا کی جانب سے انکشاف کیا گیا ہے کہ افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ بے روزگار نوجوانوں کی تعداد 18 ملین تک پہنچ گئی ہے۔ پچھلے 24 سالوں میں آئی ایم ایف نے جو الفاظ استعمال نہیں کیے وہ اب کیے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایلیٹ کیپچر یعنی اشرافیہ جو ملک کیلئے نہیں بلکہ ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان کو دورہ کے موقع پر لائیو سٹاک افسران بریفنگ دے رہے ہیں

کئی روز اضافے کے بعد پاکستان میں سونا ہزاروں روپے سستا

فی تولہ سونے کی قیمت میں 2700 روپے کی کمی، 10 گرام سونا بھی سستا ہو گیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان اور عالمی مارکیٹ میں حالیہ دنوں میں سونے کی قیمتوں میں مسلسل اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ پاکستان میں آج فی تولہ سونے کی قیمت میں 2700 روپے کی کمی ہوئی ہے۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمتیں 9 روز کے وقفے کے بعد آج کم ہو گئیں۔ آل پاکستان صرافہ جیولرز ایسوسی ایشن نے رپو ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی، گرلز کالج کے قریب سے لاش برآمد

نوشکی (آن لائن) نوشکی گرلز کالج کے قریب ایک شخص کی لاش برآمد، تفصیلات کے مطابق منگل کے روز گرلز کالج کے پاس سے مردہ حالت میں ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی شناخت محمد خان کے نام سے ہوئی

بلوچستان عدم توجہی کے باعث سہولیات سے محروم ہے، عثمان بادینی

کسی حکومت نے بلوچستان کو اپنی بنیادی پالیسیوں میں شامل ہی نہیں کیا، رہنما جمعیت

اہم پراجیکٹ کیلئے بننے والی سڑکوں کا فائدہ عوام کو میسر نہیں، قومی اسمبلی کے اجلاس میں خطاب

اسلام آباد (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما رکن قومی اسمبلی انجینئر عثمان بادینی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو جو ملک کے کل رقبے کا 40 فیصد ہے قیام پاکستان سے لیکر اب تک حکمرانوں کی عدم توجہی کی وجہ سے بنیادی سہولیات سے محروم ہے، یہاں روزگار ہے نہ ہی عوام کو کوئی بنیادی سہولت میسر ہے۔ رابطہ سڑکوں کا وہ حال ہے کہ ایک گھنٹے کا سفر 10 گھنٹوں میں طے کرنا پڑتا ہے، کسی حکومت نے بلوچستان کو اپنی بنیادی پالیسیوں میں شامل ہی نہیں کیا، ان کا مقصد صرف یہاں کے وسائل پر قبضہ کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی کے ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

حب: صوبائی وزیر میر علی حسن زہری اور ثمینہ ممتاز زہری کا جرمن کمپنی کی ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

کالعدم تنظیموں کی سافٹ امیج بنانے کی کوششیں جاری ہیں، جمال رئیسانی

بلوچستان کے نام پر چلنے والے اکاؤنٹس بیرون ملک سے آپریٹ ہو رہے تھے، بیرونی قوتیں انتشار پھیلانے کی کوششیں کر رہی ہیں، رکن اسمبلی

بلوچستان اور ملک میں امن کیلئے منفی کارروائیوں اور پروپیگنڈوں کو ناکام بنانا ضروری ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی جمال رئیسانی نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات کوئی نیا معاملہ نہیں، اس سے قبل بھی ایسے کئی کیسز سامنے آ چکے ہیں جن میں خواتین کو بلیک میلنگ کے ذریعے خودکش کارروائیوں پر مجبور کیا گیا انہوں نے کہا کہ یہ واقعات ایک منظم منصوبہ بندی کا حصہ محسوس ہوتے ہیں جمال رئیسانی کا کہنا تھا کہ حال ہی میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری لوکیشن فیچر سے یہ بات سامنے آئی کہ بلوچستان کے نام پر چلنے والے متعدد اکا ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا کو اعتماد بحالی کیلئے سفارتکاری کا آغاز کرنا ہوگا، ایران

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کو ہمارا اعتماد بحال کرنے کے لیے سفارتکاری کا دوبارہ سے آغاز کرنا ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انہوں نے یہ بات جاپانی ہم منصب سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ اسرائیل اور ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ایئربس کے نئے طیاروں میں بڑی خامی کا انکشاف

طیاروں کے فیوزلاج پینلز کو متاثر ہو رہے ہیں، ڈیلیوری میں تاخیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایئربس کے اے 320 فیملی کے چند درجن طیاروں میں صنعتی معیار سے متعلق ایک مسئلہ دریافت ہوا ہے، جو طیاروں کے فیوزلاج پینلز کو متاثر کر رہا ہے۔ اس پیداواری خامی کے باعث کچھ نئے طیاروں کی ڈیلیوری میں تاخیر ہو رہی ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نے ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ کیلئے اہم کردار ادا کیا، مولانا عبدالرحمان رفیق

حقوق اقلیت بل سے سیکشن 35 کا خاتمہ جے یو آئی کی اصولی سیاست کی کامیابی ہے، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت بل 2025ء سے سیکشن 35 کے اخراج پر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے قائد جمعیت کو مبارکباد، قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت بل 2025 سے سیکشن 35 کے اخراج اور اس بل میں قادیانی لابی کے لئے کسی بھی ممکنہ ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی پالیسی سے انحراف، سینیٹر سیف اللہ ابڑو کو شوکاز نوٹس جاری

سینیٹر نے 27 ویں ترمیم کے موقع پر پارٹی ہدایات کے برعکس ووٹ دیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی جانب سے 27 ویں ترمیم میں پارٹی پالیسی سے انحراف پر پی ٹی آئی نے سینیٹر کو ترمیم کے حق میں ووٹ دینے پر شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ شوکاز نوٹس کی کاپی چیئرمین سینیٹ سیکرٹریٹ میں بھی جمع کروا دی ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کرپشن کی پرواہ نہیں، حکمران ملکی وسائل لوٹنا جرم ہی نہیں سمجھتے، جمعیت نظریاتی

"میں نہ مانوں" والا رویہ ترک اور جماعتوں کو اعتماد میں لیکر مسائل سیاسی طور پر حل کرنا ناگزیر ہے، مولانا عبدالقادر لونی

حکمران اقتدار کو طول دینے کی تگ و دو میں پارلیمنٹ کی بجائے قوتوں کے فیصلے مسلط کر رہے ہیں، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ ملک میں بدحالی کی آئی ایم ایف کے کرپشن کے حوالے سے رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ ملک کی پرواہ کسی کو نہیں ملکی وسائل کو لوٹنا حکمران طبقہ جرم نہیں سعادت سمجھتے ہیں اور دوسری طرف حکمرانوں کی غلط پالیسیوں سے ملک جل رہا ہے ملک کو درپیش بحران سے ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر